علمی وتحقیقی مجلہ

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ سورة يوسف (108)

البصیرة

ششماہی

جلد ۲ شمارہ ۴ دسمبر ۲۰۱۳ء

NATIONAL UNIVERSITY OF MODERN LANGUAGES

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

علمی وتحقیقی مجلہ

البصیرۃ

ششماہی

ISSN: 2222-4548

جلد:۲ شمارہ:۴

دسمبر ۲۰۱۳ء

سرپرست اعلیٰ:

میجر جنرل (ر) مسعود حسن

ریکٹر، نمل

سرپرست:

بریگیڈیر اعظم جمال

ڈائریکٹر جنرل، نمل

مدیر:

ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، پاکستان

ناشر: شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

طباعت: نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

جلد: ۲ **شمارہ: ۴**

دسمبر ۲۰۱۳ء

تعداد: ۳۰۰

قیمت: اندرون ملک: =/ ۳۰۰ روپے بیرون ملک: =/ ۱۰ ڈالر

معاونین:

- **ڈاکٹر نور حیات**
- **ارم سلطانہ**

خط و کتابت کے لئے ...

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر، مجلہ البصیرۃ

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

Ph: OO92 051-925764650 EXT (251)

E-mail: agbukhari@numl.edu.pk

Web-site: www.numl.edu.pk

فہرست موضوعات

- ادارتی پالیسی v
- مقالہ کی اشاعت کیلئے قواعد وضوابط vi
- مجلسِ ادارت (قومی وبین الاقوامی) viii
- مجلسِ مشاورت ix
- شرکاءمقالہ نگار x
- اداریہ xi

اردو مضامین

- سرکاری مناصب وذرائع کا ذمہ دارانہ استعمال 1

  ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری
- زیب وزینت میں لباس کی شرعی حیثیت 33

  سبین اکبر
- دورِ جدید میں میڈیا کی ضرورت واہمیت اور حقیقت احوال 51

  ڈاکٹر نور حیات خان
- اسلامی معیشت اور امداد باہمی کا تصور 85

  عافیہ مہدی
- عورتوں کے حقوق اسلامی تعلیمات کی روشنی میں 103

  ڈاکٹر حافظ محمد بادشاہ

عربی مضامین

المفتي: شروطه وآدابه 123

د. الضيف نطور

قواعد التفسير نشأتها وتطورها 147

د. سميع الحق / نصر من الله

روايات الضعفاء الموثقين في شيخ معين في الصحيحين والمجتبى 167

د. فتح الرحمن القرشي

زواج المسيار: حقيقته وحكمه 201

د. محمد الياس

انگریزی مضامین

A true vision of Human Rights in Islam 1

Dr. Atique Tahir / Attaullah Mahmood Wattoo

Defending Prophet's Integrity 21

Dr. Uzma Begum

البصیرۃ: ادارتی پالیسی

البصیرۃ خالصۃً اسلامی علوم وفنون سے وابستہ تحقیقی مجلہ ہے۔ جو علمی و تحقیقی دنیا کے لئے نمایاں نوعیت کا حامل ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالات کے متعلق ادارتی پالیسی حسب ذیل ہے:

- البصیرۃ میں شائع ہونے والے مقالات کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ واصول فقہ، تقابل ادیان، علم کلام وتصوف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت وتمدن اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہیئں۔
- البصیرۃ ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ (جون اور دسمبر میں) شائع ہو گا۔
- البصیرۃ میں اشاعت کی غرض سے بھیجے گئے مقالات کا تجزیہ دو منظور شدہ ماہرین سے کروایا جائے گا۔ جس میں ایک تبصرہ نگار ملکی اور دوسرا غیر ملکی ہو گا۔ ڈی، جی نمل کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لئے بھیجا جائے گا۔
- البصیرۃ کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے جملہ قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔
- البصیرۃ میں مقالہ کی اشاعت کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
- البصیرۃ کی ادارتی مجلس کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
- البصیرۃ ادارہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلس ادارت یا نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پر نہیں، بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔
- البصیرۃ کو موصول مقالات (شائع ہونے یا نہ ہونے) کسی صورت میں واپس نہیں کئے جائیں گے۔
- البصیرۃ کی دو عدد کاپیاں شرکاء مقالہ نگاروں کو فراہم کی جائیں گی۔

البصیرۃ میں مقالہ کیلئے قواعد و ضوابط

عمومی قواعد:

۱۔ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور اس کی طوالت ۲۵ صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۲۔ کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے:

(i) فصل یا مبحث کے لئے فانٹ سائز:۱۸

(ii) ذیلی فصول کے لئے فانٹ سائز:۱۶

(iii) مقالے کے متن کے لئے فانٹ سائز:۱۴

۳۔ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لئے نہ دیا گیا ہو۔

۴۔ مقالہ تحقیق کے اصولوں کے عین مطابق ہونا چاہیے۔ نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو۔ نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہونا چاہیئے۔

۵۔ املاء وانشاء کے رموز و قواعد کا التزام ضروری ہے۔

۶۔ مقالہ کی تین مطبوعہ کاپیاں (Hard copies) اور ایک سافٹ کاپی مطلوب ہو گی۔

۷۔ مقالہ نگار دو سو پچاس (۲۵۰) الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

۸۔ مقالہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔

۹۔ اغلاط سے حتیٰ الامکان اجتناب کیا جانا چاہیئے۔

ترتیب و تدوین کے قواعد:

تحقیقی مقالہ درج ذیل امور پر مشتمل ہونا چاہیے:

۱۔ **خلاصہ (Abstract)**

اس میں بالاختصار مضمون کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ اور یہ انگریزی زبان میں لکھنا ہو گا۔

۲۔ **تعارف (Introduction)**

اس میں تحقیق کا مقصد، طریقہ کار، امتیازی خصائص اور مقالے کا تعارف مختصراً پیش کیا جانا چاہیے۔

۳۔ **کلیدی الفاظ(Keywords)**

مقالے سے متعلق موضوع کی مناسبت سے پانچ کلیدی الفاظ شامل کیجیے۔

۴۔ **نتائج(Conclusion)**

مقالہ میں نتائج بحث منطقی ترتیب و تسلسل کے ساتھ پیش کرنے چاہیے۔

۵۔ **بحث(Discussion)**

مقالہ کے اس حصے میں مقالہ نگار اپنے تحقیق سے متعلقہ مواد تفصیلاً پیش کرے گا۔

۶۔ **حوالہ جات(References)**

حوالہ جات دینے کے لئے درج ذیل ہدایات ملحوظ رکھنی چاہیے:

i) حوالہ جات بحث کے آخر میں دیئے جائیں۔

ii) مقالہ کے حواشی اور حوالہ جات کی ترتیب میں شکاگو مینوئل سٹائل(Chicago Manual Style) کو بروئے کار لایا جائے۔

iii) کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر اور مقام اشاعت، سن اشاعت وغیرہ اور اس کے بعد صفحہ، جلد نمبر درج کریں۔ مثلاً ابن کثیر، **تفسیر القرآن العظیم**، دار صادر، بیروت، ۱۳۵۴ھ ص:۲/ ۳۱۲

iv) ایک ہی حوالہ متعدد جگہوں پر دینا مقصود ہو تو اختصار کے اسلوب تحقیق میں معروف رموز واشارات کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

v) مقالہ میں موجود تمام قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر ہونے چاہیے۔ آیات کا حوالہ دینے کے لئے درج ذیل طریقہ اختیار کیا جائے۔ مثلاً **سورۃ النساء**:۴/ ۱۸۴

vi) تمام احادیث کی تشریح کریں اور اُس کے لئے درج ذیل مثال کو مد نظر رکھیں:

البخاری، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب إفشاء السلام من الإسلام، حدیث نمبر:۲۹، دارالسلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، ص:۱/ ۸

vii) مقالہ میں مذکور تمام غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں اور اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتب سے حوالہ جات دیں۔

مجلس ادارت:

(قومی)

- **پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری**، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- **پروفیسر ڈاکٹر سہیل حسن**، ڈائریکٹر ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی**، ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر احمد جان**، صدر شعبہ دعوت واسلامی ثقافت، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ پشاور یونیورسٹی، پشاور
- **پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد**، ڈائریکٹر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- **پروفیسر ڈاکٹر حماد لکھوی**، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

(بین الاقوامی)

- **پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف درویش**، پریزیڈنٹ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد شکری صالح**، ڈائریکٹر اسلامی ترقیاتی مینجمنٹ یوایس ایم، ملائشیا
- **پروفیسر ڈاکٹر صہیب حسن**، سیکرٹری شریعہ کونسل، لندن، برطانیہ
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد حفیظ ارشد**، ڈائریکٹر ہائر لرننگ سنٹر، برطانیہ
- **پروفیسر ڈاکٹر خادم حسین الٰہی بخش**، طائف یونیورسٹی، سعودی عرب
- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز بن مبروک الأحمدی**، مدینہ یونیورسٹی، سعودی عرب
- **پروفیسر ڈاکٹر برکات دیب**، ازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر
- **پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی**، اُم درمان اسلامی یونیورسٹی، سوڈان

مجلس مشاورت:

- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- **پروفیسر ڈاکٹر عطاءاللہ فیضی**، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **پروفیسر بریگیڈیر (ر) واثق احمد**، صدر شعبہ پاک اسٹڈیز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر تاج الدین ازہری**، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر مستفیض علوی**، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور لیڈز یونیورسٹی، لاہور
- **پروفیسر ڈاکٹر فضل ربی**، چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید عباسی**، صدر شعبہ قرآن وتفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد**، شعبہ علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- **پروفیسر ڈاکٹر محمد عبداللہ**، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر طاہر محمود**، سابق صدر شعبہ ہومینیٹیز، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر محمد الیاس**، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر حافظ عبدالقیوم**، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- **ڈاکٹر محمد ریاض وردگ**، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ و مطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- **ڈاکٹر عبدالعلی اچکزئی**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ
- **ڈاکٹر خلیق الرحمان**، شعبہ اسلامی فکر وتہذیب، یونیورسٹی آف منیجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

شرکاء مقالہ نگار

- **ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری**، اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، نمل، اسلام آباد
- **سبین اکبر**، اسسٹنٹ پروفیسر (اسلامیات)، بلوچستان یونیورسٹی آف آئی۔ٹی اینڈ منیجمنٹ سائنسز، کوئٹہ
- **ڈاکٹر نور حیات خان**، اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد
- **عافیہ مہدی**، لیکچرار اسلامک سٹڈیز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد
- **ڈاکٹر حافظ محمد بادشاہ**، لیکچرار شعبہ عربی، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد
- **ڈاکٹر الضیف نطور**، اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر سمیع الحق**، ایسوسی ایٹ پروفیسر، سابق صدر شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **نصر من اللہ**، لیکچرر، فیکلٹی امام ابو حنیفہؒ، شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، پشاور
- **ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر محمد الیاس**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر عتیق طاہر**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **عطاء اللہ وٹو**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- **ڈاکٹر عظمیٰ بیگم**، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج برائے خواتین، راولاکوٹ، آزاد کشمیر

اداریہ

زیر نظر مجلہ البصیرۃ کا چوتھا شمارہ قارئین کرام کے لئے پیش خدمت ہے۔ الحمد للہ البصیرۃ اپنی اشاعت کا دوسرا سال انتہائی کامیابی کے ساتھ مکمل کر چکا ہے۔

البصیرۃ کو دو سال مکمل ہونے پر ادارہ تمام حضرات خصوصاً ریکٹر نمل میجر جنرل (ر) مسعود حسن اور ڈائریکٹر جنرل نمل بریگیڈیر اعظم جمال کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ ان حضرات کی سرپرستی اور مکمل تعاون شامل حال ہونے سے ہی احسن طور پر یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچ سکا۔ جزاھم اللہ خیرا

یہ امر خوش آئند ہے کہ البصیرۃ کو گذشتہ دو سالوں سے مسلسل اور بروقت شائع ہونے اور ساتھ ہی اس کی مقبولیت میں اضافہ ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ قارئین و علمی حلقوں سے داد و تحسین بلاشبہ ادارہ کے لئے نہ صرف اطمینان کا باعث ہے بلکہ ایک اعزاز بھی ہے۔ در اصل ہمارے پیش نظر تحقیق کی دنیا میں البصیرۃ کو اعلی معیار پر قائم کرنا ہے۔ جس کے لئے ادارہ البصیرۃ شب و روز کوشاں ہے۔ اور مستقبل میں بھی اپنے اس معیار میں تحقیقی و فنی اعتبار سے مزید بہتری لانے کا خواہشمند ہے۔ جس کے لئے آپ کے مفید مشوروں اور تجاویز کا شدّت سے انتظار رہے گا۔

اس سلسلے میں ادارہ کی یہ کوشش رہے گی کہ ہائر ایجو کمیشن (HEC) کے قائم کردہ کوالٹی اور تحقیقی معیار کو بہر صورت برقرار رکھتے ہوئے اپنا علمی و تحقیقی سفر جاری رکھا جائے اور بہتر سے بہتر مواد کو قارئین کرام کے سامنے پیش کیا جاتا رہے۔ اس لئے ہماری ارباب دانش و بینش، محققین، اساتذہ کرام و دیگر قارئین سے استدعا ہے کہ وہ عصر حاضر کے علوم اسلامیہ سے متعلق اچھوتے اور علمی اہمیت کے حامل جدید مسائل و چیلنجز کا علمی و فکری حل تحقیقی انداز میں پیش کرنے کے لئے ہماری معاونت کریں اور معیاری مقالات ارسال کریں۔

مجلہ ہذا میں ان تمام تحقیقی مقالات و مضامین کو شامل کیا گیا ہے جو البصیرۃ کی پالیسی کے مطابق اور ہائر ایجو کمیشن کے (QEC) کی سفارشات کے مطابق ہیں۔ لہذا جن مقالہ نگاروں کے مقالات اس شمارہ میں شامل نہ ہوسکے، ہم ان سے معذرت خواہ ہیں۔

البصیرۃ کو موصول شدہ بیسیوں تحقیقی مقالات میں سے صرف گیارہ مقالات کا پیئر ریویو (Peer Review) کے ذریعے انتخاب کیا گیا ہے جن میں سے پانچ اردو، چار عربی اور دو انگریزی تحقیقی مقالات شامل کئے گے ہیں، جو کہ در حقیقت مختلف شعبہ ہائے جات سے وابستہ بہترین اسکالرز کی تحقیقی کاوشوں کا ثمرہ ہیں اور البصیرۃ کے زیر نظر شمارہ کی زینت بنے ہیں۔ جو فی الواقع عصر حاضر کے جدید مسائل و چیلنجز کے تعارف اور حل کا ذریعہ بنے گے اور تحقیق کی دنیا میں محققین اور عام قارئین کے لئے علمی اور تحقیقی رہنمائی میں بھی کلیدی کردار ادا کرسکے گا۔

قارئین کرام کی سہولت اور بین الاقوامی معیار کے پیش نظر مجلہ ہذا کے تمام شمارہ جات نمل یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.numl.edu.pk پر اَپ لوڈ کردیئے گئے ہیں ۔

میں اس شمارہ کی طباعت کے سلسلہ میں ریکٹر نمل اور ڈی جی نمل کے تعاون و سرپرستی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ علاوہ ازیں جن اساتذہ اور محققین نے مقالات مرتب کئے ہیں اور مجلہ کی ترتیب و تدوین میں محمد عابد حسن نے جو اہم کردار ادا کیا ہے، میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اس شمارہ میں جو بھی خوبی اور اچھائی ہے وہ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ہے اور جو کمی اور کوتاہی یا نقص ہے وہ ہماری کم علمی کی وجہ سے ہے۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ البصیرۃ کو مزید پذیرائی اور مقبولیت عطاء فرمائے (آمین)۔

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر البصیرۃ

سرکاری مناصب وذرائع کا ذمہ دارانہ استعمال

(تعلیمات نبوی کی روشنی میں)

Responsible Use of Official Positions & Sources (in the light of prophetic teachings)

ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری *

ABSTRACT

Allah is the real owner of sovereignty and ruler of the universe. He honored the man in this world being His representative. The position awarded to Man is itself a very important responsibility. He cannot fulfil his obligations until he may be in a position to maintain balance between his rights and duties. This approach based on moderation is a realistic demand from the ruler and the people to be ruled as well. Ruler should use this authority with care.

Ruler of a country possesses official authority as a sacred responsibility. Coming to a broader sense, one can say that all government and non-government positions and offices have been delegated powers and authorities. So it is necessary to use them responsibly. On the contrary, if these authorities are abused, entire social system will be spoiled.

Prophet (ﷺ) of Islam was the first ruler who set such ethical standards that should be followed by the rulers of the world. Therefore, it is important that eligible individuals be appointed to important positions. We have clear and practical guidance from teachings of Prophet Muhammad (ﷺ) in this regard.

Keywords: Sovereignty, Official Authority, Ruler, Allah's representative.

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو یجز، اسلام آباد

اللہ رب العالمین اس کائنات کا خالق اور مالک ہے۔ وہی اقتدار اعلیٰ کا مالک اور حاکم حقیقی ہے۔ اسی کا حکم ہر شئی پر رواں دواں ہے۔ اسی نے انسان کو اس دنیا میں اپنا نائب اور خلیفہ ہونے کا اعزاز بخشا ہے۔ انسان کا یہ منصب بذات خود بہت بڑی اور اہم ذمہ داری ہے، وہ اپنی ذمہ داریوں سے اس وقت صحیح طور پر عہدہ برآ نہیں ہو سکتا جب تک وہ حقوق و فرائض کی ادائیگی میں توازن واعتدال قائم نہ کر سکے، اعتدال و توسط پر مبنی یہ رویہ اس امت کی شان رفعتی اور پہچان بھی ہے جو اس سے ہر معاملے میں مطلوب ہے خواہ حاکم ہو یا محکوم، راعی ہو یا رعیت، حاکم کو خود کو راعی سمجھ کر اس امانت کا استعمال کرنا چاہیے۔

ملک کے سربراہ کے پاس حکومت ایک مقدس امانت اور ذمہ داری ہے اور یہ امانت صرف یہی تک محدود نہیں بلکہ اس میں تمام سرکاری اور غیر سرکاری مناصب اور عہدے امانت ہیں۔ ان کا ذمہ دارانہ استعمال بے حد ضروری ہے۔ مناصب اور عہدے عوام کی طرف سے حکمرانوں اور سربراہان کے پاس جمع شدہ چھوٹی بڑی امانتوں کا مجموعہ ہوتے ہیں یہ امانتیں حقوق کی شکل میں بھی ہو سکتی ہیں اور مملکت کے ذمہ داران ایک منشی بن کر ان حقوق کی حفاظت کرتے ہیں، اگر ان مناصب سے غفلت برتی جائے یا ان کا ناجائز استعمال کیا جائے اور مناصب کو اپنی طاقت اور پیسہ کے زور پر نااہل کے سپرد کر دیا جائے تو ملک ہر طرح سے تباہی کا شکار ہو کر معاشرہ ظلم کی وجہ سے بگاڑ کی طرف نکل جاتا ہے، اسلئے ضروری ہے کہ مناصب پر اہل افراد کا تقرر کیا جائے اس سلسلے میں ہمیں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات سے واضح راہنمائی ملتی ہے۔ تمام مناصب اور ان کی امانتوں کی بہترین ادائیگی اپنی رعیت ہو یا دیگر سب کو عملاً کر کر دکھانے والی وہ ہستی سیدنا محمد مصطفی ﷺ کی ہے۔

آپ ﷺ قرآن کے تابع اور مطلوبہ معیار کے وہ پہلے حاکم وراعی اور خلیفہ تھے، جنہوں نے اخلاق و کردار میں وہ معیارات قائم کیے ہیں، جو دنیا والوں کے لیے سنت مطاع ہیں اور نبوت کی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے امانت و دیانت، صداقت اور شہادت کے فلسفے کے اعلیٰ معیارات، نشانات راہ اور سنگ میل متعین فرما کر دنیا سے رخت سفر باندھا، حکمران ہو تو ایسا ہو جو زیر دستوں کو زبردستوں کے استبداد سے بچاتا ہے۔

خلفائے راشدین اولی الامر تھے اور آپ ﷺ کے نقش قدم پر کار بند تھے ۔ انہوں نے قرآن کے مطلوبہ نظام خلافت کو جاری وساری فرمایا، اس لئے اس عہد مبارک کے درخشاں پہلوؤں کو بطور استشہاد بیان کیا جارہاہے۔

مقالہ ہذٰا میں طائرانہ جائزہ لیا جارہاہے کہ آنحضرت ﷺ نے بطور حاکم، راعی اور خلیفہ کی حیثیت سے یہ ذمہ داریاں کیسے نبھائی ہیں؟ اس بارے آپ ﷺ کی تعلیمات کیا ہیں؟ جو رہتی دنیا کے لیے مینارہ نور ہیں۔ آپ ﷺ چونکہ قرآن مجید کا چلتا پھرتا نمونہ تھے اس لئے اللہ تعالی نے آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنانے کا حکم دیا ہے۔

الفاظ (سرکاری، مناصب،وذرائع) کے لغوی واصطلاحی مفاہیم

۱: سرکاری کالغوی واصطلاحی مفہوم:

لغوی مفہوم: سرکاری کے لئے عربی میں الحُکومۃُ کا لفظ **مستعمل** ہے،ابن فارس کہتے ہیں: **"الحاء والکاف والمیم، أصل واحد وهو المنع يقال "حكم الرجل عن الظلم" ای ردُّ الرَّجُل عن الظلم"**[۱] (ح،ك، م) حکم ایک اصل ہے جو منع کر دینے کے معنی میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے **" حکم الرجل عن الظلم"** یعنی آدمی کو ظلم سے روکا گیا)۔

اصطلاحی مفہوم : "جِهَازٌ سِيَاسِيٌّ يَتَكَوَّنُ مِنْ عِدَّةِ وُزَرَاءَ يُسَيِّرُونَ شُؤُونَ البِلاَدِ وَمَرَافِقَهَا فِي شَتَّى الْمَجَالاَتِ تَحْتَ رَئِيسِ الوُزَرَاءِ"[۲] (ایک سیاسی نظام یا کمیٹی ہے جو کئی وزراء پر مشتمل ہوتی ہے، وزیر اعظم کے تحت مختلف شعبوں میں ملک کے امور اور اس کی سہولیات کی نگرانی کرتی ہے)۔

۲:مناصب کالغوی واصطلاحی مفہوم

لغوی مفہوم : ابن منظور علامہ زبیدی بیان کرتے ہیں **"المنْصبُ (ن ص ب) جمع مَناصِبُ هو مَا يَتولاّهُ الرَّجُلُ من العَمَل"**[۳] (منصب کی جمع مناصب ہے جو کہ حکومتی خدمت،کام،ڈیوٹی معانی میں مستعمل ہے)۔

اصطلاحی مفہوم: المنْصبُ "وهو ما يتولاه المرءُ من عمل، يقال تولّى منصبَ الوزارة أَو القضاء ونحوِهما"[۴] (منصب کہتے ہیں کسی عہدے، درجے اور ذمہ داری کے اوپر فائز ہونے کو، جیسے کہتے ہیں منصب وزارت، منصب قضاء وغیرہ)۔

۳: ذرائع کا لغوی و اصطلاحی مفہوم

لغوی مفہوم: الذَّرِيعة: الْوَسِيلَةُ. وَقَدْ تَذَرَّع فُلَانٌ بذَرِيعةٍ أَي توسَّل، وَالْجَمْعُ الذرائعُ يقال تَذَرَّع فلان بذَرِيعةٍ أَي توسَّل "[۵]

لغت میں ذریعہ وسیلہ کو کہتے ہیں۔ جس کی جمع ذرائع ہے۔ کہا جاتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی وسیلے سے کوئی کام کرے)۔

اصطلاحی مفہوم: الذَّرِيعة بمعناها العام هي: "الوسيلة التي تكون طريقاً إلى الشَّيء"[۶]

(ذریعہ کا عمومی معنی یہ ہے ایک ایسا وسیلہ جو کسی شئی کے حصول کا ذریعہ ہو)۔

سرکاری مناصب وذرائع:

سرکاری مناصب اور عہدے چونکہ امانت ہوتے ہیں اس لئے قرآن کریم کے مطابق یہ امانت اہل لوگوں کے حوالے کی جائے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَٰنَٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرٗا﴾[۷]

(مسلمانو! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہلِ امانت کے سپرد کرو اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ کرو)۔

علامہ ابن العربی رقمطراز ہیں:

"هذه الآيةُ في أداء الأَمَانَةِ، والحكْم بين الناس عامَّة في الوُلاَة والخَلْق لأنَّ كُلَّ مسلمٍ عَالِمٌ، بل كلّ مسلم حاكم، ووالى[۸]

(یہ آیت کریمہ ادائے امانت اور لوگوں کے مابین فیصلہ کرنے میں ولاۃ اور مخلوق میں عام ہے۔کیونکہ ہر مسلمان عالم ہے بلکہ ہر مسلمان حاکم اور والی ہے)۔

اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیت حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کی شان میں 'جو خاندانی طور پر خانہ کعبہ کے دربان و کلید بردار چلے آرہے تھے' نازل ہوئی ہے۔ آیت کا یہ سبب نزول اگرچہ خاص ہے، لیکن اس کا حکم عام ہے اور اس کے مخاطب عوام اور حکام دونوں ہیں۔اس حکم کا مخاطب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ عام مسلمان ہوں اور یہ بھی احتمال ہے کہ خاص امراءو حکام مخاطب ہوں اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ ہر وہ شخص مخاطب ہے جو کسی امانت کا امین ہے،اس میں عوام بھی داخل ہیں اور حکام بھی۔

مفتی شفیع فرماتے ہیں۔

"یہ بات غور طلب ہے کہ قرآن حکیم نے لفظ امانت بصیغہ جمع استعمال فرمایا جس میں اشارہ ہے کہ امانت صرف یہی نہیں کہ کسی کا کوئی مال کسی کے پاس رکھا ہو جس کو عام طور پر امانت کہا اور سمجھا جاتا ہے، بلکہ امانت کی کچھ اور قسمیں بھی ہیں..... حکومت کے مناصب اللہ کی امانتیں ہیں:- اس سے معلوم ہوا کہ حکومت کے عہدے اور منصب جتنے ہیں وہ سب اللہ کی امانتیں ہیں جس کے امین وہ حکام اور افسر ہیں جن کے ہاتھ میں عزل و نصب کے اختیارات ہیں، ان کے لئے جائز نہیں کہ کوئی عہدہ کسی ایسے شخص کے سپرد کر دیں جو اپنی عملی یا علمی قابلیت کے اعتبار سے اس کا اہل نہیں ہے، بلکہ ان پر لازم ہے کہ ہر کام اور ہر عہدہ کے لئے اپنے دائرہ حکومت میں اس کے مستحق کو تلاش کریں۔"[۹]

ابوالاعلیٰ مودودی رقمطراز ہیں:

"بنی اسرائیل کی بنیادی غلطیوں میں سے ایک یہ تھی کہ انہوں نے اپنے انحطاط کے زمانہ میں امانتیں، یعنی ذمہ داری کے منصب اور مذہبی پیشوائی اور قومی سرداری کے مرتبے (Positions of trust) ایسے لوگوں کو دینے شروع کر دیے جو نااہل، کم ظرف، بد اخلاق، بد دیانت اور بدکار تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ برے لوگوں کی قیادت میں

ساری قوم خراب ہوتی چلی گئی۔ مسلمانوں کو ہدایت کی جارہی ہے کہ تم ایسانہ کرنا بلکہ امانتیں ان لوگوں کے سپرد کرنا جو ان کے اہل ہوں..... (۱۰)

دستور مملکت کے چند زریں اصول

آیت کی روشنی میں دستور مملکت کے چند بنیادی اصول درجہ ذیل ہیں۔

۱- اقتدار اعلی صرف اللہ تعالی کا ہے "إن الله يأمركم" سے اس طرف اشارہ کر دیا کہ اصل حکم اللہ تعالی کا ہے، سلاطین دنیا سب اس کے مامور ہیں۔

۲- حکومت کے عہدے باشندگان ملک کے حقوق نہیں جن کو تناسب آبادی کے اصول پر تقسیم کیا جائے، بلکہ اللہ تعالی کی طرف سے دی ہوئی امانتیں ہیں جو صرف ان کے اہل اور لائق لوگوں کو دیئے جاسکتے ہیں۔

۳- زمین پر انسان کی حکمرانی صرف ایک نائب و امین کی حیثیت سے ہو سکتی ہے وہ ملک کی قانون سازی میں ان اصول کا پابند رہے گا جو حاکم مطلق کی طرف سے بتائے گئے ہیں۔

۴- حکام و امراء کا فرض ہے کہ جب کوئی مقدمہ ان کے پاس آئے تو نسل و وطن اور رنگ و زبان، مذہب و مسلک کا امتیاز کئے بغیر عدل و انصاف کا فیصلہ کریں۔

امانت کا مفہوم اور اس کا دائرہ کار

جمہور مفسرین کے نزدیک دین کے تمام وظائف و اعمال اور شریعت کے تمام احکام و اوامر و نواہی کا مجموعہ امانت ہیں۔اس لئے امانت ادا کرنے کا حکم عام ہے،خواہ مذاہب میں ہو،عقائد میں ہو یا معاملات میں سب امانت میں داخل ہیں۔

اس لئے بجاطور پر کہا جاسکتا ہے کہ احکام شریعت امانت ہیں: امانت سے مراد احکام شریعت کا مکلف و مامور ہونا ہے جن پر پورا اترنے پر اجر و ثواب اور جنت کی دائمی نعمتوں کا وعدہ اور خلاف ورزی پر عذاب جہنم کی وعید ہے۔ حکومت کے مناصب امانتیں ہیں: مملکت کا حاکم،وزرا،حکام، قاضی، تمام سرکاری اداروں کے تمام افسران، حکام اور اداروں کے سربراہان کا فرض ہے کہ مناصب اہل لوگوں کے سپرد

کریں۔ مہتمم اور متولی کے پاس مدرسہ ومسجد امانت ہیں، اسلامی علوم کی تعلیم دینے والے عالم دین کے پاس دین و شریعت کا علم امانت ہے۔ استاد کے پاس طلباء، انہیں پڑھانا، تیاری و محنت کروانا اور وقت تدریس امانت ہیں، والدین کے پاس اولاد امانت ہے، والدینپر ضروری ہے۔ کہ وہ ان کی تعلیم وتربیت کا خصوصی خیال رکھیں، زوجین ایک دوسرے کے لئے امانت ہیں، مجلس امانت ہے، مشورہ امانت ہے۔ غرضیکہ آیت کریمہ میں ان سب امانتوں کا حق ادا کرنے کی تاکید ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ امانت کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ در حقیقت ہر وہ چیز امانت ہے جس کے ساتھ کسی دوسرے کا حق متعلق ہو اور اس کی حفاظت اور مالک کی طرف اس کی ادائیگی ہر حالت میں انسان پر واجب ہے۔ اس لئے حکام اور اداروں کے سربراہان کا فرض ہے کہ مناصب اہل لوگوں کے سپرد کریں نیز اہل اور امین افراد کو عہدے تفویض کریں اور منصب پر فائز افرد کو چاہیے کہ عدل وانصاف اور دیانت داری سے کام لیں۔ سرکاری عہدوں کو اپنی ذاتی جاگیر نہ سمجھیں۔

سرکاری مناصب وذرائع اور تعلیمات نبوی

سرکاری مناصب وذرائع کے صحیح استعمال کے بارے میں آنحضرت ﷺ کی تعلیمات اور فرمودات بہت زیادہ ہیں۔ اسی طرح آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ کے بیسیوں واقعات اس پر شاہد عدل ہیں۔

تاہم اختصار کے ساتھ اس بارے میں آنحضرت ﷺ کی تعلیمات اور زریں اصول بیان کیے جارہے ہیں:

۱: عہدہ یا منصب امانت ہے:

آنحضرت ﷺ نے سرکاری مناصب وعہدوں کو امانت قرار دیا ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے طلب امارت کے جواب میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّك ضَعِيفٌ إِنَّهَا أَمَانَةٌ، وَخِزْيٌ، وَنَدَامَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَأَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ فِيهَا)) (۱۱)

(اے ابوذر! تو کمزور ہے اور یہ امارت امانت ہے اور یہ قیامت کے دن کی رسوائی اور شرمندگی ہے سوائے اس کے جس نے اس کے حقوق پورے کئے اور اس بارے میں جو اس کی ذمہ داری تھی اس کو ادا کیا)۔

۲: عہدہ کا مطالبہ کرنا ناجائز ہے:

عہدہ یا منصب کا مطالبہ کرنا جائز نہیں، حضور ﷺ نے عبد الرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

((لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ تُعْطَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ تُوَكَّلْ إِلَيْهَا، وَإِنْ تُعْطَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ تُعَنْ عَلَيْهَا)) [۱۲]

(امارت طلب نہ کر اس لئے اگر تمہیں طلب کرنے کے بعد امارت دیدی گئی تو تم اس کے حوالے کر دیئے جاؤ گے اور اگر بغیر مانگے تمہیں مل جائے تو تمہاری مدد کی جائے گی)۔

۳: عہدہ کا مطالبہ کرنے والا محروم ہو گا:

حضرت ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں اور دو آدمی میرے چچا کے بیٹوں میں سے نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ تو ان دو آدمیوں میں سے ایک نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو جو ملک عطا کئے ہیں، ان میں سے کسی ملک کے معاملات ہمارے سپرد کر دیں۔ دوسرے نے بھی اسی طرح کہا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: **((إِنَّا وَاللَّهِ لَا نُوَلِّي عَلَى هَذَا الْعَمَلِ أَحَدًا سَأَلَهُ وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ** [۱۳] (اللہ کی قسم ہم اس کام پر اس کو مامور نہیں کرتے جو اس کا سوال کرتا ہو یا اس کی حرص کرتا ہو)۔

۴: منصب وعہدہ کی اہلیت کی شرائط:

قرآن کریم نے کسی کام یا منصب (Post) کے لئے مختلف شرائط بیان کی ہیں۔

سورۃ البقرۃ میں دو شرطوں کا ذکر ہے [۱۴]

۱۔ علم ۲- کام کی قوت وصلاحیت

سورۃ یوسف میں مزید دو شرطوں کا ذکر ہے۔ [۱۵]

۱۔ نگرانی ۲۔ علم

سورۃ القصص میں دیگر دو شرطوں کا ذکر ہے۔[١٦]

۱۔ قوت وصلاحیت ۲۔ امانت

اس لئے ضروری ہے۔ نوکر اور ملازم کو جس کام یا منصب کے لئے رکھا جائے، اس میں درج بالا شرائط پائی جائیں۔

۵: حکومتی مناصب سے بیزاری:

آنحضرت ﷺ نے امراء، چوہدریوں اور حکومتی اہلکاروں کی قیامت کے دن حکومتی مناصب سے بیزاری کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

((وَيْلٌ لِلْأُمَرَاءِ، وَيْلٌ لِلْعُرَفَاءِ، وَيْلٌ لِلْأُمَنَاءِ، لَيَتَمَنَّيَنَّ أَقْوَامٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَّ ذَوَائِبَهُمْ كَانَتْ مُعَلَّقَةً بِالثُّرَيَّا، يَتَذَبْذَبُونَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَلَمْ يَكُونُوا عَمِلُوا عَلَى شَيْءٍ)) [١٧]

(امراء، چوہدریوں اور حکومتی اہلکاروں کے لئے ہلاکت ہے یہ لوگ قیامت کے دن تمنا کریں گے کہ ان کی چوٹیاں ثریا ستارے سے لٹکی ہوتیں اور یہ آسمان وزمین کے درمیان تذبذب کا شکار ہوتے لیکن کسی ذمہ داری پر کام نہ کیا ہوتا)۔

۶: نااہل عہدہ دار قیامت کی نشانی ہے:

آنحضرت ﷺ نے نااہل عہدہ دار کو قیامت کی نشانی قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے:

((إِذَا ضُيِّعَتِ الأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ)) قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: ((إِذَا أُسْنِدَ الأَمْرُ إِلَى غَيْرِ أَهْلِهِ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ)) [١٨]

(جب امانتیں ضائع کی جائیں تو قیامت کا انتظار کرو، سائل نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ اس کا ضیاع کیسے ہوگا؟ فرمایا: جب معاملات نااہلوں کے سپرد ہوں تو قیامت کا انتظار کرو)۔

۷: حکمران ذمہ دار ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((الْإِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ اللَّهُمَّ أَرْشِدْ الْأَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ)) (۱۹)

(امام ضامن ہے اور موذن امانتدار ہے۔ اے اللہ تو اماموں کو (علم و عمل کی) توفیق عطا فرما اور موذن کی بھول چوک معاف فرما۔

۸: معاشرے کا ہر فرد ذمہ دار اور نگران ہے:

آپ ﷺ نے امانت کے مفہوم کو وسیع کرتے ہوئے ہر فرد معاشرے کو ذمہ دار و نگرانِ امانت قرار دیا ہے:

((كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ الْإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ)) (۲۰)

(تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور ہر شخص سے اس کی رعیت کے متعلق باز پرس ہو گی، آدمی اپنے اہل پر نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے متعلق پوچھا جائے گا، عورت اپنے شوہر کے گھر میں نگران ہے، اس سے اس کی رعیت کے متعلق باز پرس ہو گی، خادم اپنے آقا کے مال کا محافظ ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں پرسش ہو گی)۔

۹: امانت دار کی تعیناتی:

آنحضرت ﷺ نے اہلیت کی بنیاد پر ذمہ داریوں کی تقسیم کاری کی، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نجران کے کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے اور انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ہماری طرف کسی امانت دار آدمی کو بھیج دیں تو آپ ﷺ نے فرمایا:

((لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ حَقَّ أَمِينٍ قَالَ فَاسْتَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ قَالَ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ))[۲۱]

(میں تمہاری طرف ایک ایسے امانت دار آدمی کو بھیج رہا ہوں کہ جو یقینا امانت دار ہے یقینا امانت دار ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے اس طرف اپنی نظروں کو جما لیا راوی کہتے ہیں کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بھیجا)۔

۱۰: نیک مشیر اور بُرے مشیر:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکمران اور کسی بھی عہدہ دار کے سامنے نیک اور برے مشیر کے نتائج سے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا:

((مَا مِنْ نَبِيٍّ وَلَا وَالٍ إِلَّا، وَلَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ، وَبِطَانَةٌ لَا تَأْلُوهُ خَبَالًا، وَمَنْ وُقِيَ شَرَّهُمَا، فَقَدْ وُقِيَ، وَهُوَ مِنَ الَّتِي تَغْلِبُ عَلَيْهِ مِنْهُمَا))[۲۲]

(کوئی نبی یا حکمران ایسا نہیں ہے کہ اس کے دو قسم کے مشیر نہ ہوں ایک گروہ اسے نیکی کا حکم دیتا ہے اور دوسرا گروہ (اس بد نصیبی میں اپنا کردار ادا کرنے میں) کوئی کسر نہیں چھوڑتا۔ جو ان دونوں کے شر سے بچ گیا وہ محفوظ رہا اور جو گروہ اس پر غالب آ گیا اس کا شمار انہی میں ہو گا)۔

۱۱: عمال کا محاسبہ:

ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو اسد کے ابن التبیہ کو زکوۃ وصولی کا عامل بنایا جب وہ واپس آیا تو کہنے لگا یہ لو مالِ زکوۃ اور یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار ان الفاظ میں فرمایا:

((أَفَلَا قَعَدَ فِي بَيْتِ أَبِيهِ، أَوْ فِي بَيْتِ أُمِّهِ، حَتَّى يَنْظُرَ أَيُهْدَى إِلَيْهِ أَمْ لَا؟ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا يَنَالُ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ))[۲۳]

(تم میں سے کوئی شخص اپنے باپ یا ماں کے گھر کیوں نہیں بیٹھتا کہ یہ تحفے اس کو مل جائیں۔ اس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے تم میں سے جو بھی (کوئی ناجائز) چیز ہم سے حاصل کرتا ہے وہ گردن پر اٹھا کر قیامت کے دن لائے گا)۔

۱۲: غیر اہل کو منصب سونپنے والا خائن ہے:

آنحضرت ﷺ نے غیر اہل کو منصب سونپنے والے شخص کو خائن قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((مَنْ تَوَلَّى مِنْ أُمَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّ فِيهِمْ مَنْ هُوَ وْلَى بِذَلِكَ وَأَعْلَمُ مِنْهُ بِكِتَابِ اللهِ وَسُنَّةِ رَسُولِهِ، فَقَدْ خَانَ اللهَ وَرَسُولَهُ وَجَمِيعَ الْمُؤْمِنِينَ)) (۲۴)

(جس شخص نے کوئی عہدہ کسی شخص کے سپرد کیا حالانکہ اس کے علم میں تھا کہ دوسرا آدمی اس عہدہ کے لئے اس سے زیادہ قابل (باصلاحیت) اور اہل ہے اس نے اللہ، رسول کریم ﷺ اور تمام مسلمانوں کی خیانت کی)۔

۱۳: دوستی و تعلق کی بنیاد پر منصب دینے والا جہنمی ہے:

آنحضرت ﷺ نے محض دوستی و تعلق کی بنیاد پر منصب دینے والے شخص کو جہنمی ہے قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أَحَدًا مُحَابَاةً فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ، لَا يَقْبَلُ اللهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلا عَدْلًا حَتَّى يُدْخِلَهُ جَهَنَّمَ)) (۲۵)

(جس شخص کو عام مسلمانوں کی کوئی ذمہ داری سپرد کی گئی ہو پھر اس نے کوئی عہدہ کسی شخص کو محض دوستی و تعلق کی بنیاد پر (بغیر اہلیت وصلاحیت کے) دے دی اس پر اللہ کی لعنت ہے، نہ اس کا فرض مقبول ہے نہ نفل یہاں تک کہ وہ جہنم میں داخل نہ ہو جائے)۔

۱۴: قرابت داری کی بنیاد پر منصب دینے والا خائن ہے۔

ایک روایت میں مروی ہے:

((من استعمل رجلا لمودة أو لقرابة لا يستعمله إلا لذلك فقد خان الله ورسوله والمؤمنين)) (۲۶)

(جس شخص نے کوئی عہدہ کسی شخص کو محض دوستی یا قرابت داری کی بنیاد پر (بغیر اہلیت وصلاحیت کے) دے دی تو اس نے اللہ، رسول کریم ﷺ اور تمام مسلمانوں کی خیانت کی)۔

۱۵: فاجر کو منصب سونپنے والا فاجر ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

((من استعمل فاجرا وهو يعلم انه فاجر فهو مثله)) (۲۷)

(جس شخص نے کوئی عہدہ کسی فاجر شخص کے سپرد کیا حالانکہ اس کے علم میں تھا کہ وہ فاجر ہے تو وہ شخص اس کے مثل فاجر ہے)۔

۱۶: حکومتی اہلکاروں کے تحائف خیانت ہیں:

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((هَدَايَا الأُمَرَاءِ غُلُولٌ)) (۲۸)

ترجمہ: عمال کے ہدایا اور تحائف خیانت ہیں۔

۱۷: خائن حاکم جہنمی ہے:

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِنْ وَالٍ يَلِي رَعِيَّةً مِنْ الْمُسْلِمِينَ فَيَمُوتُ وَهُوَ غَاشٌّ لَهُمْ إِلَّا حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ)) (۲۹)

(جو شخص مسلمان رعیت کا حاکم ہو اور وہ اس حال میں مر جائے کہ ان سے خیانت کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا)۔

۱۸: خائن عہدہ دار کی سزا :

آنحضرت ﷺ نے خائن عہدہ دار کی سزا ان الفاظ میں بیان کی ہے:

((مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللهُ رَعِيَّةً، يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهِ، إِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ))(۳۰)

(جس شخص کو اللہ تعالیٰ کوئی عہدہ دیں اور وہ اس حال میں مر جائے کہ وہ ان سے خیانت کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا)۔

۱۹: ظالم حکمران کو قوت دینے والا اسلام سے خارج ہو جاتا ہے:

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ مَشَى مَعَ ظَالِمٍ يُقَوِّيهِ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ ظَالِمٌ فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْإِسْلَامِ)) (۳۱)

(جو ظالم کے ساتھ اس لئے چلتا ہے کہ اسے قوت مہیا کریں، حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ ظالم ہے تو وہ اسلام سے خارج ہے)۔

۲۰: سوئی / دھاگہ چھپانے والا عامل خائن ہے:

آنحضرت ﷺ نے سوئی یا اس سے بھی کسی کم چیز کو چھپانے والے شخص کو خائن قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ، فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ، كَانَ غُلُولًا يَأْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (۳۲)

(تم میں سے جس آدمی کو ہم کسی پر عامل مقرر کریں اور اس نے ہم سے ایک سوئی یا اس سے بھی کسی کم چیز کو چھپا لیا تو یہ خیانت ہو گی اور وہ قیامت کے دن اسے لے کر حاضر ہو گا)۔

ایک دوسری روایت میں دھاگہ کا ذکر ہے آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَمِلَ مِنكُمْ لَنَا عَلَى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِنْهُ مَخِيطًا فَمَا فَوْقَهُ فَهُوَ غُلٌّ يَأْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (۴۳)

(لوگو! تم میں سے جو شخص ہمارے لئے کوئی کام کرتا ہے اور ہم سے ایک دھاگہ یا اس سے بھی معمولی چیز چھپاتا ہے تو وہ خیانت ہے جس کے ساتھ وہ قیامت کے دن آئے گا)۔

۲۱: زائد حکومتی سہولتیں حاصل کرنے والا عہدہ دار خائن ہے:

آنحضرت ﷺ نے حکومتی اہلکاروں اور عہدہ داراں کے لئے بعض حکومتی سہولتوں کی اجازت دی ہے۔ اور جو ان سے زائد حکومتی سہولتیں حاصل کرے گا، وہ خائن اور چور ہو گا۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((مَنْ وَلِيَ لَنَا عَمَلًا فَلَمْ يَكُنْ لَهُ زَوْجَةٌ فَلْيَتَزَوَّجْ أَوْ خَادِمًا فَلْيَتَّخِذْ خَادِمًا أَوْ مَسْكَنًا فَلْيَتَّخِذْ مَسْكَنًا أَوْ دَابَّةً فَلْيَتَّخِذْ دَابَّةً فَمَنْ أَصَابَ شَيْئًا سِوَى ذَلِكَ فَهُوَ غَالٌّ أَوْ سَارِقٌ)) (۴۴)

(جو شخص ہماری طرف سے عامل نامزد ہو اور اس کے پاس (متعلقہ شہر میں) کوئی گھر نہ ہو تو وہ گھر بنا سکتا ہے، بیوی نہ ہو تو شادی کر سکتا ہے، خادم نہ ہو تو رکھ سکتا ہے، سواری نہ ہو تو رکھ سکتا ہے لیکن اس کے علاوہ جو کچھ لے گا، وہ اللہ کے یہاں خائن اور چور شمار ہو گا)۔

۲۲: تنخواہ سے زائد حاصل کرنے والا عہدہ دار خائن ہے:

تنخواہ اور وظیفہ سے زائد حاصل کرنے والے عہدہ دار کو آنحضرت ﷺ نے خائن قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلَى عَمَلٍ فَرَزَقْنَاهُ رِزْقًا فَمَا أَخَذَ بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ غُلُولٌ)) (۴۵)

(ہم نے جس کو بھی کسی کام پر مامور کیا تو اس کا وظیفہ اور تنخواہ مقرر کی ہے، پھر اس کے بعد جو کچھ وہ اس سے زائد حاصل کرے وہ چوری اور خیانت ہے)۔

۲۳: عہدہ دار حکومتی ذرائع کو اپنی مرضی سے استعمال نہیں کر سکتا ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ، فَلْيَجِئْ بِقَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ، فَمَا أُوتِيَ مِنْهُ أَخَذَ، وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهَى)) (۳۶)

(جس شخص کو ہم کسی ذمہ داری پر فائز کریں وہ تھوڑا اور زیادہ سب ہمارے پاس لے کر آئے، پھر اس میں سے جو اسے دیا جائے وہ لے لے اور جس سے روکا جائے، اس سے رک جائے)۔

۲۴: عہدہ داراں کو نرمی کا برتاؤ کرنے کا حکم:

آنحضرت ﷺ نے عہدہ داراں کو اپنے ماتحتوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((اللهُمَّ، مَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِي شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ، فَاشْقُقْ عَلَيْهِ، وَمَنْ وَلِيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِي شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ، فَارْفُقْ بِهِ)) (۳۷)

(اے اللہ میری اس امت میں سے جس کو کسی معاملہ کا والی بنایا جائے اور وہ ان پر سختی کرے تو تو اس پر سختی کر اور میری امت میں سے جس کو کسی معاملہ کا والی بنایا جائے وہ ان سے نرمی کرے تو تو بھی اس پر نرمی کر)۔

۲۵: حاکم کی بد گمانی فساد کا باعث ہے:

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

((إِنَّ الْأَمِيرَ إِذَا ابْتَغَى الرِّيبَةَ فِي النَّاسِ أَفْسَدَهُمْ)) (۳۸)

(جب امیر (حاکم) لوگوں میں گمان ڈھونڈے گا (ان کے معاملات میں) واضح شرعی ثبوت کے بجائے محض گمان پر عمل کرے گا تو انہیں بگاڑ دے گا)۔

۲۶: منصب کے جائز وناجائز ذرائع:

منصب کے حلال ذرائع میں سے جائز سفارش ہے۔ اسلام جائز سفارش کی اجازت دیتا ہے، جبکہ ناجائز سفارش حرام قرار دیتا ہے۔ قرآن اور نبی پاک ﷺ کی تعلیمات سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ مَّن يَشْفَعْ شَفَٰعَةً حَسَنَةً يَكُن لَّهُۥ نَصِيبٌ مِّنْهَا ۖ وَمَن يَشْفَعْ شَفَٰعَةً سَيِّئَةً يَكُن لَّهُۥ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ ﴾ (۳۹)

(جو بھلائی کی سفارش کریگا وہ اس میں سے حصّہ پائے گا اور جو برائی کی سفارش کرے گا وہ اس میں سے حصّہ پائے گا)۔

نیز نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

((اشْفَعُوا فَلْتُؤْجَرُوا)) (۴۰)

(سفارش کرو تاکہ تمہیں سفارش کا ثواب مل جائے)۔

منصب کے حرام ذرائع میں سے طاقت، اثر رسوخ، رشوت ستانی سے عہدہ حاصل کرنا ہے۔

سرکاری مناصب وذرائع اور عہد خلفاء راشدین

سرکاری مناصب وذرائع کے حوالے سے خلفاء راشدین کا طرز عمل کی ایک جھلک ملاحظہ کیجئے کہ وہ اس باب میں کس قدر اسوۂ نبوی پر کاربند تھے۔

ا: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ملک کے نظم ونسق کو بہترین اصولوں پر قائم کرتے ہوئے عہدوں کی تقسیم عہدیداروں کا صحیح انتخاب کیا۔ آپ جب کسی کو کسی ذمہ داری پر عہدہ پر مامور فرماتے تو عموماً بلا کر اس کے فرائض کی تشریح کر دیتے اور نہایت موئثر الفاظ میں سلامت روی و تقویٰ کی نصیحت فرماتے، چنانچہ یزید بن سفیان رضی اللہ عنہ کو جب شام کی امارت سپرد کی تو انہیں ان الفاظ میں نصیحت فرمائی:

"يَا يَزِيدُ،إِنَّ لَكَ قَرَابَةً عَسَيْتَ أَنْ تُؤْثِرَهُمْ بِالْإِمَارَةِ، وَذَلِكَ أَكْبَرُ مَا أَخَافُ عَلَيْكَ" (۴۱)

(اے یزید تمہاری قرابت داریاں ہیں شاید تم ان کو اپنی امارت سے فائدہ پہنچاؤ، در حقیقت یہی سب سے بڑا خطرہ ہے جس سے میں ڈرتا ہوں)۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کپڑے کی تجارت کرتے تھے، خلیفہ ہونے کے بعد بھی حسب معمول کندھے پر کپڑوں کے تھان رکھ کر بازار کی طرف روانہ ہوتے۔ جب خلافت کی ذمہ داریوں کی وجہ سے آپ اپنا ذاتی کام نہ کر سکے، تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے بیت المال سے آپ رضی اللہ عنہ کا وظیفہ مقرر کر دیا(۴۲)۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی تمام دولت راہ خدا میں لٹا دی، یہاں تک کہ زمانہ خلافت میں آپ رضی اللہ عنہ چھ ہزار کے مقروض ہو گئے لیکن مسلمانوں کا ایک حبہ بھی اپنی ذات پر صَرف کرنا یا اولاد کے لیے چھوڑ جانا گوارہ نہ ہوا۔ وفات کے وقت وصیت فرمائی، تو سب سے پہلے یہ فرمایا کہ "میرا فلاں باغ بیچ کر بیت المال کا قرض ادا کر دیا جائے اور میرے مال میں جو چیز فاضل نظر آئے، وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دی جائے۔"(۴۳)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وفات کے بعد جائزہ لیا گیا تو صرف یہ چیزیں زائد نکلیں: ایک غلام، لونڈی، دو اونٹنیاں۔ چنانچہ تمام چیزیں اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دی گئیں۔ خلیفہ دوم رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے عبرت کے آنسو نکل آئے۔ رو کر بولے: ابو بکر رضی اللہ عنہ! خدا تم پر رحم کرے، تم نے پس از مرگ بھی زہد کا دامن نہ چھوڑا اور کسی کو نکتہ چینی کا موقع نہ دیا۔(۴۴)

۲ : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت جمہوری طرز حکومت سے مشابہ تھی تمام ملکی و قومی مسائل مجلس شوریٰ میں پیش ہو کر طے پاتے تھے۔ آپ نے خلیفہ وقت کے اختیارات کے متعلق خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے متعدد موقع پر تصریح کر دی تھی کہ حکومت کے لحاظ سے ان کی کیا حیثیت ہے۔

آپ رضی اللہ عنہ کی ایک تقریر کے چند فقرے ملاحظہ ہوں:

"مجھ کو تمہارے مال میں اسی طرح حق ہے جس طرح یتیم کے مال میں اس کے مربی کا ہوتا ہے، اگر میں دولتمند ہوں گا تو کچھ نہ لوں گا اور اگر صاحب حاجت ہوں

گا تو اندازہ سے کھانے کے لیے لوں گا۔ صاحبو! میرے اوپر تمہارے متعدد حقوق ہیں جن کا تم کو مجھ سے مؤاخذہ کرنا چاہیے ایک یہ کہ ملک کا خراج اور مال غنیمت بے جا طور پر صرف نہ ہونے پائے، ایک یہ کہ تمہارے روزینے بڑھاوں اور تمہاری سرحدوں کو محفوظ رکھوں اور یہ کہ تم کو خطروں میں نہ ڈالوں۔"(۴۵)

مذکورہ بالا تقریر صرف دلفریب خیالات کی نمائش نہ تھی، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نہایت سختی کے ساتھ اس پر عمال بھی تھے، واقعات اس کی حرف بحرف تصدیق کرتے ہیں، ایک دفعہ آپ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا یہ خبر سن کر کہ مال غنیمت آیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں اور کہا کہ امیر المؤمنین! میں ذوالقربی میں سے ہوں، اس لیے اس مال میں سے مجھ کو بھی عنایت کیجئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ بے شک تم میرے خاص مال میں حق رکھتی ہو لیکن یہ تو عام مسلمانوں کا مال ہے۔"(۴۶)

ایک دفعہ خود بیمار پڑے، لوگوں نے علاج میں شہد تجویز کیا، بیت المال میں شہد موجود تھا، لیکن بلا اجازت نہیں لے سکتے تھے۔ مسجد نبوی میں جا کر لوگوں سے کہا کہ "اگر آپ اجازت دیں تو تھوڑا سا شہد لے لوں"(۴۷)۔ ان چھوٹی چھوٹی باتوں میں جب حضرت عمرؓ کی احتیاط کا یہ حال تھا، تو ظاہر ہے کہ مہمات امور میں وہ کس قدر محتاط ہوں گے۔

آپ رضی اللہ عنہ حکام کی نگرانی اور قوم کے اخلاق وعادات کی حفاظت نہایت اہتمام کے ساتھ انجام دیتے تھے، ہر عامل سے عہد لیتے تھے کہ ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہو گا، باریک کپڑے نہ پہنے گا، چھنا ہوا آٹا نہ کھائے گا، دروازہ پر دربان نہ رکھے گا، اہل حاجت کے لیے دروازہ ہمیشہ کھلا رکھے گا۔ اسی کے ساتھ اس کے مال واسباب کی فہرست تیار کرا کے محفوظ رکھتے تھے اور بیت المال میں داخل کر لیتے تھے۔(۴۸)

ایک دفعہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیت المال کا جائزہ لیا، تو وہاں صرف ایک درہم موجود تھا۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے کو دے دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے درہم واپس لے کر بیت المال میں داخل کر دیا اور ابو موسیٰ شعریؓ کو بلا کر فرمایا: افسوس کہ تم کو مدینہ میں

آل عمر رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی کمزور نظر نہ آیا۔ تم چاہتے ہو کہ قیامت کے دن تمام امت محمدیہ کا مطالبہ میری گردن پر ہو (۴۹)۔

ایک مرتبہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زوجہ) نے قیصر کی حرم کے پاس تحفہ کے طور پر عطر کی چند شیشیاں بھیجیں، اس نے اس کے جواب میں شیشیوں کو جواہرات سے بھر کر بھیجا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو فرمایا کہ گو عطر تمہارا تھا، لیکن قاصد جو لے کر گیا وہ سرکاری تھا اور اس کے مصارف عام آمدنی سے ادا کیے گئے تھے، چنانچہ جواہرات لے کر بیت المال میں داخل کر دیئے، اور ان کو کچھ معاوضہ دے دیا۔ (۵۰)

اس طرح ایک بازار میں ایک فربہ اونٹ فروخت ہوتے دیکھا، دریافت سے معلوم ہوا کہ آپ کے صاحبزادے عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا ہے، ان سے پوچھا کہ یہ اونٹ کیسا ہے؟ انہوں نے کہا کہ میں نے اس کو خرید کر سرکاری چراگاہ میں بھیج دیا تھا اور اب کچھ فربہ ہو گیا ہے، تو بیچنا چاہتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چونکہ یہ سرکاری چراگاہ میں فربہ ہوا ہے، اس لیے تم صرف رأس المال کے مستحق ہو اور بقیہ قیمت لے کر بیت المال میں داخل کر دی۔ (۵۱)

ایک دفعہ شام کی طرف مال بھیجنا چاہا۔ روپیہ کی ضرورت ہوئی تو حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے قرض طلب کیا۔ انہوں نے کہا: آپ امیر المومنین ہیں، بیت المال سے اس قدر رقم قرض لے سکتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بیت المال سے نہیں لوں گا، کیونکہ ادا کرنے سے پہلے مر جاؤں گا تو تم لوگ میرے ورثاء سے مطالبہ نہ کرو گے اور یہ بار میرے سر رہ جائے گا، اس لیے چاہتا ہوں کہ کسی ایسے شخص سے لوں جو میرے متروکہ وصول کرنے پر مجبور ہو۔ (۵۲)

بحرین سے مال غنیمت میں مشک و عنبر آیا اس کو مسلمانوں میں تقسیم کرنے کے لیے کسی ایسے شخص کی تلاش ہوئی، جس کو عطریات کے وزن میں دستگاہ ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیوی عاتکہ بنت زید رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں اس کام کو کر سکتی ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا تم سے یہ کام نہیں لوں گا، کیونکہ مجھے خوف ہے کہ تمہاری انگلیوں میں جو کچھ لگ جائے گا، اسے اپنے جسم پر لگاؤ گی اور اس طرح عام مسلمانوں سے زیادہ میرے حصہ میں آجائے گا (۵۳)۔

حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ نے عراق سے زیورات بھیجے، اس وقت آپ رضی اللہ عنہ کی گود میں آپ رضی اللہ عنہ کی سب سے محبوب بھتیجی اسماء بنت زید رضی اللہ عنہ کھیل رہی تھی۔ اس نے ایک انگوٹھی ہاتھ میں لے لی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بلطائف الحیل اس سے لے کر زیورات میں ملادی[۵۴]۔ اسی طرح عبد اللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ نے معرکہ جلولا کے بعد زیورات بھیجے تو آپ رضی اللہ عنہ کے ایک صاحبزادے نے ایک انگوٹھی کی درخواست کی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سوال پر خفا ہوئے اور کچھ نہ دیا۔[۵۵]

۳ : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اگرچہ طبعاً نہایت نرم تھے، بات بات پر رقّت طاری ہو جاتی تھی، اور ذاتی حیثیت سے تحمل بردباری، تساہل اور چشم پوشی آپ کا شیوہ تھا، لیکن ملکی معاملات میں انہوں نے تشدد و احتساب اور نکتہ چینی کو اپنا طرز عمل بنایا۔ سعید بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے ایک بیش قرار رقم لی، جس کو ادا نہ کر سکے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سختی سے باز پرس کی اور معزول کر دیا۔ ولید بن عقبہ نے بادہ نوشی کی، معزول کر کے علانیہ حد جاری کی۔ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے امیرانہ زندگی اختیار کی، تو انہیں بھی ذمہ داری کے عہدہ سے سبکدوش کر دیا۔ اسی طرح عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ والیٔ مصر خراج میں اضافہ نہ کر سکے تو ان کو علیحدہ کر لیا[۵۶]۔

ایک فرمان میں عمال کو تحریر فرماتے ہیں:

"وَلَيُوشِكَنَّ أَئِمَّتُكُمْ أَنْ يَصِيرُوا جُبَاةً وَلا يَكُونُوا رُعَاةً، فَإِذَا عَادُوا كَذَلِكَ انْقَطَعَ الْحَيَاءُ وَالأَمَانَةُ وَالْوَفَاءُ أَلا وَإِنَّ أَعْدَلَ السِّيرَةِ أَنْ تَنْظُرُوا فِي أُمُورِ الْمُسْلِمِينَ فِيمَا عَلَيْهِمْ فَتُعْطُوهُمْ مَا لَهُمْ،وَتَأْخُذُوهُمْ بِمَا عَلَيْهِمْ"[۵۷]

(قریب ہے کہ تمہارے ائمہ نگہبان ہونے کے بجائے صرف تحصیلدار ہو کر رہ جائیں جب ایسی حالت ہو جائے گی تو حیا، امانت اور وفاداری ناپید ہو جائے گی، ہاں بہتر طریقہ یہ ہے کہ تم مسلمان کے نفع و نقصان کا خیال رکھو ان کا حق ان کو دلائو جو ان سے لینا چاہیے وہ ان سے وصول کرے)۔

آپ رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کے مال میں ہمیشہ ایثار سے کام لیا۔ چنانچہ اپنے زمانہ خلافت میں ذاتی مصارف کے لیے بیت المال سے ایک حبہ نہیں لیا۔ اور اس طرح گویا اپنا مقررہ وظیفہ عام مسلمانوں کے لیے چھوڑ دیا۔

۴ : حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

ملکی نظم ونسق کے سلسلہ میں سب سے اہم کام عمال کی نگرانی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا خاص اہتمام مد نظر رکھا، وہ جب کسی عامل کو مقرر کرتے تھے تو اس کو نہایت مفید اور گراں بہا نصائح کرتے تھے۔ وقتاً فوقتاً عمال وحکام کے طرز عمل کی تحقیقات کرتے تھے، چنانچہ ایک مرتبہ جب حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو اس خدمت پر مأمور کیا تو یہ ہدایت فرمائی: "تم اپنے ساتھیوں کا ایک گروہ لے کر روانہ ہو جاؤ اور عراق کے ہر ضلع میں پھر عمال کی تحقیقات کرو اور ان کی روش پر غائر نظر ڈالو۔"[۵۸]

عمال کے اسراف اور مالیات میں ان کی بد عنوانیوں کی سختی سے باز پرس فرماتے تھے۔ ایک دفعہ اردشیر کے عامل مصقلہ نے بیت المال سے قرض لے کر پانچ سو لونڈی اور غلام خرید کر آزاد کیے، کچھ دنوں کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سختی کے ساتھ اس رقم کا مطالبہ کیا۔ مصقلہ نے کہا: خدا کی قسم! عثمان رضی اللہ عنہ کے نزدیک اتنی رقم کا چھوڑ دینا کوئی بات نہ تھی، لیکن یہ تو ایک ایک حبہ کا تقاضا کرتے ہیں اور ناداری کے باعث مجبور ہو کر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی پناہ میں چلے گئے۔ جناب امیر کو معلوم ہوا تو فرمایا:

> **" ما له برحه الله؛ فعل فعل السيد، وفر فرار العبد، وخان خيانة الفاجر! أما والله لو أنه أقام فعجز ما زدنا على حبسه، فإن وجدنا له شيئاً أخذناه، وإن لم نقدر على مال تركناه "**[۵۹]

> (خدا اس کا برا کرے! اس نے کام تو سید کا کیا، لیکن غلام کی طرح بھاگا اور فاجر کی طرح خیانت کی۔ خدا کی قسم! اگر وہ مقیم ہوتا، تو قید سے زیادہ اس کو سزا دیتا اور اگر اس کے پاس کچھ ہوتا تو لیتا، ورنہ معاف کر دیتا)۔

اس باز پرس سے آپ رضی اللہ عنہ کے مخصوص اعزہ واقارب بھی مستثنیٰ نہ تھے، ایک مرتبہ آپ رضی اللہ عنہ کے چچیرے بھائی حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ عامل بصرہ نے بیت المال سے ایک بیش قرار رقم

لی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے چشم نمائی فرمائی تو جواب دیا کہ میں نے ابھی اپنا پورا حق نہیں لیا ہے لیکن اس کے عذر کے باوجود وہ خائف ہو کر بصرہ سے مکہ چلے گئے(۶۰)۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ایک نارنگی اٹھالی جناب امیر رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو چھین کر لوگوں میں تقسیم کر دی(۶۱)۔

ایام خلافت میں بھی زہد کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا اور آپ رضی اللہ عنہ کی زندگی میں کوئی فرق نہ آیا۔ موٹا جھوٹا لباس اور روکھا پھیکا کھانا ان کے لیے دنیا کی سب سے بڑی نعمت تھی۔ ایک دفعہ عبد اللہ بن زریر نامی ایک صاحب شریک طعام تھے، دستر خوان پر کھانا نہایت معمولی اور سادہ تھا، انہوں نے کہا: امیر المؤمنین! آپ کو پرند کے گوشت سے شوق نہیں ہے۔ فرمایا: ابن زریر!

"لَا يَحِلُّ لِلْخَلِيفَةِ مِنْ مَالِ اللهِ إِلا قَصْعَتَانِ: قَصْعَةٌ يَأْكُلُهَا هُوَ وَأَهْلُهُ، وَقَصْعَةٌ يَضَعُهَا بَيْنَ يَدَيِ النَّاسِ"(۶۲)

(خلیفہ وقت کو مسلمانوں کے مال میں سے صرف دو پیالوں کا حق ہے ایک خود کھائے اور اہل کو کھلائے اور دوسرا خلق خدا کے سامنے پیش کرے)۔

حکومت کے اہم ادارے اور ان کی ذمہ داریاں

حکومت کے اساسی و بنیادی ادارے درج ذیل ہیں۔

ا: انتظامیہ ۲ : محکمہ قضاء ۳: محکمہ فوج

ا- انتظامیہ: درحقیقت انتظامیہ حکومتی ایک سیاسی اور اصلاحی قوت ہے، جسے اللہ تعالیٰ نے نعمت سے تعبیر فرمایا ہے۔ انتظامیہ پر ضروری کہ وہ سرکاری مناصب کا صحیح استعمال کرتے ہوئے ریاستی اور انتظامی امور کے جتنے بھی عہدے اور مناصب ہیں، ان عہدوں اور مناصب پر اہل اور باصلاحیت اور امانت دار افراد کا تقرر کریں۔ اور یہ عہدے سیاسی رشوت اور اقربا پروری کی نذر نہ ہونے دیں ۔ کیونکہ جب کسی منصب و عہدے پر کسی نااہل اور جاہل کا تقرر ہوتا ہے، تو معاشرہ میں بدامنی، ظلم و زیادتی اور بے چینی آنا لازمی امر ہے۔ اور اس عمل کو لازمی بنائیں کہ بیوروکریٹس رشوت نہ لیں اور دباؤ میں آکر غلط فیصلے نہ کریں۔ سرکاری افسران اپنے محکمے سے ناجائز مراعات حاصل نہ کریں، ڈیوٹی پر پورا وقت دیں، دفتری اوقات میں غیر سرکاری کام نہ کریں۔

سرکاری ذرائع کو کام میں لا کر انسانی جان کا تحفظ، امن و امان، عدل و انصاف کے قیام کو یقینی بنائیں اور فتنہ وفساد، قتل وغارت ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ، جعلی ادویات، کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ، ٹیکس چوری، اسمگلنگ، سودی کاروبار، ہیروئن، چرس اور دیگر نشہ آور اور مضر صحت اشیاء پر کنٹرول کریں۔ اگر اور اپنی ترجیحات میں ان کو سر فہرست نہیں رکھیں گی وہ فلاحی مملکت کے قیام میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکیں گی۔

۲- محکمہ قضاء: اللہ تعالی نے اپنے رسولوں، صحیفوں اور کتابوں کے بھیجنے کا بنیادی مقصد قیام عدل بتایا ہے۔ جو ظالم کے ہاتھ روکنے اور مظلوم کو حق دلانے کا ذریعہ ہے، لیکن جب قضاۃ حقوق دلوانے میں ناکام ہوتے ہیں تو اللہ کے نبی ﷺ نے اس بارے میں سخت وعیدیں سنائی ہیں۔

((الْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ وَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ وَاثْنَانِ فِي النَّارِ فَأَمَّا الَّذِي فِي الْجَنَّةِ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضَى بِهِ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ قَضَى لِلنَّاسِ عَلَى جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ)) (۶۳)

(قاضی تین قسم کے ہیں: ایک قسم جنت میں جائے گی اور دو قسمیں دوزخ میں، جنت کا حقدار وہ شخص ہے جس نے حق کو پہچان کر اس کے مطابق فیصلہ کیا اور جس شخص نے حق کو پہچان کر فیصلہ کرنے میں ظلم کیا وہ دوزخ میں ہے۔ اسی طرح جس شخص نے جہالت میں لوگوں کے فیصلے کیے وہ بھی دوزخ میں ہو گا)۔

محکمہ قضاء ایک اہم سرکاری شعبہ ہے۔ اگر قاضی اپنا فرض منصبی صحیح طور پر ادا کر رہا ہے۔ تو ریاست کے استحکام کا سبب ہو گا۔ وگرنہ ریاست کی تباہی اور ظالم کو قوی کرنے اور مظلوم کی آہوں میں اضافے کا باعث ہو گا۔ جس سے ریاست کے ستونوں کو ہلنے کا خطرہ لاحق ہو گا۔ قاضی کی پاس قضاء کا عہدہ امانت ہے۔ قاضی کے تقرر میں قانون سے واقفیت کا حامل ہونا اور عدل کو یقینی بنانے کی صلاحیت کا ہونا ضروری ہے۔ ورنہ ایسے شخص کو قضاء کا منصب نہیں سونپا جا سکتا جو کسی کے دباؤ یا لالچ وغیرہ کو خاطر میں لانے والا ہو۔ لہٰذا قانون میں مساوات کا قیام از حد ضروری ہے، اس میں دوست دشمن کی تفریق بھی کسی

طور پر قابل لحاظ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ اس قوم کو بزرگی نہیں دے گا اور تقدیس عطا نہیں کرے گا جس میں عدل سے فیصلے نہیں ہوتے اور غریب کا حق قوی سے نہیں لیا جاتا [۶۴]۔

۳۔ محکمہ فوج: ریاست کی حفاظت فوج کے پاس ایک عظیم امانت ہے یہی وجہ ہے کہ اگر وہ میدان جنگ یا محاذ جنگ میں مورچہ بند ہو کے ہمہ وقت اس امانت کا ہر طرح سے چوکنا ہو کر ذمہ داری ادا کر رہی ہے جو بڑے حوصلے اور عزیمت والا کام ہے اللہ نے ایمان والوں کو اس اہم ذمہ داری کی طرف ان الفاظ میں متوجہ کیا ہے:

﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱصۡبِرُواْ وَصَابِرُواْ وَرَابِطُواْ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ ﴾ [۶۵]

(اے ایمان والو تم ثابت قدم رہو، ایک دوسرے کو تھامے رکھو اور جہاد کے لیے تیار رہو تاکہ تم مراد کو پہنچو)۔

اللہ نے حکم دیا ہے کہ دشمن کے مقابلے کے لئے بھرپور حربی قوت سے لیس ہو کر تیار رہو تاکہ اللہ کے دشمنوں کو اس سے خوف زدہ کر سکوں اس لیے حدیث میں اس امانت کی ادائیگی کی فضیلت ان الفاظ میں ذکر ہوئی ہے:

((رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنْ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا)) [۶۶]

(اللہ کے راستے میں ایک دن پڑاؤ ڈالنا یعنی مورچہ بند ہونا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے)۔

چونکہ حفاظتِ ریاست کی ذمہ داریوں میں کوتاہی قوم وسلطنت کی تباہی ہے اس لیے اللہ اور رسول ﷺ نے اس کوتاہی کو ناقابل معافی جرم قرار دیا ہے۔ ارشاد باری ہے:

﴿ وَمَن يُوَلِّهِمۡ يَوۡمَئِذٖ دُبُرَهُۥٓ إِلَّا مُتَحَرِّفٗا لِّقِتَالٍ أَوۡ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٖ فَقَدۡ بَآءَ بِغَضَبٖ مِّنَ ٱللَّهِ وَمَأۡوَىٰهُ جَهَنَّمُۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ ﴾ [۶۷]

(جو دشمن سے مدمقابل ہو جائے تو ان سے پشت مت پھیرنا۔۔ اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آجائے گا اور اسکا ٹھکانہ جہنم ہو گا جو بہت بری جگہ ہے)۔

اس ذمہ داری اور امانت سے فرار پیغمبر اسلام نے سخت ناپسند فرمایا: اور اسے سات مہلکات میں سے شمار کیاہے۔ارشادنبوی ہے:((اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقَاتِ.. وَالتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ)) [٦٨] (سات مہلکات سے بچو۔۔۔(ان میں سے ایک)اور قتال کے دن بھاگنے سے بچو)۔

یہ سخت ترین سزا اس لیے مقرر ہے کہ ریاست کی حفاظت ایک امانت ہے اور اس امانت میں خیانت وکمزوری ساری قوم کی تباہی کا سبب بنتا ہے۔

حاصل بحث

افسوس! آج ہم اس قوت کے برکات اور نعمتوں سے محروم ہیں، قتل وغارت گری،ڈھاکہ زنی،بدامنی،بے چینی اور بدانتظامی میں روز بروز اضافہ ہورہاہے۔اگر ہم بے لاگ طریقے سے اپنا محاسبہ کرلیں، تو ہم یہ ضرور تسلیم کرلیں گے کہ مالی معاملات میں گڑبڑ ہمارا قومی مزاج بن چکاہے۔بلکہ یہ مزاج کچھ ایسا بگڑا ہے کہ اب ہمیں حلال کھانے میں مزہ ہی نہیں آتا۔اوپر سے نیچے تک رشوت ستانی،لوٹ مار، فراڈ اور دھوکہ دہی کی داستانیں غریب کی جھونپڑی سے لے کر امیر کے محل تک پھیلی ہوئی ہیں۔وطن فروشی، ایمان فروشیاور ضمیر فروشی میں کوئی عیب نہیں۔ چوری ڈکیتی میں کوئی شرم نہیں ۔سودی کاروباراور مال کی شدید ترین محبت جو صرف یہود کا خاصہ تھی، وہ ہمارا قومی مزاج بن گئی ہے۔

یوں محسوس ہوتاہے کہ پوری قوم کرپٹ ہوچکی ہے،کوئی سرکاری سودابغیر کمیشن کے طے نہیں طے پاتا۔ہر محکمے میں رشوت کا چلن عام ہے۔تھانوں،کچہریوں،عدالتوں میں رشوت،علم کے حصول،داخلوں،امتحانات میں رشوت،امپورٹ ایکسپورٹ میں رشوت،شناختی کارڈ، پاسپورٹ بنوانے میں رشوت،ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے میں رشوت....

جب فوجی ادارے اپنے ذمہ داریوں میں زبردست کوتاہی،خیانت،غلول کرنے لگ گئے اور اپنی ہی ریاستوں پر قابض ہو جائیں گے تو پھر ریاستوں کو استحکام کیسے میسر ہو گا ؟ ہر جگہ، ہر ریاست میں امت مسلمہ مصائب وآلام سے دوچار ہے اور ہر جگہ اسلامی حکومتیں دشمنوں کے نرغے میں ہے۔مصر، شام،الجزائر،پاکستان،افغانستان اور فلسطین وغیرہ اس کے واضح اور بیّن ثبوت ہیں۔ جب صاحب اقتدار کا رویہ یہ ہوجائے کہ وہ خود ظالم بن جائیں، ظلم روکنا تو دور کی بات ہے۔ تو پھر تمام انسانی سوسائٹی کیونکر

مبتلائے عذاب نہ ہو گی، ہر جگہ انتشار اور بے اطمینانی کیوں نہ ہو گی۔ اور جب سماج اور معاشرہ اس قسم کے ظلم کی آماجگاہ بن جائے تو پھر زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو۔

موجودہ دور میں مسلمان ملت کی ابتری کی غالب وجوہات یہی اقربا پروری، رشوت ستانی، غلط تعلقات اور مفادات کی سیاست اور تدبیر المنزل وحکومت کی غلط پالیسیاں جس نے مسلمانوں سے احساس ذمہ داری، ایمانداری اپنانے اور فرائض منصبی ادا کرنے سے غافل کر دیا ہے، نااہلوں اور کرپٹ افسران وکارندوں کی وجہ سے اداروں کے کروڑوں اور کھربوں، اربوں کی مشینریاں، سامان، کارخانے، ادارے اور سوسائٹیاں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں اور امت مسلمہ زبوں حالی وپریشانی کا زبردست شکار ہے۔ ہر جگہ اور ہر ادارے میں بڑے پیمانے پر تباہی وبربادی نظر آرہی ہے اور ہر سو قیامت برپا ہے۔ جس سے مخبر صادق ﷺ نے بہت پہلے ہی خبردار کر دیا ہے۔

جب حالات ایسے ہوں تو ملک میں امن وسلامتی، معاشی ترقی اور خوش حالی کیسے آئی گی؟ جب مناصب بیچے اور خریدے جاتے ہوں، ذمہ داریوں سے جی چرایا جاتا ہو، نااہلوں کو امانتیں سونپی جاتی ہوں، مظلوموں کے حقوق سے آنکھیں بند کی جاتی ہوں، ظالموں کی طرف داری کی جاتی ہوں اورانسانی حقوق پامال کرتے ہوئے عدل وانصاف کا خون کیا جاتا ہو۔

بخدا! آج ہماری قومی اور بین الاقوامی بگاڑ کی خاص وجہ صرف اور صرف امانت میں خیانت ہے۔ آج نظام کی خرابی صرف اور صرف قرآن اور نبی پاک ﷺ کی تعلیمات پر عمل نہ کرنے اور نظر انداز کرنے کا نتیجہ ہے کہ تعلقات اور سفارشوں اور رشوتوں سے عہدے تقسیم کئے جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نااہل اور ناقابل اور بے صلاحیت لوگ عہدوں پر براجمان ہو جاتے ہیں اور ادارے ہوں یا حکومت سارا نظام برباد ہو جاتا ہے۔ جب تک ظلم کا خاتمہ نہیں کیا جاتا تو معاشرے میں امن وسکون نہیں آسکتا اور ظلم وظالم کی وجہ سے معاشرے کے تمام لوگ مبتلائے عذاب ہوں گے۔

موجودہ دور سائنسی انقلاب اور تمام تر ترقیوں کے باوجود ایک بڑے خطرناک طوفان کی خبر دے رہے ہیں اور یہ حضرت انسان ایسی خرابیوں میں گرفتار ہو چکا جو خود اس سے حل نہ ہونے والا ہے۔

بقول اقبال:

ڈھونڈھنے والا ستاروں کی گزر گاہوں کا — اپنے افکار کی دنیا میں سفر کر نہ سکا
اپنی حکمت کے خم و پیچ میں الجھا ایسا — آج تک فیصلہ نفع و ضرر کر نہ سکا
جس نے سورج کے شعاعوں کو گرفتار کیا — زندگی کی شب تاریک سحر کر نہ سکا[۶۹]

ان ساری خرابیوں کا علاج صرف اسی میں پنہاں ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی قومی اور ملی ہر قسم کے منصب، عہدہ اور ذمہ داری میں ایمان داری اور ادائے امانات کا فریضہ صحیح طور پر ادا کریں، یعنی حکومت کے عہدوں پر صرف انہی لوگوں کو مقرر کریں جو صلاحیت کار امانت و دیانت کی رو سے اس عہدے کے لئے سب سے بہتر نظر آئیں، دوستی اور تعلقات یا محض سفارش یا رشوت کو آڑے نہ آنے دیں ورنہ نتیجہ یہ ہو گا کہ نااہل ناقابل، خائن اور ظالم لوگ عہدوں پر قابض ہو جائیں گے، پھر اگر کوئی چاہے بھی کہ سرکاری مناصب کے لئے جائز ذرائع عدل و انصاف استعمال کرنا چاہے تو یہ ناممکن ہو جائے گا کیونکہ یہ عہدہ داران حکومت ہی حکومت کے ہاتھ پیر ہوتے ہیں، جب یہ خائن ہو جائیں یا نااہل ہوں تو عدل و انصاف کیونکر ممکن ہو سکتا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) ابن منظور، لسان العرب، ص: ۱۲/۱۴۱، الطبعة الثالثة، دار صادر، بيروت، ١٤١٤ هـ

۲) الزّبيدي، تاج العروس من جواہر القاموس، ص:۴/۲۸۱، دار الهداية

۳) الدكتور أحمد مختار عمر، معجم اللغة العربية المعاصرة، ص:۵۴۰، عالم الكتب، القاهرة ۲۰۰۸

۴) المعجم الوسيط، مجمع اللغة العربية بالقاهرة، ص:۲/۹۲۴، دارالدعوة

۵) ابن منظور، لسان العرب، ص: ۸/۹۶

۶) ابن قیم، إعلام الموقعین، ۳/۱۱۷، دارالکتب العلمية، بيروت

۷) سورۃ النساء:۵۸

۸) ابن العربی، احکام القرآن، ص:۱/۴۵۰، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۹۸۸م

۹) مفتی شفیع، معارف القرآن، ص:۲/ ۴۴۶، ادارہ معارف القرآن، ۲۰۰۶ء

۱۰) ابوالأعلی مودودی، تفہیم القرآن، ص:۲/۱۳۴، اسلامک پبلی کیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور، ۲۰۰۳ء

۱۱) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۲۲، دار إحياء التراث العربي، بيروت

۱۲) صحیح بخاری، حدیث نمبر ۱۵۶۱، :الناشر: دار طوق النجاة، الطبعة الأولى، ١٤٢٢ هـ

۱۳) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۲۰

۱۴) ﴿قَالَ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ﴾ سورۃ البقرۃ:۲۴۷

۱۵) ﴿قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ﴾ سورۃ یوسف:۵۵

۱۶) ﴿إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ﴾ سورۃ القصص:۲۶

۱۷) مسند أحمد، مسند ابی ہریرۃ، حدیث نمبر ۸۶۸۷، الناشر: مؤسسة الرسالة، الطبعة: الأولى، ۲۰۰۱م

۱۸) مسند أحمد، مسند ابی ہریرۃ، حدیث نمبر ۸۷۲۹

۱۹) سنن ابوداؤد، حدیث نمبر ۵۱۴، المكتبة العصرية، صيدا، بيروت

۲۰) صحیح بخاری، حدیث نمبر ۸۵۹

۲۱) مسند أحمد، مسند حذيفة بن اليمان، حدیث نمبر ۲۳۳۷۷

۲۲) مسند أحمد، مسند ابی ہریرۃ، حدیث نمبر ۷۸۸۷

۲۳) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۶

۲۴) المعجم الکبیر،الطبرانی حدیث نمبر۱۱۲۱۶،دار النشر:مكتبة ابن تيمية، القاهرة
۲۵) مسند أحمد، مسند ابی بکر، حدیث نمبر ۲
۲۶) ابن کثیر، مسند الفاروق، ص:۲/ ۵۳۷، دار النشر:دارالوفاء، المنصورة
۲۷) ابن کثیر، مسند الفاروق، ص:۲/۵۳۷
۲۸) البیہقی، السنن الکبری، حدیث نمبر۲۰۴۷۴،دارالكتب العلمية، بيروت، لبنان، ١٤٢٤ هـ
۲۹) صحیح بخاری، حدیث نمبر ۲۰۶۴
۳۰) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۲۷
۳۱) البیہقی ، شعب الإیمان، حدیث نمبر ۷۲۶۹، مكتبة الرشد للنشر والتوزيع بالرياض، الطبعة الأولى، ١٤٢٣ هـ-٢٠٠٣ م
۳۲) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۳۰
۳۳) مسند احمد، حدیث عدی بن عمیرہ الکندی، حدیث نمبر ۱۷۷۱۷
۳۴) مسند احمد، حدیث مستورد بن شداد، حدیث نمبر ۱۸۰۱۷
۳۵) سنن ابوداؤد، حدیث نمبر ۱۱۷۶
۳۶) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۳۰
۳۷) صحیح مسلم، حدیث نمبر ۱۹
۳۸) مسند أحمد، حدیث مقداد بن الأسود، حدیث نمبر ۲۳۸۱۵
۳۹) سورۃ النساء:۸۵
۴۰) مسند أحمد، حدیث ابي موسی الأشعری، حدیث نمبر ۱۹۷۰۶
۴۱) مسند أحمد، مسند ابي بکر الصدیق، حدیث نمبر ۲۱
۴۲) ابن سعد ، الطبقات، ص:۳ /۱۳۷ ، دار صادر بيروت، الطبعة الأولى، ١٩٦٨ م
۴۳) ابن سعد ، الطبقات، ص:۳ /۱۳۷
۴۴) ابن سعد ، الطبقات، ص:۳ /۱۳۷
۴۵) القاضی أبو یوسف، کتاب الخراج، ص:۶۷، دار المعرفة بيروت لبنان بولاق عام ۱۳۰۲ھ
۴۶) علی متقی ، کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال، ص:۶/ ۳۵۰، مؤسسة الرسالة
۴۷) ابن سعد ، الطبقات، ص:۳ /۱۹۹

۴۸) محمد بن جریر الطبری، تاریخ الطبری ،ص:۴/۲۴۱ دار التراث بیروت، الطبعة الثانية - ۱۳۸۷ ھ
۴۹) کنز العمال، ص:۶/۳۶۰
۵۰) کنز العمال، ص:۶/۳۵۷
۵۱) کنز العمال، ص:۶/۳۵۷
۵۲) ابن سعد ، الطبقات، ص:۳/۱۹۹
۵۳) کنز العمال، ص:۶/۳۶۰
۵۴) کنز العمال، ص:۶/۳۵۰
۵۵) کنز العمال، ص:۶/۳۶۰
۵۶) محمد بن جریر الطبری، تاریخ الطبری، ص:۴/۲۴۵
۵۷) محمد بن جریر الطبری، تاریخ الطبری، ص:۴/۲۴۵
۵۸) القاضي أبو یوسف، کتاب الخراج، ص:۲۶۷
۵۹) محمد بن جریر الطبری، تاریخ الطبری، ص:۵/۱۳۰
۶۰) محمد بن جریر الطبری، تاریخ الطبری، ص:۴/۶۹
۶۱) ابن شیبه، مصنف ابن شیبه، ص:۶/۴۵۸ مكتبة الرشد، الرياض
۶۲) مسند أحمد، مسند علی بن طالب، حدیث نمبر ۵۷۸
۶۳) سنن ابو داؤد، حدیث نمبر ۱۸۰
۶۴) الطبرانی، الطبرانی الکبیر، ص: ۲/۱۹، مكتبة ابن تيمية، القاهرة
۶۵) سورۃ آل عمرآن :۲۰۰
۶۶) صحیح بخاری، حدیث نمبر ۱۶۳
۶۷) سورۃ الأنفال:۱۶
۶۸) صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر ۴۲
۶۹) اقبال، ضرب کلیم، ص:۹۳، "زمانہ حاضر کا انسان"،۱۹۹۶ء، نیشنل بک فاؤنڈیشن۔

* *

زیب وزینت میں لباس کی شرعی حیثیت

Fashionable Dressing according to Shariah

سبین اکبر*

ABSTRACT

Fashionable dressing is a very sensitive issue for females, it creates sometimes confusion that what are the limits and orders of "Shariah" for it. So I try to inform all females a proper dress code in the light of Islamic "Shariah".

Islam is not against the fashion but it says that it should be only for "Mahrams" and it should not be out of limits. So the article deals to clarify needs and importance of dress, dress codes in Islam as well as the usage of different type of dressings like thin, fitted, expensive and costly, male dresses, uneven *(not according to Islam) etc.It* will clarify the confusion which makes us confused in fashionable dressing and how much it is allowed to keep them in use.

Islam has provided guidance in dressing like in any other fields of life as well as fashion is allowed by Allah as blessing but according to the rules and regulation of Islamic "Shariah" and do not try to go against it. That is why we have to be aware and careful while fashioning.

Keywords: Fashion, Dress ,Shariah, Usage of dresses, Females.

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، بلوچستان یونیورسٹی آف آئی ٹی اینڈ منیجمنٹ سائنس، کوئٹہ

شریعت اسلامیہ نے جیسے دیگر امور و معاملات میں فطرت انسانیہ وطبیعت انسانیہ کے تقاضوں کے پیش نظر عرف وعادات کو سوار حکم بنایا، ایسے ہی زیب و زینت کے معاملہ میں دائرہ جواز کو بڑا وسیع رکھا۔ دوسری طرف دینِ حنیف کو چونکہ قانونِ الٰہی کا شرف حاصل ہے جو انسان کے فطرتِ سلیمہ کے عین مطابق ہے اس لئے اس میں ان فطری تقاضوں کا لحاظ بھی ایک لازمی امر تھا۔ تاکہ عرف وعادات کی آڑلے کر کہیں سادہ لوح مسلمان یورپی بہیمانہ تہذیب کے خوگر نہ بنیں، اس لئے انسانی زندگی کے دیگر پہلوؤں کی طرح اسلام میں زیب وزینت میں لباس کو خاطر خواہ اہمیت حاصل ہے۔

زیب وزینت کا معنی ومفہوم:

زیب و زینت کا استعمال تزئین اور تجمل میں ہے اور اس کے معنی خوبصورت بننا اور اس کی کوشش کرنا اور خوبصورت بننے کے ذرائع استعمال کرنا ہے۔ مولانا وحید الزمان اپنی کتاب "القاموس الوحید" میں زیب و زینت کے لغوی معنی اس طرح بیان کرتے ہیں کہ: "زیب و زینت کے لغوی معنی آراستہ کرنے، خوبصورت بنانے" کے ہیں۔ عربی میں "امراۃ زائنۃ" کے لغوی معنی "بنی سنوری ہوئی عورت" کے آتے ہیں(۱)۔

جبکہ "لسان العرب" میں زیب وزینت کا تقابل کچھ یوں بیان ہوا ہے کہ:

> "اس کا مد مقابل لفظ عربی میں "شین" بگڑا ہوا آتا ہے۔ زینت کا اصل مادہ "زین" ہے اس لئے بننے سنورنے والے کو مذین کہتے ہیں اسی طرح زینت کے معنی ہر اس چیز کے آتے ہیں جس سے آراستگی کی جائے آراستہ ہو جائے یا بنا سنورا جائے اس کا ایک لفظ "تزین" بھی آتا ہے جس کے باب تفصل ہونے کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ "زینت" کا لغت میں کسی زائد چیز پر اطلاق ہوتا ہے۔"(۲)

مذکورہ بالا تعریفات کی روشنی میں زیب و زینت کا اصطلاحی مفہوم بھی واضح ہوتا ہے جس سے مراد وہ تمام طریقے یا ذرائع ہیں کہ جن مدد سے کوئی شخص اپنے آپ کو آراستہ و پیراستہ کرتا ہے اور اس کے علاوہ زینت و سنگھار کا لفظ اصلی حسن کو بھی شامل ہے اور اس کو بھی حسن اصل میں اضافہ کیا جائے۔ کیونکہ قرآن کریم میں اصلی حسن کی بعض چیزوں کو بھی زینت کہا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَقُل لِّلْمُؤْمِنَٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَٰرِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ﴾[۳]

(اور کہہ دے ایمان والیوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں اور تھامتی رہیں اپنی ستر کو اور نہ دکھلائیں اپنا سنگھار۔)

مندرجہ بالا آیت میں ستر پوشی، زینت اور حُسنِ اصلی کی نمائش مراد لی گئی ہے، مزید مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ زینت کا مفہوم کچھ یوں لکھتے ہیں کہ:

"سنگھار عرف میں خارجی اور کسی آرائش کو کہتے ہیں جو مثلاً لباس یا زیور وغیرہ سے حاصل ہو۔ احقر کے نزدیک یہاں "زینت" کا ترجمہ "سنگھار" کے بجائے زیبائش کیا جاتا تو زیادہ جامع اور مناسب ہوتا، زیبائش کا لفظ ہر قسم کی خلقی اور زینت کو شامل ہے، خواہ جسم کی پیدائشی ساخت سے متعلق ہو یا پوشاک وغیرہ خارجی ٹیپ ٹاپ سے۔"[۴]

زیب وزینت کی ضرورت واہمیت:

ہر انسان مرد ہو یا عورت اگر فطرت سلیمہ پر قائم ہو، لباس و پوشاک اور جسم کی صفائی و ستھرائی کا خیال رکھتا ہے۔ لباس بھی ایسا کہ اس کا جسم دوسروں سے مستور رہے یہ انسان کا فطری تقاضا ہے۔ اور پھر جہاں عورتوں کی بات آتی ہے تو عورت کو انسانی زندگی میں بہت اہم مقام حاصل ہے۔ عورت مرقعِ فطرت ہے، کائنات کا سارا حُسن عورت ہی کے دم قدم سے ہے اور اسلام نے عورت کو سب سے پہلے اس کے وجود، حیثیت اور مرتبے کا احساس دلایا ہے اور یہ عورت پر اسلام کا احسان ہے اور اس کے علاوہ عورت کو زیب وزینت کا بنیادی و فطری حق بھی دیا ہے، جو کہ بعض حالات میں اس پر واجب ہو جاتا ہے لیکن موجودہ زمانے میں نت نئے فیشن نے ہر معاملے میں آگے بڑھنے کی دوڑ نے عورت کو بناؤ سنگھار کے معاملے میں حدود سے آگے نکال دیا ہے، حالانکہ دین اسلام میں صرف محرموں کے سامنے زیب وزینت کا اظہار کرنا جائز قرار دیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ ءَابَآئِهِنَّ أَوْ ءَابَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَآئِهِنَّ أَوْ أَبْنَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ

إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ أَخَوَٰتِهِنَّ أَوْ نِسَآئِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَٰنُهُنَّ أَوِ ٱلتَّٰبِعِينَ غَيْرِ أُو۟لِى ٱلْإِرْبَةِ مِنَ ٱلرِّجَالِ أَوِ ٱلطِّفْلِ ٱلَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا۟ عَلَىٰ عَوْرَٰتِ ٱلنِّسَآءِ ﴾ (۵)

(اور نہ کھولیں اپنا سنگھار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے یا اپنے خاوند کے بیٹے کے یا اپنے بھائی کے یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی عورتوں کے یا اپنے ہاتھ کے مال یا کاروبار کرنے والوں کے جو مرد کہ کچھ غرض نہیں رکھتے یا لڑکوں کے جنہوں نے ابھی نہیں پہچانا عورتوں کے بھید کو)۔

مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے ترجمے کی تفسیر "تفسیر القرآن الحکیم" میں کچھ یوں بیان کرتے ہیں کہ:

"یہاں سلف یہ بتلاتا ہے کہ جس قدر ستر کا اہتمام اجنبیوں سے تھا، اتنا محارم سے نہیں۔ یہ مطلب نہیں کہ ہر ایک عضو کو ان میں سے ہر ایک کے آگے کھول سکتی ہے یعنی جو عورتیں اس کے پاس بیٹھنے والی ہوں بشرطیکہ نیک چلن ہوں۔ بدراہ عورتوں کے سامنے نہیں اور بہت سے سلف کے نزدیک اس سے مسلمان عورتیں مراد ہیں۔ کافر عورت اجنبی مرد کے حکم میں ہیں، یعنی اپنی لونڈیاں (باندیاں) اور بعض سلف کے نزدیک محلوک غلام بھی اس میں داخل ہیں اور ظاہر قرآن سے اس کی تائید ہوتی ہے لیکن جمہور ائمہ وسلف کا یہ مذہب نہیں، یعنی کمیرے، خدمتگار جو محض اپنے کام سے کام رکھیں اور کھانے سونے میں غرق ہوں شوخی نہ رکھتے ہوں یا فاتر العقل، پاگل جن کے حواس وغیرہ بھی ٹھکانے نہ ہوں۔ محض کھانے پینے میں گھر والوں کے ساتھ لگے ہوئے ہیں یا جن لڑکوں کو ابھی تک نسوانی سرائر کی کوئی تمیز نہیں، نہ نسوانی جذبات رکھتے ہیں۔" (۶)

اسلام عورت کے بناؤ سنگھار کا قطعی مخالف نہیں ہے، لیکن اتنا ضرور چاہتا ہے کہ عورت کا بناؤ سنگھار حدود سے باہر نہ ہو، دنیا کے ہر رخ پہ ہونے کے بجائے صرف ایک رخ پہ ہو جائے، پردے کی شرعی پابندی کے ساتھ ہو۔ نامحرم مردوں کے بجائے صرف ایک ہی مرد کے لئے کیا جائے اور اس بناؤ سنگھار کو اس کے محارم ہی دیکھ سکیں اور وہ بھی مکمل آداب کے ساتھ۔ جیسا کہ شریعت نے زیب و زینت اختیار

کرنے، صاف ستھرا رہنے اور لباس و پوشاک کا خیال رکھنے کی اجازت دی ہے۔ وہیں کچھ حدود و قیود بیان کئے ہیں جن کی پابندی کا حکم ہے۔ اس سلسلے میں رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ:

((لا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ، قَالَ رَجُلٌ: إِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ أَنْ يَكُونَ ثَوْبُهُ حَسَنًا، وَنَعْلُهُ حَسَنَةً، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ، الْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ، وَغَمْطُ النَّاسِ)) [۷]

(جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہو گا، وہ جنت میں داخل نہ ہو گا۔ اس پر ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! ہم سے کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا لباس عمدہ ہو، جوتا عمدہ ہو، تو کیا یہ بھی تکبر میں داخل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جمیل ہے، حسن و جمال کو پسند کرتا ہے۔ تکبر تو یہ ہے کہ حق بات کو قبول نہ کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا اور ان کے ساتھ توہین آمیز رویہ رکھنا۔)

اس سے واضح ہوا کہ شرعی حدود میں رہ کر عمدہ لباس سے زیب و زینت اختیار کرنا شرعاً ممنوع نہیں، بلکہ محمود ہے۔ لہٰذا مرد و عورت دونوں کو شرعی حدود میں رہتے ہوئے اور اسلام کے بنیادی احکامات کو مد نظر رکھتے ہوئے لباس زیب تن رکھنا چاہیئے۔

لباس کا مفہوم:

"لباس" عربی زبان کا لفظ ہے اور لغت کے اعتبار سے لباس کا اطلاق ہر اس چیز پر ہوتا ہے جو انسان زیب تن کرے۔ عربی لغت کے مشہور عالم علامہ ابن منظور افریقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

واللِّباسُ: ما يُلْبَس، وكذلك المَلْبَس واللِّبْسُ، بالكسر، مثلُه[۸]

(اور لباس نام اس چیز کا جو پہنی جائے اور اسی طرح اس کو ملبس (بروزن مذہب) بھی کہتے ہیں، نیز لبس بھی اسی طرح ہے)۔

جہاں تک لباس کے شرعی معنی کا تعلق ہے تو شریعت اسلامیہ نے جیسے دیگر امور و معاملات میں فطرت انسانیہ و طبیعت انسانیہ کے پیش نظر عرف و عادات کو مدار حکم بنایا، ایسے ہی لباس کے معاملے میں دائرہ جواز کو بڑا وسیع رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ دین اسلام نے سکھ قوم کی طرح امت مسلمہ کے افراد کو ایک

خاص ہیت و وردی کا پابند نہیں کیا۔ بلکہ انسانی زندگی کے وسیع ترین پہلو لباس کے معاملے میں وسعت نظری کو ملحوظ رکھا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ يَٰبَنِيٓ ءَادَمَ قَدۡ أَنزَلۡنَا عَلَيۡكُمۡ لِبَاسٗا يُوَٰرِي سَوۡءَٰتِكُمۡ وَرِيشٗاۖ ﴾ (۹)

(اے اولاد آدم! ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا جو تمہاری پردہ داریوں کو چھپاتا ہے اور موجب زینت بھی ہے۔)

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"یعنی اس ظاہری لباس کے علاوہ جس سے صرف بدن کا ستر یا تزین ہوتا ہے ایک معنوی پوشاک بھی ہے جس سے انسان کی باطنی کمزوریاں جن کے ظاہر کرنے کی اس میں استطاعت پائی جاتی ہے پر وہ خفا میں رہتی ہیں، منصّہ ظہور و فعلیت پر نہیں آنے پاتیں اور یہی معنوی پوشاک سے قرآن نے لباس التقوی فرمایا باطن کی زینت و آرائش کا ذریعہ بنتی ہے بلکہ اگر غور کیا جائے تو ظاہری بدنی لباس بھی اس باطنی لباس کو زیب تن کرنے کے لئے شرعاً مطلوب ہے۔"(۱۰)

لباس کی ضرورت واہمیت:

لباس سے ستر ڈھانکنا بے حد ضروری اور بنیادی احکامات میں سے ہے، لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی حکم یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے کسی قول و عمل سے بات ثابت نہیں ہے کہ انہوں نے کسی خاص لباس کو تمام مسلمانوں کے لئے لازم کر دیا ہو۔ تاہم ذخیرۂ احادیث اور کتب فقہ کے مطالعے سے یہ ضرور ثابت ہے کہ لباس کے سلسلے میں چند اہم شرائط ہیں اور ان شرائط کو مد نظر رکھ کر کوئی بھی لباس پہنا جاسکتا ہے۔ جبکہ خواتین کے لباس میں دور حاضر میں جو طریقہ کار عام ہیں وہ یہ ہیں کہ:

- باریک لباس کا استعمال
- تنگ لباس کا استعمال
- قیمتی و مہنگے لباس کا استعمال
- مردانہ لباس کا استعمال

- غیر اسلامی لباس کا استعمال وغیرہ

اسلام میں ستر پوشی کی حدود:

اسلام جس طرح باقی مذاہب سے ممتاز اور کامل دین ہے۔ اسی طرح اسلامی لباس بھی دیگر قوموں کے لباس سے جداگانہ حیثیت رکھتا ہے جسے اختیار کئے بغیر کوئی شخص کامل مسلمان نہیں ہو سکتا۔ جبکہ اسلام نے کسی خاص لباس کو شرعی لباس قرار نہیں دیا، بلکہ لباس کے بارے میں حدود متعین کر دیئے ہیں۔ وہ بھی اس لئے کہ معاشرے میں فتنے کو تقویت نہ ملے اور تاکید کی گئی کہ لباس ایسا ہو، جو سر سے لے کر پاؤں تک تمام جسم کو ڈھک دے۔ کیونکہ ستر ڈھانپنے کے بعد لباس پہننا واجب ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ يَٰبَنِيٓ ءَادَمَ قَدۡ أَنزَلۡنَا عَلَيۡكُمۡ لِبَاسٗا يُوَٰرِي سَوۡءَٰتِكُمۡ وَرِيشٗاۖ وَلِبَاسُ ٱلتَّقۡوَىٰ ذَٰلِكَ خَيۡرٞۚ ذَٰلِكَ مِنۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُونَ ﴾ (11)

(اے اولاد آدم! ہم نے تم پر لباس نازل کیا کہ تمہارے جسم کے قابل حصوں کو ڈھانکے اور تمہارے جسم کی حفاظت اور زینت کا ذریعہ بھی ہو اور بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔)

یعنی یہ نہ سمجھو کہ نعمت تو ظاہری لباس ہی ہے، جیسے کیسے بھی ہو۔ بلکہ لباس ظاہری کی مشروعیت ہی اصل میں اس لئے ہے کہ تم اس کے ذریعے لباس تقویٰ یعنی پرہیز گاری اور گناہوں سے حد درجہ دور رہنے کا لباس حاصل کر سکو، جو تمہیں گناہوں سے دور رکھ کر تمہارے ظاہری و باطنی حسن کے نکھار کا سبب بنے۔ مزید یہ کہ لباس اپنی استطاعت کے مطابق ہونا چاہیئے۔ فخر و نمائش اور تکلف کا اہتمام کرنا درست نہیں چنانچہ فخر، تکبر اور دکھاوے سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ارشاد نبوی ہے:

((من لبس ثياب شهرة في الدنيا ألبسه الله لباس الذل يوم القيامة)) (12)

"جو شخص اپنی عزت طلبی اور بڑائی کے اظہار کی غرض سے اعلیٰ و نفیس لباس پہنے، اللہ رب العزت اسے قیامت کے دن ذلت و حقارت کا لباس پہنائے گا۔"

یعنی کا پورا بدن "ستر" ہے۔ جسے چھپانا شرعی، طبعی اور عقلی طور پر فرض ہے اور ایمان کے بعد سب سے پہلا فرض جس پر عمل ضروری ہے وہ ستر عورت ہے یعنی اعضائے مستورہ کو چھپانا ہے۔

باریک لباس کا استعمال:

اسلام نے عورت کو حیاء اور شرم سکھائی ہے اور ایسے کپڑے پہننے کی ممانعت فرمائی ہے جن کا پہننا یا نہ پہننا برابر ہو۔ عورتیں سروں پر ایسے دوپٹے اوڑھیں جن سے بال چھپ جائیں، گردن اور گلہ ڈھک جائے۔ قمیض، جمپر اور فراک بھی ایسا پہنیں جن سے بدن نظر نہ آئے۔ آستین پورے ہوں، گلے اور گریبان میں اس بات کا خیال رکھیں کہ پیچھے اور آگے سینے کا کچھ بھی حصہ کھلا نہ رہے۔ شلوار اور ساڑھی وغیرہ بھی ایسے کپڑوں کی پہنیں، جس سے ران، پنڈلی وغیرہ کا کوئی حصہ دکھائی نہ دے یعنی لباس اتنا ہلکا و باریک نہ ہو کہ جسم اندر سے نظر آئے۔ چنانچہ اس سلسلے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے:

((أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ ، فَأَعْرَضَ عَنْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)) (١٣)

(اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائیں اور انہوں نے باریک لباس زین تن کیا ہوا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ موڑ لیا۔)

دراصل باریک لباس جس سے جسم نظر آئے، ایسے کپڑے کا پہننا یا نہ پہننا برابر ہے۔ ایسا لباس شریعت کی نظر میں لباس ہی نہیں ہے۔ اور جو خواتین بہت باریک اور چست لباس پہنتی ہیں جس کی وجہ سے کپڑے پہننے کے باوجود جسم کی بناوٹ دوسروں کے سامنے نمایاں ہوتی ہے، ایسی خواتین کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا: قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ. وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ، رُؤُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ. لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا، وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا)) (١٤)

(دو قسم کے لوگ جہنمی ہیں جنہیں میں نے نہیں دیکھا ہے۔ ایک وہ لوگ ہیں جن کے ہاتھوں میں گائے کی دموں کی طرح کوڑے ہیں جن سے وہ لوگوں کو پیٹ رہے ہیں۔ ایک جماعت ایسی عورتوں کی ہوگی جو کپڑے پہنے ہوں گی (مگر اُس کے باوجود) ننگی ہوں گی۔ (مردوں کو) مائل کرنے والی اور (خود اُن کی طرف) مائل ہونے والی ہوں گی

اُن کے سر خوب بڑے بڑے اونٹوں کے کوہانوں کی طرح ہوں گے، جو جھکے ہوئے ہوں
گے۔ یہ عورتیں نہ جنت میں داخل ہوں گی اور نہ اُس کی خوشبو سونگھیں گی۔ اور اس میں
شک نہیں کہ جنت کی خوشبو اتنی اتنی دور سے سونگھی جاسکتی ہیں۔)

دورِ حاضر کے فیشن نے لباس کے اصل مقصد کو بالائے طاق رکھ دیا ہے۔ آج کل خواتین میں ایسے لباس کا زیب تن کرنا عام رواج ہو گیا ہے جس نے رسول ﷺ کی پیشینگوئی کو سچا اور پورا کر دیا۔ اور ایسا لگتا ہے کہ آپ ﷺ نے آج کی فیشن ایبل عورتوں کو دیکھ کر یہ بات ارشاد فرمائی۔ لہذا ہمیں لباس زیب تن کرتے ہوئے اس قسم کی زیب وزینت سے اجتناب کرنا چاہیئے۔

علامہ ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "احکام القرآن" میں باریک لباس سے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"جس طرح سرے سے بے پردہ لباس پہننا حرام ہے بالکل اسی طرح ایسی فیشنی چادروں
اور برقعوں اور کپڑوں سے کہ جن سے بدن یا اپنے کپڑے جھلکتے ہوں، پردہ کرنا جائز نہیں
بلکہ پردہ اور ستر کو موٹے جس سے بدن نظر نہ آئے کپڑے سے کرنا چاہیئے۔ یہ بھی تبرج
میں سے ہے کہ کہ عورت ایسا باریک لباس پہنے جس سے اس کا بدن نظر آئے"۔[۱۵]

خلاصہ یہ ہے کہ خواتین کا ایسا لباس پہننا جس میں جسم کے پوشیدہ اعضاء کی وضاحت ہوتی ہو، حرام اور ناجائز ہے۔

تنگ لباس کا استعمال:

لباس پہننے کا اصل مقصد ستر عورت ہے اور عورتوں کو مکمل بدن ڈھانپنے کا پابند کیا گیا ہے۔ اسی لئے عورتوں کو حکم دیا گیا ہے کہ باہر نکلتے وقت بڑی چادر اوڑھ لیں، تاکہ ان کے جسم کا کوئی حصہ کھلا نظر نہ آئے۔ لہذا ایسا لباس پہننا، جو جسم کے پوشیدہ اعضاء کی نمائش کا باعث بنے، قِلّتِ حیاء کی علامت ہے۔ مسلمان عورت قطعاً اس کو پسند نہیں کرتی کہ اپنے جسم کے اعضاء کی نمائش کراتی پھرے، کیونکہ اس سے عورت کا جسم ظاہر ہوتا ہے اور صورتاً یہ کپڑے پہنے ہوئے ہیں مگر حقیقتاً برہنہ ہیں۔

دراصل تنگ لباس کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ اس سے جسم کی ساخت، ابھار اور مکمل خدوخال نمایاں ہوتے ہیں اور یہی وہ چیز ہے جو گزشتہ سطور میں ذکر کی گئی، بعض جہنمی عورتوں کی خاصیت

بیان کی گئی ہے کہ وہ حقیقت میں برہنہ، بظاہر کپڑے پہنے ہوں گی، اس حدیث کو مد نظر رکھتے ہوئے تنگ لباس کی ممانعت کا قاعدہ کلیہ علامہ کاسانی "بدائع الصنائع" میں لکھتے ہیں:

"ثم إنما يحرم النظر من الأجنبية إلى سائر أعضائها سوى الوجه والكفين أو القدمين إذا كانت مكشوفة فأما إذا كانت مستورة بالثوب فإن كان ثوبها صفيقا لا يلتزق ببدنها فلا بأس أن يتأملها ويتأمل جسدها لأن المنظور إليه الثوب دون البدن وإن كان ثوبها رقيقا يصف ما تحته ويشف أو كان صفيقا لكنه يلتزق ببدنها حتى يستبين له جسدها فلا يحل له النظر لأنه إذا استبان جسدها كانت كاسية صورة عارية حقيقة وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم لعن الله الكاسيات العاريات" [١٦]

(اجنبی عورت کا تمام بدن، چہرہ ہاتھ اور دونوں پاؤں کے سوا دوسرے حصوں پر نظر ڈالنا اُس وقت حرام ہیں جب وہ کھلے ہوں لیکن اگر وہ کپڑے میں چھپے ہوں پھر اگر کپڑا موٹا ہو جو اُس کے بدن کے ساتھ چپکا ہوا نہ ہو تو اُس کو غور سے دیکھنے اور اُس کے جسم پر نگاہ ڈالنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اس لئے کہ اس صورت میں اُس کی نگاہ کا مرکز کپڑا ہے بدن نہیں ہے اور اگر وہ کپڑا باریک ہو جس سے نیچے والا حصہ جھانکتا ہوا نظر آتا ہو یا پھر وہ کپڑا دبیز ہو لیکن جسم کے ساتھ چپکا ہوا ہو یہاں تک کہ اس میں اُس کا جسم نظر آتا ہو تو اس صورت میں اُس کے لئے اُسے دیکھنا جائز نہیں ہے اس لئے کہ اس صورت میں یہ ظاہر ہو گیا ہے کہ اُس کا بدن اگرچہ بظاہر ڈھانپا ہوا ہے مگر حقیقت میں برہنہ ہے۔ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ ایسی عورتوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے۔)

اسلام پردے، حیاء اور وقار کا مذہب ہے اس لئے اسلامی لباس کھلا ہونا چاہیئے، کیونکہ سر عام نمائش غیر ایمانی کے سراسر خلاف ہے۔ ایسے حیاسوز لباس سے قطعاً اجتناب کیا جائے۔

قیمتی و مہنگے لباس کا استعمال:

اللہ رب العزت نے اگر وسعت دی، تو اس کا اظہار کرنا جائز ہے، بشرطیکہ نام ونمود اور شہرت مقصود نہ ہوں۔ فتاویٰ بر ازیہ میں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے بارے میں کچھ یوں آیا ہے کہ:

عن محمد أنه لم یر بأسا باللباس المرتفع جدا،قال علیه الصلاۃ والسلام تزین لعبادۃ ربك وقال علیه السلام إن الله جمیل یحب الجمال (۱۷)

(امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بہت قیمتی لباس پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے رب کی عبادت کیے لئے تزئین کیجیئے۔اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم مزید نے فرمایا بیشک اللہ تعالی خوبصورت ہے۔خوبصورتی کو پسند کرتا ہے)۔

گویا بہت قیمتی لباس پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ نام ونمود کے لئے نہ ہو دراصل لباس اپنی مالی استطاعت کے مطابق ہونا چاہیئے،مالی استطاعت سے بڑھ کر فخر ونمائش اور تکلف کا اہتمام کرنا درست نہیں اور اس میں اسراف کرنا ناجائز ہے۔

اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑا اصولی ارشاد ہے:

((كُلُوا وَاشْرَبُوا، وَتَصَدَّقُوا وَالْبَسُوا، مَا لَمْ يُخَالِطْهُ إِسْرَافٌ أَوْ مَخِيلَةٌ)) (۱۸)

(کھاؤ پیو اور صدقہ کرو البتہ اسراف اور تکبر سے اجتناب کرو۔)

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح کا کپڑا چاہو، پہنو، تمہارے لئے جائز ہے، لیکن اس میں اسراف نہ ہو اور اسراف اسی وقت ہوتا ہے جب آدمی اپنی حیثیت سے بڑھ کر نمائش کے لئے کپڑا پہنتا ہے اور جس کے پہننے سے تکبر پیدا ہوتا ہے، لیکن اگر اسراف و نمائش سے بچتے ہوئے اپنا دل خوش کرنے کے لئے قیمتی لباس پہنا جائز ہے، یعنی ایسا لباس پہننا جس سے جسم کو راحت و آرام اور تھوڑا سا آسائش کا مقصد بھی حاصل ہو، اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ جائز ہے۔اس ضمن میں علامہ صابونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ومما یؤکد أن التزین والتجمل مطلوب، وانه لیس من الکبریا الذی نهی عنه الإسلام (۱۹)

(شرعی دائرے میں رہ کر زیب و زینت حاصل کرنا یہ تکبر میں داخل نہیں۔یہ اس بات کی تاکید کرتی ہے کہ زیب و زینت حاصل کرنا مطلوب ہے اور یہ اس تکبر میں داخل نہیں، جسے اسلام نے منع کیا ہے۔)

مردانہ لباس کا استعمال:

آج کل معاشرہ میں یہ چیزیں زیادہ مقبول ہو رہی ہیں کہ لڑکے، لڑکیوں کا لباس اور لڑکیاں، لڑکوں کے لباس سے زیب تن کرنے کے سیلاب کے بہاؤ میں بہہ رہے ہیں۔ مگر اسلام میں یہ سب باعث لعنت ہے۔ عورتوں کو مردانہ وضع اختیار کرنے کی ممانعت کے ضمن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

((لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْأَةِ، وَالمَرْأَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ)) [۲۰]

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے مرد پر لعنت کی جو عورت کا لباس پہنے اور ایسی عورت پر لعنت کی جو مرد کا لباس پہنے۔)

ایک اور حدیث میں ہے کہ:

((وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ: لَيَّةً لَا لَيَّتَينِ)) [۲۱]

(حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ وہ دوپٹہ باندھے ہوئے تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دوپٹہ ایک بار لپیٹ کر اوڑھا کرو، مردوں کے دھاڑے کی طرح نہ باندھا کرو۔)

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات سے بہت ہی نفرت تھی کہ مرد، زنانہ لباس پہنے یا کسی طرح بھی زنانہ پن اختیار کرے۔ اور اس بات سے بھی سخت نفرت تھی کہ عورتیں مردانہ لباس پہنیں یا مردانہ لباس اور چال ڈھال اختیار کریں اور اس نفرت کے باعث اس طرح کے مردوں اور عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔

لیکن اگر مردانہ لباس کا استعمال گھر ہی میں ہو تو ضرورت کے وقت جائز ہے، بلا ضرورت گھر میں بھی جائز نہیں۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ابن سیرین کا قول مردانہ لباس کے بارے میں یوں ہے کہ:

كانوا يكرهون زي الرجال للنساء، وزي النساء للرجال [۲۲]

(صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم مردوں کے طور طریقوں کو عورتوں کے لئے اور عورتوں کے طور طریقے مردوں کے لئے پسند نہیں کرتے تھے۔)

مصنف ابن ابی شیبہ اپنی کتاب "كتاب اللباس و الزينة" میں کچھ یوں لکھتے ہیں کہ:

"لأن الضرورات تبيح المحظورات" [٢٣]۔

(ضرورتیں محظورات کو جائز قرار دے دیتی ہیں۔)

غیر اسلامی لباس کا استعمال:

فیشن کے پیچھے چلنے میں خواتین سب سے آگے ہیں، خاص طور پر اس زمانے میں فیشن کی اتباع میں ان کا جو مزاج بن چکا ہے وہ قابل اصلاح ہے۔ وہ سمجھتی ہیں کہ لباس اپنے لئے نہیں بلکہ دوسروں کے لئے ہے، جس میں باریک دوپٹہ اوڑھنا، آدھی آستین کی قمیض پہننا، شلوار ٹخنوں سے اوپر رکھنا، باریک لباس، بلاؤز، منی، جاندار کی تصاویر والے لباس، مزین برقع وغیرہ اس قسم کے لباس زیب تن کر کے وہ اپنے آپ کو فیشن ایبل سمجھتی ہیں۔ اور اسی راہ پر سمجھتے ہوئے وہ غیر اسلامی لباس سے زیب وزینت اختیار کرنے میں فخر محسوس کرتی ہیں، جبکہ شریعت میں اس قسم کے لباس کی شدید ممانعت ہے۔

باریک دوپٹہ کے بارے میں حضرت علقمہ ابی بن علقمہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں:

وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ أَبِي عَلْقَمَةَ عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ: دَخَلَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَلَى عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا خِمَارٌ رَقِيقٌ فَشَقَّتْهُ عَائِشَةُ وَكَسَتْهَا خمارا كثيفا [٢٤]

(حضرت حفصہ بنت عبدالرحمن اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائیں، انہوں نے باریک دوپٹہ اوڑھا ہوا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے پھاڑا اور اسے موٹا دوپٹہ پہنایا۔)

جبکہ آدھی آستین کی قمیض کے بارے میں علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہندہ رضی اللہ عنہا کا عمل یوں بیان کرتے ہیں کہ:

وكانت هند لها أزرار في كميها بين أصابعها والمعنى أنها كانت تخشى أن يبدو من جسدها شيء بسبب سعة كميها فكانت تزرر ذلك لئلا يبدو منه شيء فتدخل في قوله "كاسية عارية [٢٥]

(حضرت ہندہ رضی اللہ عنہا کا عمل منقول ہے کہ ان کی آستین کھلی ہوتی تھیں اور وہ اپنی آستینوں میں بٹن لگا کر اپنی انگلیوں میں ڈال دیتی تھی کہ وعید نبوی میں داخل نہ جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔اُس عورت کا بدن اگرچہ بظاہر ڈھانپا ہوا ہے مگر حقیقت میں وہ برہنہ ہے۔)

اسی طرح جہاں شریعت نے مردوں کو ٹخنے ڈھکنے سے منع فرمایا ہے، وہیں عورتوں کو ٹخنے چھپانے کا پابند کیا ہے۔ لہذا شریعت کے حکم کی خلاف ورزی یعنی مردوں کا ٹخنے ڈھکنا اور عورتوں کے ٹخنے کھلے رکھنا شیوۂ مسلمانی نہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ مِنْ الْخُيَلَاءِ لَمْ يَنْظُرْ اللَّهُ إِلَيْهِ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَكَيْفَ تَصْنَعُ النِّسَاءُ بِذُيُولِهِنَّ قَالَ تُرْخِينَهُ شِبْرًا قَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفَ أَقْدَامُهُنَّ قَالَ تُرْخِينَهُ ذِرَاعًا لَا تَزِدْنَ عَلَيْهِ)) [۲۶]

(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو از راہ تکبر اپنے لباس کو ٹخنوں سے نیچے رکھے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہیں کریں گے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا" عورتیں اپنے لباس کا کیا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتیں ایک بالشت نیچے لٹکالیں، اس پر حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہاتھ بھر اور نیچے لٹکالیں، اس سے زائد نہ لٹکائیں۔)

اسی طرح برقع یا بڑی چادر (دوپٹہ) پہننے کا مقصد اجانب و غیر محارم کی نگاہوں سے محفوظ رہنا اور اس بات کی اطلاع ہے کہ عورت پردہ دار ہے۔ جبکہ ایسا برقع جو بوڑھی عورتوں کو بھی جاذب نظر بنادے ہرگز پہننا جائز نہیں۔ مفتی محمد شفیع عثمانی "معارف القرآن" میں رقم طراز ہیں:

"جب زیور کی آواز تک کو قرآن نے اظہار زینت میں داخل قرار دے کر ممنوع فرمادیا تو مزین رنگوں کا کامدار برقع پہن کر نکلنا بدرجہ اولیٰ ممنوع ہو گا۔"[۲۷]

سفارشات:

شریعت میں لباس سے زیب وزینت کو خاص اہمیت حاصل ہے،بحیثیت اشرف المخلوقات اُسے دیگر حیوانات سے ممیز کرنے والی نہایت اہم شئے اس کا لباس ہے، لہذا ہمیں لباس کا چناؤ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل چیزوں کو مد نظر رکھنا چاہیئے۔

- ستر ڈھانپنے کے بقدر لباس پہننا جائے،جو خلاف شرع نہ ہو۔
- لباس اتنا ہلکا اور باریک نہ ہو کہ جسم اندر سے نظر آئے۔
- تنگ و چست نہ ہو۔
- عورتوں کو مردوں جیسا لباس زیب تن کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے۔
- لباس اپنی مالی استطاعت کے مطابق ہونا چاہیئے، فخر و نمائش اور تکلف کا اہتمام کرنے سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) کیرانوی، مولاناوحیدالزمان قاسمی، القاموس الوحید، ادارہ اسلامیات، لاہور، ۲۰۰۱ء، ص:۷۳۲

۲) ابن منظور الافریقی، علامہ ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکرم، لسان العرب، دارالفکر، بیروت، ۱۹۵۶ء، ص:۱۳/۲۰۱

۳) سورۃالنور:۳۱

۴) شبیر احمد عثمانی، فوائد القرآن (تفسیر عثمانی)، تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور، ۲۰۰۱ء، ص:۶۰۹

۵) سورۃالنور:۳۱

۶) شبیر احمد عثمانی، القرآن الحکیم، ص:۶۱۰

۷) مسلم بن حجاج القشیریؒ، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، باب تحریم الکبر وبیانه، دارالسلام، ریاض، ۱۹۹۹ء، رقم الحدیث:۲۶۵

۸) ابن منظور الافریقی، لسان العرب، دارالاحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۹۸۸ء، ص:۱۲/۲۲۳

۹) سورۃالاعراف:۷/۲۶

۱۰) عثمانی، علامہ شبیر احمد، تفسیر عثمانی، تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور۔۲۰۰۱ء، ص:۲۷۵

۱۱) سورۃالاعراف:۷/۲۶

۱۲) احمد بن حنبل، المسند، بیروت، ۱۳۹۶ھ، ص:۲/۲۲۱

۱۳) ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، السنن، کتاب اللباس، باب فیما تبدی المرأة من زینتها، دارلسلام، ریاض، ۱۹۹۹ء، رقم الحدیث:۱۴۰۴ : ۱۵۲۲

۱۴) مسلم بن حجاج القشیریؒ، کتاب اللباس والزینة، باب النساء الکاسیات العاریات المائلات والممیلات، رقم الحدیث:۵۵۸۲

۱۵) ابن العربی، ابی بکر محمد بن عبداللہ، احکام القرآن، ص:۳/۵۶۸

۱۶) الکاسانی، علاؤ الدین ابی بکر بن مسعود، بدائع الصنائع، کتاب الإستحسان، النوع السادس، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۳۰۴ھ، ص:۶/۴۹۶

۱۷) محمد بن شہاب، الفتاویٰ البزازیہ، کتاب الإستحسان، مکتبہ رشیدیہ، راولپنڈی، ۱۹۹۱ء، ص:۶/ ۳۷۷

۱۸) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب اللباس، باب قول اللہ تعالیٰ ﴿ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ ٱللَّهِ ٱلَّتِىٓ أَخْرَجَ لِعِبَادِهِۦ ﴾، دارالسلام، ریاض، ۱۹۹۹ء، ص:۴۹۴

۱۹) **مسلم بن حجاج القشیری، الجامع الصحیح**، کتاب الایمان، باب تحریم الکبر وبیانه، **رقم الحدیث، ۱۴۹**

۲۰) **ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، "السنن"**، کتاب اللباس، **رقم الحدیث، ۴۰۹۸، ۱۵۲۲**

۲۱) **ایضاً**، باب کیف الإختمار، **رقم الحدیث، ۴۱۱۵ : ۱۵۲۳**

۲۲) **ابن ابی شیبہ، عبداللہ بن محمد، المصنف**، کتاب اللباس والزینة، باب فی رکوب النساء السروج، **ص: ۲۰۵/۵**

۲۳) **ابن ابی شیبہ، عبداللہ بن محمد، المصنف**، کتاب اللباس والزینة، باب فی رکوب النساء السروج، **ص: ۲۰۵/۵**

۲۴) **ملا علی قاری، المرقاۃ المفاتیح**، کتاب اللباس، **مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ، ۱۹۹۷ء، ص: ۸/ ۲۴۷**

۲۵) **العسقلانی، احمد بن علی بن حجر، فتح الباری شرح البخاری**، کتاب اللباس، باب ما کان النبی یتجوز من اللباس والبسط، **قدیمی کتب خانہ، کراچی، ۱۹۹۶، ص: ۱۰/ ۳۷۳**

۲۶) **الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، السنن**، کتاب اللباس، باب ماجاء فی ذیول النساء، **دارالسلام، ریاض، ۱۹۹۹ء، رقم الحدیث، ۱۷۳۱**

۲۷) **عثمانی، مفتی محمد شفیع، معارف القرآن، مکتبہ معارف القرآن، کراچی، ۲۰۰۲ء، ص: ۶/ ۴۰۶**

* *

دورِ جدید میں میڈیا کی ضرورت واہمیت اور حقیقت احوال

Mass Media in the New Era: Importance & Realities

ڈاکٹر نور حیات خان*

ABSTRACT

This article highlights the role of media in the contemporary world. Man since his birth had bestowed with quest to enfold the encompassing surroundings. In addition, due to his very nature, it is almost impossible for him to keep himself indifferent from environment. With the process of time, his primitive means of communication enhanced to the level that is playing a vital role in the current globalized social set up. Consequently, string of communication has been expended and manifested in print, electronic and social media.

Media can play a very constructive, positive and meaningful role in accordance with the parameters laid down in Islam. But at the same time, it has a negative edge that can put human social set up in chaos and destruction. Current situation is that media specially western media is plaing a very undesirable role that is not only detrimental for the world as a whole, but specifically for the Muslim World.

Greater responsibility lies on the shoulders of media to play his positive and apostolic role. In the article, the writer highlights the incredible role of media for establishment of interfaith harmony and peace in human society. He stresses that man is in nuclear era, the situation is very tense and little mis-happening can destroy the whole world.

Keywords: Media, Social Media, Print Media, Mass Media, Meaningful role.

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو یجز، اسلام آباد

بین المذاہب ہم آہنگی اور امن وسلامتی کے لئے میڈیا کا کردار بہت اہم اور بنیادی ہے۔ اس سے انکار ناممکن ہے، انسانی معاشرہ اپنے ماحول اور گرو پیش سے لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ جدید دور ہو یا قدیم، انسان اپنے مافی الضمیر کے اظہار کے لئے ابلاغی ذرائع استعمال میں لاتا رہا ہے۔ اور ہر دور کے مطابق جدید سے جدید تر وسائل کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک رہنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔

صحافت کی تاریخ، انسانی تاریخ کی طرح دلچسپیوں سے عبارت ہے، پتھر کا زمانہ ہو یا لوہے کا، ہر دور میں انسان کو اپنے گرد و پیش میں دلچسپی رہی ہے اور یہی دلچسپی صحافت کو موجودہ عروج پر لے گئی ہے[۱]۔

میڈیا کا تعارف

صحافت (Journalism) یا ذرائع ابلاغ کے لئے انگریزی میں متبادل لفظ میڈیا استعمال ہوتا ہے۔ جس کی دو قسموں سے عموماً بحث کی گئی ہے:

۱۔ الیکٹرانک میڈیا جیسے ریڈیو، ٹی وی، ای میل وغیرہ

۲۔ پرنٹ میڈیا جیسے اخبار و رسائل، میگزین وغیرہ[۲]

لیکن آج کل میڈیا کی ایک تیسری قسم سوشل میڈیا (Social Media) کے نام سے جانا جاتا ہے جس سے مراد انٹرنیٹ بلوگز، سماجی روابط کی ویب سائٹس، موبائل ایس ایم ایس اور دیگر ذرائع ہیں، جن کے ذریعے خبریں اور معلوماتی مواد کو فروغ دیا جاتا ہے۔ آج کے دور میں سوشل میڈیا کی اہمیت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ روایتی میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی اور دیگر کاروباری افراد معلومات کو عوام تک پہنچانے کے لئے بڑی تعداد میں سوشل میڈیا سائٹس جیسے فیس بک (Facebook)، ٹوئٹر (Twitter)، مائی اسپیس (MySpace)، گوگل پلس (Google Plus)، اور دیگر سے جڑے ہوئے ہیں[۳]۔

ضرورت واہمیت:

میڈیا خواہ پرنٹ ہو یا الیکٹرانک یا پھر سوشل میڈیا، در حقیقت اپنے مفہوم کے اعتبار سے ایک مقدس کام اور ایک بڑی طاقت ہے، جو مفید بھی ہے اور مضر بھی۔ بالفاظ دیگر صحافت دراصل حقائق کے انکشاف کا نام ہے، جو ظلمات و تاریکی سے نکالنے اور نور روشنی میں لانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ قرآن کی

زبان میں یہ ایک پیغمبرانہ مشن کا نام ہے، ایسے مشن پر کام کرنے والوں کا سرپرست اللہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ٱللَّهُ وَلِيُّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ يُخۡرِجُهُم مِّنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِۖ وَٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَوۡلِيَآؤُهُمُ ٱلطَّٰغُوتُ يُخۡرِجُونَهُم مِّنَ ٱلنُّورِ إِلَى ٱلظُّلُمَٰتِۗ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ﴾ (۴)

(اللہ ان لوگوں کا جو ایمان لا کر حقیقت کا اعتراف کرتے ہیں، ولی ہے۔ ان کو ظلمات سے نکال کر روشنی میں لاتا ہے اور جو حقیقت کو چھپاتے ہیں طاغوت (شیطان) ان کا سرپرست ہے جو ان کو نور سے ظلمات میں داخل کردے گا)۔

میڈیا کسی اعلیٰ بلند و بالا اور انقلابی مقصد کی تیاری کا مؤثر ترین ذریعہ اور قوموں کی نظریاتی تربیت کا عمدہ اور فطری وسیلہ بھی ہے، لیکن اس میں جائز حدود سے تجاوز کرنا قرآن کی زبان میں طاغوت کی پیروی کے مترادف ہے۔ خدائی احکام حقیقت ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مرضی و منشا سے انسانوں کو باخبر رکھنا ایک فرض بھی ہے۔ اور درحقیقت یہی سچائی ہے:

﴿وَمَنۡ أَصۡدَقُ مِنَ ٱللَّهِ قِيلٗا﴾ (۵)

(اور اللہ کی بات سے بڑھ کر سچی بات اور کس کی ہوسکتی ہے)۔

﴿وَمَنۡ أَصۡدَقُ مِنَ ٱللَّهِ حَدِيثٗا﴾ (۶)

(اور اللہ سے بڑھ کر کون اپنی بات میں سچا ہوگا)۔

اور اس پیغام کے لانے والے کا نام نبی یا پیغمبر ہے اور یہ پیغمبری مشن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ کے آخری نبی ﷺ نے فرمایا:

((نَضَّرَ اللَّهُ امْرَءًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا، وَحَفِظَهَا وَبَلَّغَهَا ......)) (۷)

(اللہ اس شخص کو تروتازہ رکھے جو میری بات کو سنے اور دوسروں تک بے کم وکاست پہنچائے)۔

جبکہ ایک اور حدیث میں فرمایا: ((بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً)) (۸)

(میری طرف سے پہنچاؤ خواہ ایک (ہی) آیت کیوں نہ ہو)

حق کو آشکارا کرنا اور لوگوں تک پہنچانا ایک ذمہ داری اور شہادت ہے اس میں خیانت اور جھول رکھنا اسلام میں نا قابلِ معافی جرم اور اس میں غلط بیانی گناہ عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤمنوں کو حکم دیتے ہیں:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ بِٱلْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمْ أَوِ ٱلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ ۚ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَٱللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُواْ ٱلْهَوَىٰٓ أَن تَعْدِلُواْ ۚ وَإِن تَلْوُۥٓاْ أَوْ تُعْرِضُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا﴾ (۹)

(وہ انصاف کے علمبردار اور خدا کے واسطے گواہ بنے، اگر چہ یہ خود اس کی اپنی ذات، والدین اور رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو، فریق معاملہ خواہ مال دار ہو یا غریب، اللہ زیادہ ان کا خیر خواہ ہے لہٰذا اپنی خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز رہنا اور لگی لپٹی بات کہنا یا سچائی سے پہلو بچانا، سب کچھ سے اللہ باخبر ہے"۔

سچائی کی شہادت چھپانا ظلم ہے:

اسلام میں سچائی اور حقیقت کی شہادت کو چھپانا، ظلم عظیم قرار دیا گیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَتَمَ شَهَٰدَةً عِندَهُۥ مِنَ ٱللَّهِ ۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ﴾ (۱۱)

(اس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہے جس کے ذمے اللہ کی طرف سے ایک گواہی ہو اور وہ اسے چھپائے؟ اللہ تمہاری حرکات سے غافل تو نہیں ہے۔)

حقیقت کی گواہی شہادت ہے، اسے چھپانا انسانی ضمیر کے لئے بوجھ اور تباہی کا سبب ہے۔

ارشاد باری ہے:

﴿وَلَا تَكْتُمُواْ ٱلشَّهَٰدَةَ ۚ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُۥٓ ءَاثِمٌ قَلْبُهُۥ ۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ﴾ (۱۲)

(اور شہادت کو ہر گز نہ چھپاؤ، جو شہادت چھپاتا ہے اس کا دل گناہ میں آلودہ ہے۔ اور اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے)۔

اس ضمن میں ایک مشہور صحافی شاہنواز فاروقی رقمطراز ہیں:

"اسلامی معاشرے میں صداقت، زندگی کے اہم معنی ہے اور صداقت کا ابلاغ، زندگی کا ابلاغ ہے، صداقت کا تحفظ زندگی کا تحفظ ہے۔ جس معاشرے میں صداقت مسخ ہوتی ہے، تو زندگی مسخ ہو جاتی ہے، صداقت حسن سے محروم ہے تو زندگی جمال سے عاری ہو جاتی ہے اور انسان کا اپنے خالق ومالک سے تعلق بری طرح مجروح ہو جاتا ہے"(١٤)

یہی وجہ ہے کہ قرآن نے خبر کو قبول کرنے اور پھیلانے سے پہلے بھرپور تحقیق کا حکم دیا گیاہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن جَآءَكُمْ فَاسِقُۢ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوٓاْ أَن تُصِيبُواْ قَوْمًۢا بِجَهَـٰلَةٍ فَتُصْبِحُواْ عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَـٰدِمِينَ﴾ (١٥)

(اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اگر کوئی فاسق (شخص) تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی گروہ کو نادانستہ نقصان پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کئے پر پشیمان ہو)۔

اس آیت میں مسلمانوں کو یہ اصولی ہدایت دی گئی ہے کہ جب کوئی اہمیت رکھنے والی خبر جس پر کوئی بڑا نتیجہ مرتب ہوتا ہو، تمہیں ملے تو اس کو قبول کرنے سے پہلے یہ دیکھ لو کہ خبر لانے والا کیسا آدمی ہے۔ اگر وہ کوئی فاسق شخص ہو، یعنی جس کا ظاہر حال یہ بتا رہا ہو کہ اس کی بات اعتماد کے لائق نہیں ہے۔ تو اس کی دی ہوئی خبر پر عمل کرنے سے پہلے تحقیق کر لو کہ امر واقعہ کیا ہے؟ (١٦)

قلم و قرطاس کی تقدس و تطہیر:

قلم و قرطاس ذرائع معلومات ہیں۔ اس کے تقدس کے لئے یہ کافی ہے کہ اللہ نے قلم کی قسم کھائی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَٱلْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ﴾ (١٧)

(قسم ہے اس قلم کی! جس کے ذریعے انسان کو لکھنا پڑھنا سکھایا۔)(١٨)

قلم کی بزرگی واہمیت کو محمد کرم شاہ ازہری نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

" قلم ایک ایسا آلہ ہے جو زمان و مکان کی مسافتوں کو تسلیم نہیں کرتا، وہ گزشتہ صدیوں کے علوم وفنون سے حال و مستقبل کو روشن کرتا ہے اور دور دراز علاقوں میں پیدا ہونے والے اولوالعزم حکماء وفضلاء کے افکار و نظریات کو دنیا کے گوشہ گوشہ تک پہنچاتا ہے۔ قرآن کریم نے قلم کو جو علم کی نشرواشاعت کا مؤثر اور بے مثال ذریعہ ہے اس کی جلالت شان کو ظاہر کرنے کے لئے اس کی قسم کھائی۔ صرف قلم کی قسم کھا کر اس کی عزت افزائی نہیں کی گئی بلکہ ﴿وَمَا يَسْطُرُونَ﴾ (۱۹) فرما کر علم کے ان جواہر پاروں کی بھی قسم کھائی گئی ہے جو نوک قلم سے صفحہ قرطاس کی زینت بنتے ہیں اس طرح ان کی شان کو بھی دوبالا کر دیا" (۲۰)

قلم و قرطاس سے تعلق رکھنے والا پیشہ ٗخواہ معلمی کا ہو یا صحافت کا ٗمقدس پیشہ اور اہم ذمہ داری ہے۔ قلم و قرطاس کے ناموس اور عظمت کو پامال ہونے سے بچانے میں اعلیٰ مقاصد کا تحفظ ہے، ورنہ بقول شورش کاشمیری:

" قلم فروشی ٗعصمت فروشی سے بھی زیادہ بدترین کاروبار ہے" (۲۱)

اگر اساتذہ محض علم فروش اور صحافی زر فروش اور قلم فروش نہ ہوں، تو اطلاعات کا ہمہ گیر اور مربوط نظام قومی سطح پر یکجہتی و استحکام اور سیاسی و ملی شعور بیدار کرتا ہے اور عوام کو کسی اعلیٰ مقصد کے لئے تیار کرنے کا نہایت مؤثر ذریعہ ہے۔ علاوہ ازیں بین الاقوامی سطح پر قوموں کے درمیان آگاہی، رابطے، ابلاغ اور تفہیم کا بھی بہترین ذریعہ ہے۔

پیشۂ صحافت سے حاصل شدہ رزق کی تطہیر قلم و قرطاس کی تطہیر میں پنہاں ہے۔ اس میں کسی قسم کی بے ایمانی، چشم پوشی، قلم و قرطاس کے پیشے کو غلیظ کرنے کے مترادف ہے، جس کے اثرات صدیوں تک وقوع پذیر رہتے ہیں۔ حق و صداقت پر مبنی اوراق کو اللہ نے ﴿صُحُفًا مُّطَهَّرَةً﴾ (۲۳) قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو پورا اسلام میں داخل ہونے کا حکم دیا ہے (۲۴)۔ جس کا تقاضا ہے کہ ہماری زندگی انفرادی ہو، یا اجتماعی، یا پیشہ وارانہ (صحافتی) ٗاسلام کے مطابق ہو۔ صحافت محض تفریح نہیں، بلکہ راہنمائی اور تعلیم بھی ہے۔ اسلامی نقطۂ نظر سے صحافت کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ تازہ ترین خبروں کی

فراہمی کے ساتھ واقعات وحالات کی تشریح اور تعبیر کے ذریعے رائے عامہ کی اس طرح راہنمائی کی جائے جس سے خیر اور صداقت کو فروغ اور شر اور باطل کی قوتوں اور منکرات کی بیخ کنی ہو سکے (۲۵)۔

ذرائع ابلاغ جہاد بھی امانت بھی:

صدق وسچائی کی ابلاغ امانت بھی ہے، شہادت بھی ہے، تعلیم بھی ہے اصلاح اور جہاد بھی ہے ،علم بھی ہے، عمل بھی ہے۔اگر اس میں قتل ہونا پڑے تو یہ شہادت بھی ہے۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

((أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ))(۲۶)

(سب سے افضل جہاد ظالم حکمران کے سامنے انصاف (حق) کی بات کرنا ہے۔)

قرآن مجید کا مقصدِ تنزیل انسانوں کو تاریکیوں سے نکالنا قرار پایا ہے۔جس دور میں نبی ﷺ کو اللہ نے مبعوث ہوئے، دنیا پر جہالت کا اندھیرا چھایا ہوا تھا۔اس میں اللہ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کے ذریعے اپنے دین کی روشنی پھیلائی، جو ہمارے پاس اصلی حالت میں موجود ہے۔اس کا پھیلانا صرف علمائے دین ہی کے نہیں، بلکہ تمام باشعور مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دین حق کی ابلاغ کا فریضہ انجام دیں۔دوسرے لوگوں کی بہ نسبت میڈیا کے میدان میں کام کرنے والے افراد یہ فریضہ بحسن وخوبی ادا کر سکتے ہیں، جہاں سے بآسانی پوری دنیا کو پیغامِ حق دیا جاسکتا ہے۔میڈیا کے فورم سے خطاب کرتے ہوئے قائد اعظم محمد علی جناح نے کہا تھا:

"آپ کے پاس بڑی طاقت ہے، آپ لوگوں کو راہ دکھا سکتے ہیں یا انہیں گمراہ کر سکتے ہیں۔آپ کسی بڑی سے بڑی شخصیت کو بنا سکتے یا تباہ کر سکتے ہیں۔صحافت کی طاقت واقعتاً بہت بڑی ہے لیکن آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ طاقت ایک امانت ہے۔اس طاقت کو امانت سمجھ کر اپنی قوم کی بہبود وترقی کے راستے پر راہنمائی کریں۔"(۲۹)

بامقصد ابلاغ کی اہمیت کو مرحوم صحافی محمد صلاح الدین نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے:

"روشنی درحقیقت خبر ہی کا دوسرا نام ہے۔اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کے ذریعے ہمیں اندھیرے سے نکال کر جس روشنی میں پہنچایا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے وجود ،اس کی وحدانیت،اس کے جملہ صفات، آخرت میں اس کے حضور پیشی اور پھر جزاوسزا کے طور پر جنت اور جہنم کی زندگی سے متعلق "خبر" ہی تھی جو ہمیں پہنچائی گئی اور اس مصدقہ

خبر سے محرومی کی صورت میں ہم اندھیرے میں تھے۔ صحیح خبر پہنچانے ہی کی بناء پر خدا کے رسول ﷺ کا ایک نام مخبر صادق بھی ہے۔ خبر روشنی ہے اور بے خبری اندھیرا، اور یہ بھی ذہن نشین کرلیجئے کہ روشنی انسداد جرائم کا سب سے بڑا اور مؤثر ذریعہ ہے۔ اندھیرا ہی مجرم کی بنیادی ضرورت، اس کا سب سے بڑا سہارا اور اس کا مضبوط ترین محافظ ہے۔ ہر مجرم خواہ وہ رشوت خور ہو، خائن اور چور ہو، زانی اور شرابی ہو، ملاوٹ، سمگلنگ، اور کم تولنے کا مرتکب ہو، تخریب کار، وطن دشمن، اور بیرونی ایجنٹ ہو، ان سب کی مشترکہ ضرورت اخفاء اور اندھیرا ہے۔ خبر اور روشنی ان کی موت ہے۔"[۳۰]

میڈیا کا حدودِ کار:

مسلمانوں کو تمام معاملاتِ زندگی اسلام کے مطابق ڈالنے نے کا حکم دیا ہے۔ اللہ نے مومنوں کو قول سدید[۳۱] اور قول معروف[۳۲] اور قول بلیغ[۳۳] یعنی دل میں اترنے والی بات کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس میں مکمل خیر خواہی اور حکمت بھی ہو[۳۴] اور ساتھ ساتھ لہجہ نرم[۳۵] اور گالی گلوچ و دل آزاری سے بھی پاک ہو[۳۶]۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

((الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ))[۳۷]

(مسلمان وہ ہے جس کی زبانی اور ہاتھ کی ایذا سے دوسرے انسان محفوظ رہوں۔)

مسلم معاشرے کا میڈیا ان تمام ضابطوں اور اخلاقیات کا پابند ہے جو اسلام نے مقرر کئے ہیں۔ اس لئے کہ انسان دنیا میں اللہ کا خلیفہ ہے، جو اپنے مالک اور آقا کے احکامات کا پابند ہے۔ اس کے اختیارات عطا کردہ ہیں، ذاتی نہیں۔ اور سب کا مقصد خیر کا فروغ اور شر کا انسداد ہے، سب کے حقوق وفرائض اور دائرہ ہائے کار متعین ہیں، اس سے تجاوز اختیار کرنا بغاوت کہلائے گا۔

میڈیا کے اہلکار کے لئے اپنے فرائض میں لالچ یا ظلم اور مصلحتوں کی بناء پر کوتاہی جائز نہیں۔ رنگ ونسل، زبان وعلاقے اور عصبیت کی بنیادوں پر ناانصافی اور حق گوئی میں کوتاہی اور سستی ناقابل معافی جرم ہے۔ مجرموں کی پشت پناہی، قانون شکنوں، ذخیرہ اندوزوں سے چشم پوشی اور رشوت خوروں کی پردہ پوشی فحاشی وعریانی اور بدکرداری اور بداخلاقی سے صرف نظر کسی طرح جائز نہیں بلکہ اس قسم کے تمام بدعنوانیوں کو تشت ازبام کرنا میڈیا کی بنیادی ذمہ داری بنتی ہے۔ لوح وقلم کے جہاد کو، تحریف

وضمیر فرشی، غیبت و تجسس اور بدگمانی وبدزبانی اور مذاق اڑانے اور جاہلوں سے الجھانے سے اس کی حفاظت بھی ضروری ہے۔ فحش گوئی اور فحش نگاری اور دل آزاری سے قلم و قرطاس کی تقدس کو پامال کرنا کسی طرح جائز نہیں، بداخلاقی، بدکرداری، بدانتظامی، کام چوری، ذخیرہ اندوزی، رشوت خوری، ناانصافی اور بے ایمانی وبدعہدی جیسے اخلاق ذمیمہ کی روک تھام صحافی اور اس فیلڈ کے ماہرین کی اہم ذمہ داری ہے۔ حق وصداقت اور مثبت انداز فکر کی ترجمانی اور ابلاغ میڈیا سے وابستہ ماہرین فن کی دینی واخلاقی ذمہ داری بنتی ہے۔

ہر قسم کے حقوق، خواہ انسانوں کے ہوں یا حیوانوں کے، عورتوں کے ہوں یا بچوں کے، زندوں کے حقوق ہوں یا مردوں کے، اسلام میں متعین کئے گئے ہیں وقتاً فوقتاً اس کی اشاعت کا اہتمام میڈیا پر کام کرنے والوں کی مذہبی واخلاقی اور سماجی ذمہ داری بنتی ہے۔

میڈیا کے کمالات:

موجودہ دور سائنس و ٹیکنالوجی کی ترقی کا دور ہے۔ زندگی کے ہر شعبہ میں نت نئے ایجادات نے ہل چل مچادی ہے اور انسان کو بام عروج پر پہنچایا ہے۔ خصوصاً سوشل میڈیا نے اطلاعاتی امور میں تلاطم خیز سرعت بپا کی۔ وقت ضائع کئے بغیر انسان گھر بیٹھے بیٹھے پوری دنیا سے سوشل میڈیا کے ذریعے ہر قسم کے رابطہ میں رہ سکتا ہے اور حالات وواقعات کی مناسبت سے فوری اور راست اقدامات کر سکتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں تقریباً دو کروڑ چار لاکھ اکتیس ہزار سے زیادہ لوگ انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہیں اور ان میں سے تیس سے چالیس فیصد سوشل میڈیا سے کہیں نہ کہیں سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس کے ذریعے مواد کو شائع کرنا عام میڈیا کی نسبت زیادہ لچکدار ہے اور تازہ خبروں، مضمون کو فوری کئی لوگوں میں عام کیا جا سکتا ہے [۳۹]۔

میڈیا پر مختلف امور میں ہونے والے بحث ومباحثے نے نوجوان نسل کا شعور بیدار کر کے آگاہی کو فروغ دیا ہے۔ عالمی حالات کے تناظر میں نوجوان نسل نے مظاہروں اور تحریکوں میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا ہے [۴۰]۔ خواہ یہ عرب دنیا، مصر، شام، اردن وغیرہ ہو یا امریکہ، وال سٹریٹ یا پاکستان ہو، میڈیا نے ہر جگہ بیداری اور سرعت اتصال و آگاہی میں انقلاب اور آسانی پیدا کر دی ہے۔

اس تناظر میں میڈیا کے پیشہ سے وابستہ لوگوں اور ماہرین کی ذمہ داری بھی بہت بڑھ گئی ہے۔ خبروں اور واقعات کو انتہائی جانچ پرکھ اور جان کاری کے بعد شائع کرنا وقت کا تقاضا ہے۔

میڈیا اور بگاڑ:

انتہائی افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ جس طرح زندگی کے تمام شعبہ جات میں فساد پیدا ہوا ہے بالکل اسی طرح میڈیا میں بھی بگاڑ رونما ہوتا چلا گیا ہے اور آج کل تو یہ بگاڑ اپنے عروج و کمال کو پہنچ چکا ہے گویا اب میڈیا اپنے حقیقی مقاصد سے بے نیاز اور کسی بھی اخلاقی ضابطہ کی پابند نہیں ہے[۴۱] اور بین الاقوامی میڈیا کی طرح قومی میڈیا بھی ایک فوج ظفر بن گئی ہے جس نے حکمرانوں کے سامنے لڑے بغیر ہتھیار ڈال دیے ہیں۔ قوم کی صحیح راہنمائی کا فریضہ ادا نہ کرتے ہوئے ۱۹۷۱ء میں ملک ٹوٹ گیا، عالمی میڈیا کا اثر تھا کہ قومی میڈیا قوم میں یکجہتی پیدا نہ کر سکا۔ حکمرانوں کے زیر اثر میڈیا کا کمال ہے کہ فرقہ واریت اور سیاسی پارٹیوں کا ایک دوسرے سے نوک جھونک جاری ہے اور حقیقی دشمن کے بجائے قوم ایک دوسرے کی دشمن بنی ہوئی ہے۔ اپنے ملک کے اندر جرائم کی روک تھام کے بجائے عورت اور میڈیا کی آزادی کے نام پر اپنے معاشرتی، سماجی زندگی پر خود ہی وار کر رہے ہیں۔ نام نہاد میڈیا اور عورت کی آزادی کے دھماکے کی تابکاری (فحاشی، بداخلاقی، کرپشن کی بھرمار، بے مقصدیت اور بے راہ روی) میں قوم بری طرح جھلس رہی ہے۔ جس کے بارے میں اللہ نے سخت وعید سنائی ہے:

﴿ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ ٱلْفَٰحِشَةُ فِى ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴾[۴۲]

(جو لوگ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلانے کے آرزومند رہتے ہیں ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہیں، اللہ سب کچھ جانتا ہے اور تم کچھ بھی نہیں جانتے۔)

عصرِ حاضر میں میڈیا کی حقیقتِ حال:

اشتراکیت کا شیرازہ بکھرنے سے دنیا یک قطبی ہو کر رہ گئی ہے۔ اس پر امریکی ورلڈ آرڈر کی تسلط ہو گئی تو پوری دنیا کا میڈیا' امریکی میڈیا بن چکا ہے، جس پر یہودیوں کا کنٹرول ہے اور اس کے ذریعے مغربی یہودی کلچر کو عام کیا جا رہا ہے اور مکمل اسلام دشمنی کا بیڑا سر پر اٹھا رکھا ہے۔ اور اس پر اربوں ڈالر

خرچ کئے جارہے ہیں۔ سابق صدر بل کلنٹن اور نائب صدر ایل گور نے ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ کے لئے بنیادی جنگوں میں سے ایک جنگ "ذرائع ابلاغ" (میڈیا) سے تعلق رکھتی ہے اور اس موقع پر ایل گور نے یہ بھی اعتراف کیا کہ امریکہ گزشتہ دس سالوں میں اس جنگ کو جیتنے کے لئے ایک سو ارب ڈالر خرچ کر چکا ہے جبکہ پینٹا گان کے سابق رکن اور کینیڈی کالج (ہارورڈ یونیورسٹی) کے سربراہ "جوزف ایس نائی" کا کہنا ہے:

"امریکہ اپنی بے مثال صلاحیتوں کی بناء پر مستقبل قریب میں عالمی ذرائع ابلاغ اور مواصلاتی نظام کا تنہا مالک ہو گا۔"[۴۳]

دنیا کے سیاسیات اور اقتصادیات پر پنجے گاڑنے کی طرح امریکی یہودی مواصلاتی نظام کے تن تنہا مالک بن بیٹھے ہیں، جس کے نتیجے میں آج اسلام کے خلاف مغرب کی جنگ جاری ہے، فرانس سے نکلنے والا ایک رسالہ لکھتا ہے:

"اسلام کے خلاف جنگ صرف فوجی میدان میں نہیں ہو گی بلکہ ثقافتی اور تہذیبی میدان میں معرکہ آرائی ہو گی۔"[۴۴]

اسلام مخالف سازشوں کے مرکز ہالی وڈ سے ایک صدی سے زائد مدت کے دوران فلموں کے ذریعے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت و کدورت، بغض و کینہ پوری دنیا میں پھیلایا جارہا ہے۔ بیسویں صدی کی آخری دو دہائیوں میں اس نے مسلم دشمنی پر مبنی فلمیں ڈیلٹا فورس، انتقام، آسمان کی چوری وغیرہ بنائیں، جب کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا تجرباتی ڈراما اسٹیج کرنے کے لئے ۱۹۹۲ء میں حقیقی جھوٹ اور حصار وغیرہ نامی فلمیں تیار کی گئیں۔ ان فلموں میں اسلام اور مسلمانوں کا تشخص بری طرح مجروح کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو امن دشمن اور دہشت گرد بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ اور ۹/۱۱ تاحال اسلام دشمن جدید میڈیا پروپیگنڈہ وار جاری ہے[۴۵]۔

مغربی میڈیا قوموں کے دل و دماغ پر کس طرح قبضہ کر لیتی ہے، بطروس غالی[۴۶] نے ABC ٹی وی کے نمائندے کے (صومالیہ کے حوالے سے) سوال کے جواب میں کہا تھا:

"صومالیہ میں امریکی فوج بھیجنے کی کارروائی اس لئے ممکن ہو سکی کہ ہم نے اس مقصد کے لئے مسلسل دس مہینے تک ذرائع ابلاغ کو وقف کر دیا تھا"۔

ڈاکٹر غالی کا اشارہ اس بات کی طرف تھا کہ صومالیہ میں امریکی فوجی مداخلت کو پوری دنیا کی نظروں میں قابل قبول بنانے کے لئے سب سے پہلے میڈیا کے ذریعے صومالیہ کے اندر بھوک اور قحط سالی کے واقعات کو ہولناک بنا کر پیش کیے گئے۔ دنیا بھر کو میڈیا کے ذریعے قحط اور بھوک وافلاس کی خبریں اور تصویریں فراہم کرتے رہے کہ وہاں لوگ وجہ سے مر رہے ہیں اور پوری دنیا کو یہ باور کراتے رہے کہ اس چٹیل اور بے آب وگیاہ صحرا میں نہ پانی ہے نہ کھانا۔لوگ بنیادی ضرورتوں سے محروم ہیں اگر کہیں سے کوئی امداد ملتی بھی ہے تو یہ غیر مہذب اور وحشی لوگ آپس میں لڑنے لگتے ہیں،جب ہر طرح سے فضا تیار ہوگئی تو پھر بغیر کسی مشورے کے فوجی مداخلت کا لمحہ آپہنچا،ملک پر فوجی یورش کے لئے پوچھنے کی ضرورت نہیں ہوئی کہ اس کے اصل مسائل ومشکلات کیا ہیں؟پوری دنیا یہ مؤثر اور دلکش منظر دیکھنے لگی کہ امریکی فوجی نجات دہندہ اور مسیح الملک بن کر صومالی عوام کے لئے غذائی امداد کا سامان اپنے کاندھوں پر لئے پھر رہے ہیں۔امریکہ کی انسانیت نوازی سے قوم کا ہر فرد یہ چاہتا ہے کہ امریکی فوجیں یہیں رہ جائیں۔یہی ڈرامہ خلیجی جنگ کے موقع پر رچایا گیا،امریکی قوم ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کو صدام کے مظالم کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیااور اسی طرح عالمی نظام کی تجربہ گاہ عراق کو بنایا گیا۔جب بھی مالی تنگی اور پریشانی ہوئی، عربوں کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے اور ان پر سیاسی ومعاشی دباؤ بڑھانے کی ضرورت ہوتی ہے تو صدام کے ذریعے فوجی اقدامات کرائے جاتے ہیں تاکہ یہ کمزور اور سادہ دل عرب امریکی (صہیونی) گود میں اپنے کو پوری طرح ڈال دیں[۴۷]۔

اسی طرح مشرق وسطیٰ میں سرگرم استعماری طاقتوں کی ریشہ دوانیوں اور ان کی سازشوں کے لئے مشرق وسطیٰ ایک آئینہ ہے جس میں پوری امت مسلمہ کی تصویر دیکھی جاسکتی ہے۔امریکہ، مغربی اقوام،اقوام متحدہ، اسرائیل، عرب دنیا کے حکمران، دیگر مسلم ممالک کی قیادتیں، یہ سب اس ڈرامے کے مختلف کردار ہیں۔

میڈیا کا متعصبانہ وریہ:

مغربی میڈیا نے مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈا کرکے دہشت گردی سے نتھی کردیا ہے، لیکن خود مغربی حقیقت شناس اس بات سے انکار کرتے ہیں مثلاً رابرٹ پیپ، شکاگو یونیورسٹی کا ایک پروفیسر رقمطراز ہے:

"خود کش حملوں کے وجوہات وعلل تلاش کر کے اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ مسلمان کبھی خود کش، انتہاپسند اور دہشت گرد نہیں تھے اور جو کچھ آج ہم دیکھتے ہیں اس کی وجہ خود امریکہ ہے۔ پچانوے فیصد خود کش حملے مقبوضہ علاقوں میں ہوئے ہیں۔ لبنان سے سری لنکا اور چیچنیا سے کشمیر تک حق خود ارادیت کی لڑائی جاری ہے۔ جو جمہویت کے لئے جدوجہد ہے۔"(۴۸)

فاضل پروفیسر نے کئی ایک مثالیں دی ہیں کہ ایران ،سوڈان اور عراق وغیرہ کے لوگ خود کش نہیں تھے، جب ۱۹۹۵ء سے ۲۰۰۴ء تک کے حملوں کے بارے میں مواد اکٹھا کیا گیا، جن میں القاعدہ ملوث تھی۔ تو معلوم یہ ہوا کہ ان میں سے کسی کا بھی تعلق بنیاد پرست اسلامی ممالک سے نہ تھا۔ بلکہ ان میں دو تہائی کا تعلق ان علاقوں سے تھا، جہاں ۱۹۹۰ء سے امریکی افواج بر سر پیکار اور قابض ہیں۔ اور اس کی سب سے بڑی مثال خود عراق ہے، جہاں ماضی میں خود کش حملوں کی کوئی نظیر نہیں ملتی ،مگر ۲۰۰۳ء میں جب امریکہ اپنی ڈیڑھ لاکھ فوج کے ساتھ عراق پر حملہ آورر ہوا، تو یہاں خود کش حملوں کا آغاز اور بعد ازاں ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ اور جب اسامہ بن لادن اپنے پیروکاروں کو امریکی افواج کے خلاف جہاد کا حکم دیتا ہے تو اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہوتی ہے کہ امریکی افواج قابض ہیں اور یہ ایک حقیت ہے جسے ہم جھٹلا نہیں سکتے۔ اب ان حملوں کے روکنے کا ایک ہی طریقہ باقی رہ جاتا ہے کہ قابض افواج مقبوضہ علاقوں سے نکل جائیں(۴۹)۔

بلکہ سابق امریکی سینیٹر پال فنڈلے نے امریکہ کے اس متکبرانہ رویے کو جو دنیا کے لئے دہشت گردی کا سبب بن گیا ہے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

"امریکیوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو معلوم ہی نہیں کہ صدر بش نے امریکہ کو دنیا بھر کا کوتوال بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے اور کانگریس نے اس کی استدعا پر اسے اختیار دے دیا ہے کہ وہ جہاں چاہے اچانک حملہ کر دے اور امریکی شہریوں اور ہمارے ملک میں رہنے والوں پر سخت پابندیاں لگا دے۔"(۵۰)

میڈیا کی اہمیت کے بارے میں یہودی خفیہ پروٹو کول میں خصوصی تذکرہ یوں ہے:

"ہماری منظوری کے بغیر کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ خبر کسی سماج تک نہیں پہنچ سکتی، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ہم یہودیوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ خبر رساں ایجنسیاں قائم کریں، جن کا بنیادی کام ساری دنیا کے گوشے گوشے سے خبروں کا جمع کرنا ہو، اس صورت

میں ہم اس بات کی ضمانت حاصل کر سکتے ہیں کہ ہماری مرضی اور اجازت کے بغیر کوئی خبر شائع نہ ہو سکے۔"(۵۱)

میڈیا کی یہودی کاری کا نتیجہ ہے کہ دنیا میں بڑے بڑے واقعات نظر انداز کئے جاتے ہیں، دوسری طرف مسئلہ اور واقعہ اگرچہ چھوٹا ہی کیوں نہ ہو لیکن اگر یہ مسلمان کی بدنامی، نقصان اور ان کے دشمنوں کے حق میں سود مند ہو، تو وہ بڑا اور سنگین مسئلہ بن جاتا ہے۔ اس کی مثال دار فور (سوڈان) کے تقسیم کا مسئلہ' میں صہیونی لابی کے مؤثر اور مضبوط ابلاغیاتی اور سفارتی مہم نے صدر بش کو قائل کیا جس نے یکم جون ۲۰۰۷ء کو سوڈان پر پابندیاں عائد کیں اور صہیونی کوششوں کے نتیجے میں ایک ہی دن میں واشنگٹن سمیت ۱۸ مختلف امریکی شہروں میں مختلف NGO's کے ذریعے مظاہرے کروائے گئے(۵۲)۔ اور بالآخر ان عالمی قوتوں اور میڈیا نے تعصب اور اسلام دشمنی کی انتہا کر کے سوڈان کو تقسیم کرنے پر مجبور کر دیا۔

دوسری طرف عالمی میڈیا پر افسوس! کہ ہندوستان نے کشمیری مسلمانوں کی اکثریت کا قتل عام کر کے اقلیت میں تبدیل کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ساڑھے پانچ لاکھ کشمیری شہید، ہزاروں اپاہج اور اتنے ہی جیل بھیج دیئے گئے اور اتنے ہی گھروں سے بے دخل کر دیئے گئے اور کئے جا رہے ہیں۔ مسلمان اپنی ماؤں، بیٹیوں، بہنوں اور رشتہ داروں کی میتوں پر ماتم کناں رہتے ہیں، جبکہ مغربی میڈیا پر ان کو انتہا پسند اور علیحد گی پسند قرار دیا جاتا ہے۔

ظالمانہ اور مجرمانہ رویہ ہے کہ ایک طرف مغربی میڈیا جمہوریت کا ڈھنڈورا پیٹتی ہے لیکن دوسری طرف یہ تماشا ہے جو مصر میں اور الجزائر جیسے ممالک میں جاری ہے جس کے لئے عالمی میڈیا کے صفحات پر جگہ نہیں ہے۔ اسلامی ممالک کے فوجی ڈکٹیٹر یا دھاندلی اور مغربی جمہوریت کے ساتھ اقتدار میں آنے والے لیڈر رہتے کہ جنہوں نے لاکھوں کی تعداد میں رعایا کو جیلوں میں بند کر کے یا قتل کر کے اقتدار کو طول دیا لیکن مغربی میڈیا کو یہ ظلم اور جبر، خورد بین سے بھی نظر آیا(۵۳)۔

یوں تو اسلام اور عالم اسلام ایک عرصہ سے مغربی میڈیا کے لئے تختۂ مشق بنے ہوئے تھے لیکن نائن الیون کے واقعہ کے بعد مغربی میڈیا اسلام اور اہل اسلام کا شدید ترین دشمن بنا گیا۔ نائن الیون کے

واقعہ کے ردّ عمل کے طور پر مغربی ذرائع ابلاغ نے اپنی حکومتوں کے ایماء پر پوری امت مسلمہ پر دہشت گردی کا لیبل لگا دیا(۵۴)۔

ایک برطانوی صحافی خاتون (یو آنے ریڈلی) نے ایک سوال کے جواب میں کہ "پاکستان کے طالبان کہاں سے آئے ہیں؟ کہا: "یہ سب امریکہ کا کیا دھرا ہے اگر ماضی کا جائزہ لیں تو ۲۰۰۴ء میں امریکہ نے وزیرستان میں بمباری کی تھی جس کے نتیجے میں ۱۴ بے گناہ بچے اور خواتین لقمہ اجل بن گئی تھیں اگلے دن ان کا اجتماعی جنازہ تھا جس پر ہزاروں کی تعداد میں وزیرستان کے قبائل شریک تھے، امریکہ نے اس جنازے پر بھی بمباری کی بس یہی وہ دن تھا۔۔۔ کہ پاکستان میں طالبان نے جنم لیا"(۵۵)۔

مہمند ایجنسی کے دارالعلوم کے ۸۳ بچوں کی ایک ہی ڈرون حملہ کی وہ شہادتیں ہوں یا محمودیہ میں قاسم حمزہ کے خاندان کی آبروریزی کے بعد جلانے تک کا واقعہ فاجعہ تھا ہوں، یا عراق میں امریکی پابندیوں کی وجہ سے لاکھوں بچوں کی بھوک اور غذائی کمی کی وجہ سے ہلاکتیں اور قیامت خیز بمباری اور کیمیاوی ہتھیاروں کی انسانیت سوز ہلاکت خیزی کی واردات ہوں ، ساری کی ساری میڈیا سے مخفی زمین دوز کارروائیاں تھیں؟

نائن کے بعد مغربی میڈیا نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور مایہ ناز سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر کے خلاف زہر اگلنا شروع کیا۔ حالانکہ مغربی ایجنسیوں اور رپورٹوں کے مطابق روس اور چین کے علاوہ مغربی کمپنیاں بھی ایران سے تعاون کر رہی تھیں۔ لیکن اس کے باوجود مغربی میڈیا نے مایۂ ناز سائنسدان کے دبئی اور دوسرے غیر ملکی فرضی اور جعلی بینک اکاؤنٹس کی مہم چلاتے رہے(۵۶)۔ مغربی دنیا نے ایٹمی اور کیمیاوی ہتھیاروں کو کمائی کا نہ صرف زبردست ذریعہ بنالیاہے اور ہندوستان کو انہوں نے ایک مضبوط ایٹمی قوت بنا دیا اور روز روز اس کی معاونت کر رہے ہیں تاکہ وہ مسلمانوں کا خون کرے، لیکن مسلمانوں کے لئے یہ شجرۂ ممنوعہ ہے۔ اور پاکستان سے FMCT پر دستخط کرنے کا دباؤ بڑھا رہے ہیں(۵۷)۔

مغربی میڈیا کو اسرائیل کے ۴۰۰ سے زائد ایٹم بم اور نیوٹران اور ہائیڈروجن بم اور اس کے استعمال کے لئے میزائیلوں کی بڑی کھیپ اور جدید آبدوزوں اور لڑاکا طیاروں کے جھرمٹ نظر نہیں آتا۔ البتہ عراق میں خیالی Weapon of mass Destruction ضرور نظر آئے تھے جس کی بنیاد پر ۱۰

لاکھ سے زیادہ عراقی شہید، ۲۰ لاکھ ملک کے اندر بے گھر، ۲۰ لاکھ ملک سے باہر شام، اردن وغیرہ کی طرف ہجرت پر مجبور ہوئے۔

عجیب تماشا ہے کہ اسرائیل کے اندر بھوک سے نڈھال جانوروں کے لئے مغربی میڈیا نے شہ سرخیوں کے ساتھ مہم اور پروپیگنڈا تو کیا، لیکن لبنان کے اوپر جارحیت کی وجہ سے ہزاروں جانوں کے اڑے ہوئے چیتھڑوں کے لئے اور فریڈم فلوٹیلا پر اسرائیلی جارحیت، صبرا، شتیلا اور عین الحلوۃ میں مقیم فلسطینیوں کے قتل عام پر مغربی میڈیا نے کوئی شور نہیں مچایا۔ بلکہ الٹا یہودیوں کی برأت پیش کرتی ہے اوراسرائیل کی جارحیت کو امن وخوشحالی کوشش قرار دیتے ہیں، خواہ اس کے لئے لاکھوں انسانوں کو قتل کرنا پڑے[۵۸]۔

۱۹۹۶ء میں راسخ العقیدہ عیسائی سربوں کے ہاتھوں ایک ہی دن میں چھ ہزار مسلمان مردوں، عورتوں اور بچوں کا قتل عام ان کو نظر نہیں آیا[۵۹]۔

اقوام متحدہ کے قائم کردہ پناہ گزین کیمپوں میں سرب ظالموں کی درندگی (ہتھوڑوں سے مسلمانوں کے سر کچل دیئے، کھوپڑیاں توڑ ڈالی گئیں، معصوم بچوں کی کھوپڑیاں گنوں کے بٹوں سے پھوڑ ڈالی گئیں، بعض شہروں میں زندہ مسلمانوں کو تندوروں میں جلا دیا گیا) ان آزاد میڈیا کے دعویداروں کو نظر نہیں آئی[۶۰]۔

افغانستان میں شادیوں کی تقریبات پر ڈرون اور میزائیلوں کے حملوں اور امریکی کمانڈوز کا بیگناہ افغانیوں کی زبانیں کاٹنے، سر کے بال اکھاڑ کر، زخموں پر تیزاب ڈالنے اور قبریں اکھاڑ کر لاشوں کو بموں سے اڑانے جیسے افسوسناک اور شرمناک واقعات ہوئے، لیکن میڈیا ان سب کو دہشت گردی کی اصطلاح کی نذر کر دیتے ہیں۔

۳؍مئی ۲۰۰۹ء کی ایک رپورٹ کے مطابق افغانستان کے دارالحکومت کابل میں پانچ ہزار بیوہ خواتین رہتی ہیں، جو ہر صبح افغان حکومت کے پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے باہر ہزاروں کی تعداد میں جمع ہوتی ہیں لیکن مایوس ہو کر لوٹ جاتی ہیں[۶۱]۔

کیا یہ سب کچھ میڈیا کی کوریج سے دور ہے؟ کیا یہ وہ جگہ نہیں جہاں عملاً امریکی حکومت ہے؟ کیوں نہیں، لیکن یہ مقتولین، بیوائیں، اپاہج اور مصیبت زدہ تو مسلمان ہیں جس کے لئے مغربی میڈیا مہم نہیں چلا سکتی، کیونکہ یہ تو کیڑے مکوڑے ہیں، جیسا کہ بش وغیرہ نے کہا ہے۔

مغربی میڈیا کا دہشت گردی کا دوہرا معیار:

اس سلسلے میں سلومی رقمطراز ہے کہ رابرٹ فسک کے آرٹیکل "Strange kind of freedom" کے تعارف میں اخبار "دی انڈیپنڈنٹ" نے لکھا:

> "ہم اسلامی جنون کے خطرات کے بارے میں بخوبی آگاہ ہیں لیکن رابرٹ کہتا ہے کہ امریکہ میں آزادیوں کے لئے سب سے بڑا خطرہ دوسری قسم کی بنیاد پرستی، یہودیت اور عیسائیت ہے۔"(۶۲)

لبنان کے اخبار "ڈیلی سٹار" نے دہشت گردی کی پشت پناہی کی ایک اور مثال کی طرف توجہ دلائی ہے جو اسے عیسائی تنظیموں کی جانب سے مل رہی ہے، اس سلسلے میں اخبار نے ورلڈ کونسل آف چرچز کے کردار کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ یہ جنوبی سوڈان کے باغیوں اور بیافرا (نائیجیریا) کے علیٰحدگی پسندوں کی زبردست مدد کر رہی ہے۔ محمد الرکن نے ڈیلی سٹار میں ایک آرٹیکل لکھا ہے، جس کا عنوان "اسلامی رفاہی تنظیموں کو ہدف بنانے کے محرکات" ہے۔

وہ لکھتا ہے:

> "ورلڈ کونسل آف چرچز کی طرف سے سوڈانی باغیوں کی مدد کا سلسلہ ۱۹۵۰ء کے عشرے سے چلا آرہا ہے ۱۹۷۰ء کے عشرے کے اوائل میں سوڈان میں ایک جرمن پادری پال سٹیز کو عین موقع پر پکڑ لیا گیا تھا۔ اگر جنوبی باغیوں کو مغربی رفاہی اداروں سے مدد نہ مل رہی ہوتی تو وہ لڑائی جاری نہیں رکھ سکتے تھے۔ نائیجیریا میں ورلڈ کونسل آف چرچز اور دیگر مغربی رفاہی تنظیمیں تین سال سے زیادہ عرصے سے بیافرا میں علیٰحدگی کی تحریک کی سرگرمی سے پشت پناہی کرتی آرہی ہیں اور علی الاعلان دہشت گردی کی مدد کر رہی ہیں مگر ان پر کبھی تنقید نہیں کی گئی"(۶۳)۔

ان دونوں مثالوں سے پوری طرح ثابت ہوتا ہے کہ عیسائی رفاعی تنظیمیں مغرب کی خارجہ پالیسی کے مقاصد کے لئے آلہ کار کی حیثیت سے کام کر رہی ہیں۔ مغربی ممالک کے لئے سوڈان اور نائیجیریا کے علیٰحدگی پسندوں کی کھلی فوجی مدد کرنا ممکن نہیں رہا تھا۔ چنانچہ انہوں نے یہ کام چرچ کے زیر انتظام چلنے والی رفاہی تنظیموں سے لیا ہے۔ اس کے برعکس جن تنظیموں نے فلسطینی مزاحمت کاروں کے لئے عطیات بھیجے، انہیں دہشت گردوں کا حامی قرار دیکر نشانہ بنایا گیا، حالانکہ فلسطینی مزاحمت کار بین الاقوامی طور پر ایک مسلمہ تحریک ہیں، جو علیٰحدگی پسند یا باغی نہیں ہے۔ "گلف سنٹر فار سٹریٹیجک سٹڈیز" نے بھی اس شرمناک دھوکہ بازی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"یہ شرمناک دوہرا معیار اس وقت سامنے آیا جب یہ ثابت ہو گیا کہ ورلڈ کونسل آف چرچز جنوبی سوڈان کی علیٰحدگی پسند تحریک کو عطیات اور گرانٹس کے ذریعے ماضی میں بھی مدد دیتی رہی ہے اور اب بھی دے رہی ہے۔ یہ گرانٹس لاکھوں ڈالرز تک پہنچ چکی ہیں۔"(۶۴)

کیرن فان ہپل لکھتی ہے:

"یہ صرف انتہاپسند اسلامی گروپوں تک محدود نہیں کہ وہ اثر ورسوخ بڑھانے کے لئے یہ طریقہ استعمال کرتے ہیں، امریکہ میں بنیاد پرست تنظیمیں بھی مختلف تنازعات میں کبھی ایک فریق کی مدد کرتی ہیں اور کبھی دوسرے کی مددگار بن جاتی ہیں۔ ان کا اصل مقصد عیسائیت کی حمایت کرنا ہوتا ہے، اس سلسلے میں سوڈان کا کیس اظہر من الشمس ہے(۶۵)۔

اس صورتحال کے پیشِ نظر "قرضوں کی جنگ" کے مصنفین کی بات درست ہے۔ کہتے ہیں:

"امریکہ میں انڈیپنڈینٹ پریس نام کی کوئی چیز نہیں، ہم میں سے کوئی اپنی دیانت دارانہ رائے کا اظہار نہیں کر سکتا، اگر کرے گا تو وہ شائع نہیں ہو گی۔ مجھے ہر ہفتے ۱۵۰ ڈالر اس لئے ملتے ہیں کہ میں اپنے اخبار میں اپنی دیانتدارانہ رائے کا اظہار نہ کروں۔ آپ سب کا یہی حال ہے، اگر میں اپنے پرچے میں اس کی اجازت دے دوں تو ۲۴ گھنٹوں سے پہلے میری جاب ختم ہو جائے گی۔ ایسا بے وقوف آدمی بہت جلد سڑکوں پر نیا کام تلاش کرتا ہوا نظر آئے گا۔ نیویارک کے جرنلسٹ کا فرض ہے کہ جھوٹ بولے، خبروں کو مسخ

کرے، بدزبانی کرے، قارونوں کی چاپلوسی کرے اوراپنی قوم اور ملک کو روٹی کی خاطر بیچ دے اور غلام بن کر رہے۔ ہم پس پردہ رہنے والے امراء کے غلام ہیں، ہم کٹھ پتلیاں ہیں، وہ تار کھینچتے ہیں اور ہم ناچتے ہیں، ہماراوقت، ہماراہنر، ہماری زندگی اور ہماری اہلیت ان لوگوں کی پراپرٹی ہے، ہم ذہنی طوائفیں ہیں۔"(۲۶)

یہ ذہنی طوائفیں آخر حق، سچائی اور انسانی حقوق کی آواز کیسے بلند کر سکتی ہیں ؟۔یہ دولت، شہرت، خوشامد اور تعصب واسلام دشمنی کے غلام، انسانیت کی خیر خواہی کا فریضہ کیونکر ادا کرسکتے ہیں ؟ان کو تو مغرب کی اندھی تقلید اور نقالی، تعصب اور متکبرانہ رویے، فاخرانہ سوچ، نسلی برتری اور تاریخ وثقافت کو اپنی میڈیا کے ذریعے پیش کرنا ہے خواہ اس سے انسانیت کی تذلیل ہو، ان کے حقوق کا گلا گھونٹا جائے، شرم وحیا کے مارے منہ چھپانا پڑے، آزادی اور کلچر وثقافت کے نام پر پیغمبروں کی توہین ہو، عورت کو سربازار ننگا ہونا پڑے، قعر مذلت میں زندہ درگور ہو یا اس کی نسوانیت ابن آدم کے پاوں تلے روندا جائے، ہوس زر اور ہوس شہوت کے لئے نام نہاد حقوق نسواں وآزادئ نسواں کے نام پر پہاڑوں تلے زندہ درگور کیا جارہا ہے۔ عصر حاضر میں مغربی میڈیا نے اپنے معاشرے کو کچلنے کے بعد مشرقی معاشرے کا رخ کرکے تلاطم خیزی پیدا کر دی ہے۔

جان ایل اسپازیٹو نے صحیح کہا تھا کہ جس آزادئ نسواں و حقوق نسواں کی تحریک نے ہمارے لئے مسائل پیدا کئے تھے، لاکھوں خاندان اجڑ گئے اور لاکھوں بچے مادری اور پدری شفقت سے محروم ہوگئے تھے، آج مشرق پر حملہ آور ہے اور بیجنگ کانفرنس کا مدعا بھی یہی تھا کہ کم سن بچی کو جنسی بے راہ روی کا گُر بتا کر مشرق کو بھی ایڈز زدہ اور تباہ کر دیا جائے۔

پروفیسر کارل ارنسٹ(Carl Ernst) نے اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ عہد حاضر میں مسلمانوں کے متعلق صرف اور صرف منفی تاثرات کو ذرائع ابلاغ کے ذریعے مسلسل نشر کیا جارہا ہے، پروپیگنڈے کی طاقت کا یہ عالم ہے کہ پوری کی پوری مسلم تہذیب کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنے پر کوئی بھی معترض نہیں ہوتا۔ حالانکہ کیا یہ ممکن ہے کہ کوئی ایسی تہذیب جو ایک ہزار برس سے زیادہ کی مدت تک دنیا کے تقریباً نصف حصے میں پھلتی پھولتی رہی ہو، پوری کی پوری منفی عوامل پر مبنی ہو؟۔۔۔ مسلمان معاشروں پر عورتوں کو مناسب مقام نہ دینے کا الزام ہے، لیکن مغربی ٹیکنالوجی کے شاہکار انٹرنیٹ پر

موجود پورنوگرافی (عریاں تصاویر فلم)، لاکھوں ویب سائٹس اور مغرب میں ٹیلی ویژن، اخبارات اور اشتہارات کے ذریعے عورت کو ایک جنسی کھلونے کی حیثیت سے پیش کرنا کیا عورت کے احترام پر مبنی عمل ہے؟(۶۷)

لیکن قدرت کی شان دیکھئے کہ وہ مغربی اور یورپی دنیا جس نے عورت، اس کی آزادی اور حقوق کے نام نہاد دعوؤں کے ساتھ یہ پروپیگنڈا کہ اسلام سب سے بدتر مقام عورت کو دیتا ہے، آج مسلمان ہونے والے مغربی اور یورپیز میں دو تہائی عورتیں ہیں اور ایک تہائی مرد(۶۸)۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مغربی تعلیم یافتہ عورت اپنے حقوق کو اسلام میں محفوظ سمجھتی ہے۔ یہ محض تصور نہیں ایک حقیقت ہے۔

مغرب میں عورت کو جتنی بھی آزادی حاصل ہوئی، تاریخی اعتبار سے وہ کل کی بات ہے۔ ۱۸۷۰ء تک انگریزی عورتوں کو جائیداد کی ملکیت کا حق حاصل نہ تھا، جب کہ مسلمان عورت کو شریعت اسلامیہ کی رو سے یہ حق ساتویں صدی سے حاصل رہا ہے۔ ۱۷۱۶ء میں جب لیڈی میری وار ٹلی مانٹیگ (۶۹) نے برطانوی سفیر کی بیوی کی حیثیت سے اپنے شوہر کے ساتھ قسطنطنیہ کا سفر کیا تو یہ دیکھ کر حیران ہو گئی کہ عثمانی امراء کی بیگمات بڑی بڑی جاگیروں کی مالک تھیں اور اپنی جائیداد کی دیکھ بھال تنہا کسی مرد کی معاونت کے بغیر کر سکتی تھیں، انہیں تو یہ بھی محسوس ہوا کہ مسلمان عورتوں کے نقاب نے عورتوں کو مردوں کی چبھنے والی نگاہوں سے محفوظ کر کے ایک نوع کی آزادی کا احساس دے رکھا ہے"(۷۰)۔

ارنسٹ امریکی معاشرے کو دعوت فکر دیتے ہوئے لکھتا ہے:

> "آج ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ خود بالغ نظری سے ذرائع ابلاغ کو تربیت دے۔۔۔ یورپ اور امریکہ کی عوام اپنی رائے کی بنیاد زیادہ تر ذرائع ابلاغ کے وسائل پر ہی رکھتی ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ اسلام کے بارے میں مسلسل ایک منفی تاثر قبول کئے جاتی ہے، اب وقت آگیا ہے کہ اس سے آگے بڑھ کر مسلمانوں کو انسان سمجھنے کا عمل شروع کیا جائے اور تاریخی، معاشرتی، معاشی اور سیاسی تناظر کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے کردار و اعمال کا تجزیہ کر کے انہیں سمجھنے کی کوشش کی جائے۔"(۷۱)

فاضل مصنف نے بہت ہی منصفانہ فکر کی دعوت دی ہے لیکن ایسے ہاتھوں، اداروں اور ایجنسیوں کا کیا کیا جائے جو یہ سارا دھندہ محض اس لئے کرتی ہیں کہ معاشرتی اقدار اور اخلاق پامال کر کے

اس کی کوکھ سے سرمایہ زربر آمد کریں۔ وہ یہود جنھوں نے مال کے معاملے میں خدا کو بھی معاف نہیں کیا۔ ﴿إِنَّ ٱللَّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَآءُ﴾ (۷۲) کہہ کر اللہ کی ناقدری وبے ادبی کی، دنیا کے انسانوں کو کیسے معاف کر سکتے ہیں؟ میڈیا کا غالب اختیار ان کے پاس ہے۔

مغربی میڈیا کا ابتداوارتقاءاور رویہ

۱۹۰۷ء میں امریکہ کے یہودی سرمایہ کاروں نے "یونائیٹڈ پریس" کے نام سے ایک نیوز ایجنسی کی بنیاد ڈالی، اس کے دو سال بعد ۱۹۰۹ء میں "انٹر نیشنل نیوز سروس" کے نام سے کمپنی قائم ہوئی، جس نے بعد میں ایسے عالم گیر اشاعتی ادارے کی حیثیت اختیار کی، جس کی شاخیں دنیا بھر میں پھیل گئیں۔ یہ دونوں ایجنسیاں سوفیصد یہودیوں کی تھیں، پھر ۱۹۵۸ء میں "یونائیٹڈ پریس" اور انٹر نیشنل نیوز سروس" آپس میں ضم ہو گئیں اور "نیویارک ٹائمز" کی ملکیت میں آگئیں جو ایک یہودی کے ماتحت ہے۔ ۱۹۸۴ء میں ان کو "میڈیا نیوز کارپوریشن" میں ضم کر دیا گیا، اس میں سے دو ہزار دو سو چھیالیس خریدار (اخبارات، ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشن) امریکہ سے باہر کے ہیں۔ اس مرکزی خبر رساں ایجنسی کے ماتحت ۳۰ خبر رساں ایجنسیاں پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں (۷۳)۔

صرف "یونائیٹڈ پریس انٹر نیشنل" سے امریکہ میں ۱۱۳۴ اخبارات وپبلشنگ ادارے اور ۳۶۹۹ ریڈیو سٹیشن وابستہ ہیں۔ پوری دنیا میں اس ایجنسی کے ۱۷۷ مراکز ہیں، صرف امریکہ میں اس کے ۹۶ دفاتر ہیں، روزانہ ۱۸ ملین الفاظ پر مشتمل مضامین اور خبریں خریداروں کو بھیجی جاتی ہیں جب کہ روزانہ ۸۲ تصاویر بھیجنے کی اوسط ہے (۷۴)۔

مغربی میڈیا کی تکون جو دنیا بھر میں خبریں فراہم کرتا ہے، قومی بھی ہے اور بین الاقوامی بھی۔ ان کا تعلق مغربی ممالک سے ہے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس (AAP) کا تعلق امریکہ سے ہے، اژانس فرانس پریس (AFP) کا تعلق فرانس اور رائٹرز (Reuters) کا تعلق برطانیہ سے ہے۔ ایجنسیوں کا یہ تکون ہمہ وقت اسلام کو نقصان پہنچانے کے لئے کوشاں رہتا ہے (۷۵)۔

برطانوی صحافی ریڈلے کہتی ہے:

> "مسلمانوں کے حوالے سے مغربی میڈیا کا رویہ منصفانہ نہیں، اس کی بنیادی وجہ غلط فہمی پر مبنی ایک راسخ فکر، مسخ شدہ معلومات اور لاعلمی کے ساتھ ساتھ سیاسی مقاصد کے حصول

کے لئے اسلام کو بدنام کرنے کی ایک سوچی سمجھی کوشش بھی ہے۔"(۷۶)

اس کی ایک مثال ۲۱/ستمبر ۲۰۰۶ء کو بعض اخبارات کی وہ خبر تھی جس میں خانہ کعبہ کی ایک تصویر شائع کر کے نیچے یہ کیپشن دیا گیا تھا:

"یہ تصویر خانہ کعبہ کی ہے جہاں حاجی طواف کر رہے ہیں، واضح رہے کہ سعودی حکام اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ یہاں خواتین کی نماز ادا کرنے پر پابندی لگادی جائے۔"(۷۷)

یہ تصویر اور اس کا کیپشن امریکی خبر رساں ادارے AAP نے جاری کیا تھا، حالانکہ حقیقت میں ایسی کوئی بات زیر غور نہیں تھی۔ اور سعودی حکومت بیت اللہ میں ایک ایسے کام کو کیسے روک سکتی ہے جس میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے نص موجود ہو۔ مسلمانوں میں غلط فہمیاں پھیلانا، ان کے خلاف ریشہ دوانیاں مغربی میڈیا کے اہل کاروں کا پیدائشی حق ہے، مشہور امریکی نیوز چینل CNN کے ایڈیٹر کا کہنا ہے:

"جب ناظرین ٹی وی اسکرین کے ایک کونے میں "Live" (براہ راست) لکھا ہوا دیکھتے ہیں تو وہ تھوڑی دیر کے لئے چینل بدلنا روک دیتے ہیں اور غور سے ہمارے چینل پر پیش کی جانے والی رپورٹ دیکھنے لگتے ہیں قبل اس کے کہ ان میں سستی دَر آئے، ہم دوسری براہِ راست رپورٹ پیش کرنا شروع کر دیتے ہیں"۔ ٹی وی چینلوں کے اس عمل سے ٹی وی دیکھنے والا شخص 'ان کے سحر میں گرفتار ہو جاتا ہے اور ان کی جانب سے پیش کردہ بات کو تدریجاً قبول کرنے لگتا ہے(۷۸)۔

۹/۱۱ کی خودساختہ امریکی سازش کے حوالے سے ایک امریکی یونیورسٹی کے ممتاز پروفیسروں نے بہت ہی تحقیق پر مبنی کالم شائع کیے تھے کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی عمارتیں صرف جہازوں کے ٹکرانے سے مکمل طور پر تباہ نہیں ہو سکتیں بلکہ ایسا صرف اس صورت میں ممکن ہے جب انہیں اندرونی دھماکوں سے گرایا گیا ہو۔"(۷۹)

مبالغہ آمیزی اور اثرات

مغربی میڈیا کی زبردست پروپیگنڈا وار عالم اسلام کے خلاف جاری ہے، تاکہ مشرق وسطیٰ پر کنٹرول حاصل ہو جائے اور اسرائیل کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ عربوں کے تیل پر قبضے میں آجائیں۔ یہ

۷۰ ممتاز سائنس دانوں اور اعلیٰ پروفیسروں کے تحقیقی ویب سائٹ کا نچوڑ ہے(۸۰)۔

لیکن افسوس! کہ آج کے دور میں تحقیق نہیں پنپتی اور نہ ہی ایسے تحقیق کار سکالروں کی ضرورت ہے جو قوموں کی راہنمائی کرے۔ اس تحقیق کے نتیجے میں بعض کو جبری رخصت پر گھر بھیج دیا گیا کیونکہ ان کی ریسرچ کو غلط ثابت نہیں کیا جاسکا۔

ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے خود ساختہ واقعہ میں پونے تین ہزار ہلاک شدگان کا تذکرہ تو بھرپور انداز سے ہر وقت اور ہر سال تازہ کیا جاتا ہے لیکن امریکہ اور برطانیہ کے خیالی ایٹمی ہتھیار کے بہانہ پر عراق پر دس سال اقتصادی پابندی لگا کر دس لاکھ عراقی مسلمان دوا اور غذائی قلت کی وجہ سے موت کا نوالہ بن گئے جن میں پانچ لاکھ بچے شامل تھے۔ لیکن مغربی میڈیا پر ان کے ضیاع اور ہلاکت کا تذکرہ کرنا شائد مناسب نہیں(۸۱)۔

"ہالی ووڈ" تمام دنیا میں امریکی ثقافت اور کلچر کو بڑے زور وشور سے پھیلانے رہے ہیں، پوری دنیا کی نوجوان نسل اس بے ہودہ امریکی ثقافتی سیلاب کی زد میں ہیں۔ لباس، زبان اور رنگ ڈھنگ تک دنیا نے امریکی اختیار کرنا شروع کر دیا ہے، دوسری دنیا کے مقابلے میں اسلامی دنیا اور خاص کر عرب اپنی قومی اور دینی اور تہذیبی لباس تک کو بھول گئے، اسلئے کہ امریکی فلم نگری کے ساتھ ساتھ ہندو فلم نگری اس کو "دہشت گردی" کی علامت کے طور پر دکھلا رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو کہیں کہیں بزرگوں کی شکل میں پوری عرب ریاستوں (اردن، شام، فلسطین، مصر، لیبیا وغیرہ) میں یہ قومی لباس یاد تازہ رکھنے کے لئے نظر آئے گا(۸۲)۔

مغربی مصنفین؛ پیٹر گیلیز۔۱۹۸۹ء، پامیلا شو میکر اور سٹیفن ڈی ریز ۱۹۹۶ء وغیرہ کے تحقیقات سے ثابت ہے کہ آزاد ذرائع ابلاغ نام کی کوئی چیز مغربی دنیا میں نہیں ہے، جبکہ دوسری طرف آزادی اظہار کا ڈھنڈورا پیٹتے رہتے ہیں(۸۳)۔

اور یہی چیز عراق پر امریکی و برطانوی حملے کے دِنوں میں کھل کر سامنے آئی کہ ہر خبر CIA اور پینٹا گان سے کلئیر ہوئے بغیر نہیں جاسکتی تھی اور جس نے اظہار کیا اس کو معذرت کروانا پڑی اور پیٹر ارنسٹ جیسے نمائندوں کو واپس بلانا پڑا اور بعض کو برطرف بھی کر دیا گیا(۸۴)۔

پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کے باوجود لوگ کیوں یہ سب کچھ مغربی نقطۂ نگاہ سے قبول کر رہے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ دنیا پر مغربی میڈیا کی اجارہ داری ہے اور اتنے کثرت اور تسلسل کے ساتھ وہ اپنا پروپیگنڈا کر رہی ہے کہ شعوری اور لاشعوری طور پر ان کے رنگ میں ایک ارب سے زائد تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ انسان رنگتے چلے جاتے ہیں، کم وبیش ہر ملک میں امریکی ہفت روزہ "ٹائمز" کے ہزاروں نمائندہ موجود ہیں جس کی اشاعت ۵۰ لاکھ اور قارئین ۳ کروڑ سے متجاوز ہیں، یونائیٹڈ پریس ۴۸ زبانوں میں خبریں جاری کرتا ہے۔ "رائٹر" کم وبیش دس ہزار اخبارات کو روزانہ خبریں فراہم کرتا ہے، برطانوی جریدے اکانومسٹ کے خریدار ۸ لاکھ ۴۵ ہزار سے متجاوز ہیں، نیوز ویک کی اشاعت ۳۲ لاکھ اور ۱۲ ایڈیشن نکلتے ہیں۔ وائس آف امریکہ سننے والوں کی تعداد ۹ کروڑ سے متجاوز ہے اور ۵۲ زبانوں میں نشر کی جاتی ہے۔ BBC کی نشریات سننے اور دیکھنے والے بلاشک وشبہ کروڑوں میں ہیں، وال سٹریٹ جرنل کی روزانہ اشاعت ۱۸ لاکھ ہے۔ ریڈرز ڈائجسٹ ۱۶ زبانوں میں شائع ہوتا ہے[۸۵]۔

اس کے مقابلے میں تیسری دنیا کے اخبارات کی آواز کون سنتا ہے؟ مغربی دنیا کی میڈیا کی سحر انگیزی، خوبصورت سفید جھوٹ اور دھونس دھاندلی کے اثرات سے بچنا ممکن نہیں۔

۱) امریکی ذرائع ابلاغ نے آپریشن صومالیہ کے ۱۰۰ سے زائد افراد کے صومالیوں کے ہاتھوں ہلاک ہونے والوں کا ۲۰ ماہ تک شدید پروپیگنڈا کرتے رہے، لیکن ہلاک اور زخمی ہونے والے ان ۱۳ ہزار صومالیوں کا کبھی بھی ذکر نہ آیا جنہیں اقوام متحدہ کی افواج نے "امن" قائم رکھنے کے لئے صفحۂ ہستی سے مٹادیا۔ فرح عدید 'صومالیہ کا ہر دلعزیز لیڈر رہاہے، اس کو جنگجو، وحشی، خون کا پیاسا سردار قرار دیا گیا۔ جب کئی لاکھ افراد نے موغادیشو میں اس کا استقبال کیا تو اس کا کہیں چرچا نہ ہوا۔

۲) صدر صدام حسین نے کویت پر حملہ کیا تو اس کے خلاف ۲۸ ممالک کی فوج تیار کی گئی اور جب اقوام متحدہ کی مختلف پابندیوں کے باعث ۵ لاکھ عراقی بچے فاقہ کشی کی نوبت کو پہنچے تو کسی نے ان کی حالت زار کی طرف توجہ نہ دی۔

۳) کویت کی آزادی کے لئے امریکہ نے اہم کردار ادا کیا لیکن بوسنیا کے مظلوموں کو سربیا کی ظالمانہ کارروائیوں سے بچانے کے لئے کچھ نہ کیا گیا اور اسے خانہ جنگی قرار دیا گیا۔

۴) مصر کے صدر اور وزیر اعظم کو "انتہاپسندوں" کی طرف سے جارحانہ اقدامات کی دھمکیاں ملیں تو عالمی پریس نے بڑھ چڑھ کر اس کو شائع کیا لیکن جب حسنی مبارک کی حکومت نے جیلوں کو بے گناہ

نوجوانوں سے بھر دیا اور ہزاروں شہریوں کو بغیر مقدمہ چلائے حوالہ زنداں کیا اور ۱۰۰ کے قریب افراد کو مقدمہ چلائے اور جرم ثابت کئے اور اپیل کا حق دیے بغیر خصوصی سماعت کی عدالتوں کے ذریعے پھانسی کی سزا دی گئی تو عالمی پریس میں سے کسی نے ان کے حق میں آواز بلند نہ کی۔

۵) جب گوجرانوالہ کے ۱۲ سالہ "سلامت مسیح" کو گستاخیِ رسول ﷺ آرڈیننس کے تحت گرفتار کیا گیا تو انسانی حقوق کی اس "خوفناک" خلاف ورزی پر عالمی پریس نے پاکستان کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں مگر افغانستان کے قلعہ جنگی میں بمباری اور زیر حراست افغانوں کے قتل عام پر کسی کی آنکھ پر نم نہ ہوئی۔

۶) بوسنیا کا نائب وزیر اعظم بر سرِ عام قتل کر دیا جاتا ہے یا پھر ایک یہودی فلسطین کی مسجد ابراہیم میں ۷۰ افراد کو اپنی گولیوں سے بھون کر رکھ دیتا ہے تو اسے ایک فرد کا ذاتی فعل قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں تاجکستان، الجزائر اور تیونس میں اختلاف رائے رکھنے والے لوگوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ دیے جاتے ہیں تو اسے "ضروری کارروائی" قرار دیا جاتا ہے۔

۷) لیبیا کے دو باشندے امریکہ کا طیارہ لا کر شہر میں تباہ کر دیتے ہیں تو پورا ملک اسکی سزا بھگتتا ہے اور اس کا عالمی پیمانے پر حقہ پانی بند کر دیا جاتا ہے۔ اقوام عالم کو لیبیا کے ساتھ تجارت نہ کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور کروڑوں ڈالروں کے اثاثے ضبط کر لیے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس امریکہ ایرانی طیارہ مار گراتا ہے جس میں ۱۵۰ افراد ہلاک ہوتے ہیں تو اس پر نہ شور بلند ہوتا ہے نہ واویلا مچتا ہے، نہ معاوضے کا مطالبہ ہوتا ہے، نہ امریکہ پر پابندیاں لگانے کی آوازیں بلند ہوتی ہیں۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ ذرائع ابلاغ کو امریکی مفادات کے لئے استعمال کر رہے رہیں۔

۸) آئرش ری پبلکن آرمی اور آئرلینڈ کی برطانیہ سے آزادی کے علم بردار گروہ پُر تشدد کارروائیوں پر عرصہ دراز سے گامزن ہیں۔ صورتحال قابو سے باہر ہونے لگی تو اس وقت برطانوی وزیر اعظم جان میجر نے اعلان کر دیا کہ اگر آئرش صوبے کے لوگ ریفرنڈم کے ذریعے الگ ہونا چاہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہو گا۔ اس کے برعکس مقبوضہ کشمیر کے عوام نے ۸۵ ہزار افراد قربان کرا دیے ہیں، اربوں روپے کی فصلیں، فیکٹریاں، کاروبار اور املاک کو بھارتی فوجیوں نے ملیامیٹ کر دیا ہے، ہزاروں عورتوں کی فی الواقع عصمت دری ہو چکی ہے، پوری قوم بھارت کے پنجہ استبداد سے آزادی کے لئے یک جان ہو چکی ہے لیکن عالمی ذرائع ابلاغ مجاہدین آزادی کو "مٹھی بھر شر پسند عناصر" انتہا پسند اور فرقہ پرست قرار دے کر ساری جدوجہد آزادی کو سبوتاژ کر دیتے ہیں۔ اس دورنگی کے ذمہ دار وہ یہودی عناصر اور

ایجنسیاں ہیں جو ان عالمی رسائل و جرائد کے مالک اور پشت پناہ ہیں اور تمام فیصلے اپنی مرضی کے مطابق کرانا چاہتے ہیں۔

مغربی ممالک کے ذرائع ابلاغ عالم اسلام کے بنیادی عقائد اور اسلامی اقدار کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کر رہا ہے،اس کی شر انگیزیاں اس حد تک پہنچ گئی ہیں کہ نبی آخر الزمان ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر بھی رکیک حملے رہے ہیں جس سے پوری امت کی دل آزاری ہوئی اور مسلسل ہو رہی ہے۔

علاوہ ازیں الیکٹرانک اور سوشل میڈیا نے اخلاقی اور روحانی تباہی مچا رکھی ہے اور یہ گلوبلائزیشن کا سب سے بڑا آلۂ کار نظر آتے ہیں،انٹرنیٹ ،جنسیت اور فحش کاری کو سب سے زیادہ فروغ دینے والا ہے جو انسانیت کو گڑھے میں دفن کرنے والی بیماریاں ہیں جسے اللہ نے مؤمن معاشرے میں پھیلانا حرام قرار دیا ہے اور پھیلانے والے کے لئے بڑا عذاب رکھا ہے ارشاد باری تعالی ہے:

﴿إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ ٱلۡفَٰحِشَةُ فِي ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ فِي ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ وَأَنتُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ﴾ (٨٢)

لیکن مغربی ترقی کے اس سحر انگیز مہلک ہتھیار کے وار سے کمپیوٹر کے سکرین پر بیٹھ کر، صرف ایک کلک (بٹن دبانے) سے انسان فحاشی و عریانی اور تخریب اخلاق کے تالاب میں "جہالت اور شرم وحیا" کے ساری حدود پار کر کے داخل ہو جاتا ہے۔ انٹرنیٹ کی اس بے ہودہ دنیا میں لاکھوں ویب سائٹس ہیں، جہاں سے ایک انسان دنیا کے کسی بھی کونے میں فحش تصویریں، جنسی ہیجان برپا کرنے والی فلمیں اور اس قسم کی ہر طرح کی مفت تباہی والے مناظر بآسانی دیکھ سکتا ہے۔ یہ جنسیت زدہ اور فحش کلچر انسانیت کے لئے تباہی ہے جس کے بارے میں ایک روسی سکالر نے لکھا ہے:

> " مغربی عورتیں اپنے جسم دکھاتے ،لباسوں اور عریاں پنڈلیوں کے ذریعے مردوں کی قبریں کھودتی ہیں، ذرا دیکھئے بظاہر ایک بھلی سی لڑکی ہیجان انگیز وضع قطع کے ساتھ اپنی ایک دوست کی خوشی کے لئے گھر سے خراماں خراماں نکلتی ہے لیکن اپنے جلووں سے راستے بھر میں ایک درجن سے زیادہ مردوں کو (بلاوجہ) ذہنی اور صنفی اذیت میں مبتلا کرتی چلی جاتی ہے۔ یوں عریانی اور برہنگی کے یہ کھلے ہتھیار بڑے پیمانے پر تباہی

پھیلانے Mass Destruction کا کام کر جاتے ہیں۔ اس طرح یہ سارا عمل مغربی تہذیب کو ایک مضمحل معاشرے کے سپرد کر دیتا ہے"(۸۷)۔

موج مستیوں کے ٹی وِی ڈرامے اور فلمیں اور آلاتِ موسیقی اور شراب و کباب کے رنگین جوان کڑکوں اور لڑکیوں کے مخلوط حافل تباہی انسانیت کے اسباب ہیں، جس کے بارے آپ ﷺ نے فرمایاہے :

"جب گانے والی عورتیں، آلات موسیقی اور شراب کا عام رِواج ہو جائے تو تم اس وقت ایک سرخ آندھی کا، زلزلہ کا، زمین میں دھنسنے کا، صورتیں مسخ ہونے کا اور قیامت کی نشانیوں کا جو یکے بعد دیگرے اس طرح آئیں گی جیسے کسی ہار کی لڑی ٹوٹ جانے سے موتی بکھر جاتے ہیں' انتظار کرو۔" (۸۸)

مغربی ممالک میں بھی یہ حقیقت تسلیم کی جانے لگی ہے کہ عصمت دری کے جراثیم کا بے حجابی اور بے لباسی سے گہرا تعلق ہے، سویڈن کی ایک ۱۸ سالہ لڑکی "روسا" نے اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر پر اپنے ساتھ زیادتی کا الزام لگایا، تو سویڈن کی عدالتِ عظمیٰ نے یہ فیصلہ دیا کہ:

"جین پہننے والی لڑکی کسی شخص پر زیادتی کا الزام نہیں لگا سکتی کیونکہ ایسا اس کی مرضی کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا۔"(۸۹)

گویا "جین" جیسا بے حجاب لباس عمل کی زبان ہے(۹۰)۔

ہندوستانی میڈیا نے تو عریانی، فحاشی، اور جنسیت اور اخلاقی تباہی میں دنیا کو مات دی ہے، کیونکہ اس کو مذہبی اور ثقافتی تقدس ہندوستان میں حاصل ہو چکا ہیں۔ مغربی میڈیا کے مصنف لکھتے ہیں:

"آج سے ایک ہزار سال قبل ہندوستان میں "کام شاستر" کا مطالعہ نابالغ اسکولی بچوں کو سنِ بلوغت میں پہنچانے کا ایک ذریعہ تسلیم کیا جاتا تھا کام شاستر کا ایک درس یہ بھی ہے کہ دوسرے کی بیویوں کو کیسے رجھایا جا سکتا ہے غیر فطری جنسی حرکتوں، ہم جنسی اور جسم فروشی کی ایسی ترکیبیں اس کتاب میں موجود ہیں کہ موجودہ دور کے تمام تر بسیوائی ادب شرم سے پانی پانی ہو جائیں گے(۹۱)۔

یہی وجہ ہے کہ آج ہندوستانی میڈیا نے فحش، عریاں، ننگے اور جنسی مناظر کو کمائی کا ذریعہ بنایا ہے اور آس پاس کے ممالک، سب کو ہندوستانی جنسیت اور فحش زدہ میڈیا اور کلچر نے تباہی کی طرف گامزن کر دیا ہے۔

فحش ٹی وی سیریز اور جنسی اختلاط پر مبنی فلموں کو ٹی وی پر دکھانے کا دفاع کرتے ہوئے "جین" ٹی وی کے مالک (ڈاکٹر جے کے جین) کہا "ہم سیکس سے لطف اندوز ہونے والی فلمیں دکھاتے ہیں، آخر اس میں کیا غلط ہے؟ اس طرح کی ننگی تصویریں دیکھ کر لوگ تھک جائیں گے، تو زنا بالجبر کے واقعات خود بخود کم ہو جائیں گے[۹۲]۔

اس قسم کے بیہودہ، شرم سے پانی پانی کرنے والے "سوتر نامی" کنڈوم کے اشتہارات اخبارات کی زینت بنتے رہتے ہیں، ساحل سمندر پہ جوڑا دکھایا گیا ہے وہ پلے بوائے (Play boy) امریکہ کا فحش ترین رسالہ اور لیس میکر جیسے فحش رسائل کے مضامین و تصاویر کو بھی شرمندہ کر کے رکھ دیتے ہیں۔ یہ فحش رسائل، ادب، ٹی وی اور فلم نہ صرف ہندوستانی بلکہ دنیا کے لئے فحاشی، جنسی انارکی کا ایک تحفہ ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱) اجمل ملک، صحافت صوبہ سرحد میں، قومی پبلشرز لاہور، ۱۹۸۰ء، ص:۱۹

۲) http://users7.jabry.com/salafi/articles/printmedia.html

۳) سید محمد عابد http://www.urduweb.org/mehfil/threads

۴) سورۃ البقرہ:۲۵۷

۵) سورۃ النساء:۸۷

۶) سورۃ النساء:۱۲۲

۷) ترمذی، محمد بن عیسی، جامع ترمذی، ابواب العلم، دار السلام للنشر والتوزیع، الریاض، ۱۹۹۹، حدیث:۲۶۵۶

۸) محمد بن فتوح الحمیدی، الجمع بین الصحیحین، باب افراد مسلم، نشر دار ابن حزم، لبنان، ۲۰۰۲ء

۹) سورۃ النساء:۱۳۵

۱۱) سورۃ البقرہ:۱۴۰

۱۲) سورۃ البقرہ:۲۸۳

۱۴) ماہنامہ بیداری، ص:۶، ج:۷، شمارہ:۸۳، مارچ ۲۰۰۱ء، حیدرآباد

۱۵) سورۃ الحجرات:۶

۱۶) ترجمہ قرآن مجید مع مختصر حواشی:۹۷۱

۱۷) سورۃ القلم:۱

۱۸) سورۃ العلق:۴

۱۹) سورۃ القلم:۱

۲۰) الازھری، محمد کرم شاہ، پیر، ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلیکیشن، لاہور، ۱۴۱۸ھ، ج:۵، ص:۳۲۹

۲۱) http://users7.jabry.com/salafi/articles/printmedia.html

۲۳) سورۃ البینہ:۲

۲۴) سورۃ البقرہ:۲۰۸

۲۵) اسلامی صحافت، ص:۴۱

۲۶) ابوداؤد، سلیمان بن اشعث السجستانی، السنن، کتاب الملاحم، دار السلام الریاض، ۱۹۹۹، حدیث:۴۳۴۴

۲۹) ماہنامہ بیداری، ص:۷

۳۰) اسلامی صحافت، ص:۴۷،۴۸

۳۱) سورۃ الاحزاب:۷۰

۳۲) سورۃ النساء:۸

۳۳) سورۃ النساء:۶۳

۳۴) سورۃ النحل:۱۲۵

۳۵) سورۃ طٰہٰ:۴۴

۳۶) سورۃ الانعام:۱۰۸

۳۷) بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الایمان، دار الفکر، بیروت، ۲۰۰۰، حدیث:۱۱

۳۹) تحریر، سید محمد عابد، http://www.urduweb.org/mehfil/threads

۴۰) علی معین نوازش، دورنو، روزنامہ جنگ، ۲۹ دسمبر ۲۰۱۱ء، ص:۳۔

۴۱) http://www.akhbaroafkar.com/detail.asp?aid=1615

۴۲) سورۃ النور: ۱۹

۴۳) یاسر ندیم، مولانا، گلوبلائزیشن اور اسلام، دار الاشاعت، کراچی، ۲۰۰۴، ص:۲۷۵،۲۷۶

۴۴) لے مونڈ ڈپلومیٹ

۴۵) ترجمان القرآن، ۶۶، جولائی ۲۰۱۰ء، ص:۶۵

۴۶) اقوام متحدہ کے سابق سیکرٹری جنزل ڈاکٹر بطرس غالی

۴۷) ندوی، نذر الحفیظ، مغربی میڈیا اور اس کے اثرات، مجلس نشریات اسلام، کراچی، ۲۰۰۰، ص:۵۸،۵۹

۴۸) ترجمان القرآن

۴۹) ایشیا، ۱۱ تا ۱۷ر مئی ۲۰۰۶ء، ص:۱۷

۵۰) ایم اے سلومی، ڈاکٹر، دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کے معصوم شکار، ترجمہ: محمد یحییٰ خان، نگارشات پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۸ء، ص:۳۶

۵۱) گلوبلائزیشن اور اسلام،، ص:۲۷۱، بحوالہ، یحیی خان یہودی پروٹوکول، باب:۱۲، نگارشات پبلشرز لاہور، ۲۰۰۸ء

۵۲) رپورٹ، ہفت روزہ المجتمع، ۵ر اپریل ۲۰۰۸ء

۵۳) مثلاً ۱۹۵۵ء میں جمال ناصر کے دور میں اخوان المسلمون پر مظالم کی ایک جھلک زینب الغزالی مرحومہ نے یوں کھینچی ہے: "چیخیں، آنسو، آہیں "۱۹۵۵ء میں، مَیں کسی سے مشورہ کئے بغیر خود بخود دعوت اسلامی کی خدمت کے لئے اٹھ کھڑی ہوئی۔ وجہ یہ تھی کہ میرے کان ان یتیموں کی چیخیں سن رہے تھے جن کے باپ جلادوں کی تعذیب برداشت نہ کرتے ہوئے جانیں دے چکے تھے، میری آنکھیں ان بے سہارا خواتین کے اشک دیکھ رہی تھیں جن کے خاوند جیل کی سلاخوں کے اندر مقید تھے، مجھ تک ان بوڑھے والدین کی آہیں پہنچ رہی تھیں جو اپنے جگر گوشوں سے محروم ہو چکے تھے، یہ چیخیں، یہ آنسو، یہ آہیں میرے دل کو ریزہ ریزہ کر رہی تھیں۔ میرے دل نے کہا: اے تہی دامن زینب! ان بھوکوں کی بے کسی اور ان بیچاروں کے زخموں کی مرہم پٹی تم پر عائد ہوتی ہے اس خلش کے بعد میں نے ان لوگوں کو کچھ نہ کچھ مدد دینی شروع کی مگر کیا کرتی، فاقہ زدوں اور برہنہ تنوں کی تعداد روز بروز بڑھتی گئی۔ ادھر ان شہداء کی خبریں مسلسل آرہی تھیں جو سنگدل، ملحد اور درندہ صفت جلادوں کے تازیانوں کی متواتر ضربوں سے جانیں جاں آفرین کے سپرد کرتے جارہے تھے" (زینت الغزالی، ایام من حیاتی . ترجمہ: خلیل احمد حامدی، روداد قفس ۴۷،۴۶، ادارہ معارف اسلامی لاہور، ۲۰۱۱ء)

علاوہ ازیں تاریخ صحابیات زندہ کرنے والی اس خاتون نے اپنے زندان کے شب وروز کے تذکرے میں اپنے اوپر تعذیب کی یہ جھلک بیان کی ہے:

"حمزہ البسیونی نے بپھر کر حکم دیا کہ اس عورت کو پکڑ لو، اسکے ساتھ نرم رویہ بے سود ہے، یہ کہہ کر حمزہ البسیونی چلا گیا اور چند لمحات کے بعد صفوت الروبی چند ساتھیوں کو لے کر آگیا۔ انہوں نے نہایت شقاوتِ قلبی اور سیاہ ضمیری کے ساتھ مجھے زمین پر لٹا دیا اور پھر میرے ہاتھ اور پاؤں میں رسی باندھ دی، مجھے یہ خبر نہ ہو سکی کہ انہوں نے کس طرح یہ رسی باندھی۔ مجھے ایک لکڑی کے ساتھ الٹا ٹانگ دیا۔ ویسے ہی جیسے قصاب جانور ذبح کرنے کے بعد اسے لٹکا دیتا ہے اور مجھ پر چرمی تازیانے برسنے لگے۔ تازیانے بھی وہ لوگ لگا رہے تھے جو اس مجرمانہ کاروائی میں نہایت مہارت رکھتے تھے اور میں ایک مسکین وناتواں عورت الٹی لٹکی ہوئی تازیانے کھا رہی تھی (میں نے اللہ ہو) کا وِرد شروع کر دیا۔ تازیانے لگتے رہے، میں (اللہ ہو) پڑھتی رہی اور اسی وِرد کی تکرار میں مجھ پر بیہوشی طاری ہو گئی۔ پھر کیا ہوا مجھے کوئی علم نہیں۔ جب قدرے ہوش آیا تو میں نے اپنے آپ کو اسی طرح کے اسٹریچر پر پایا جس طرح کے اسٹریچر ہسپتال میں ہوتے ہیں۔ میں بے سکت ہو چکی تھی۔ نہ بول سکتی تھی، البتہ مجھے کچھ کچھ محسوس ہو رہا تھا کہ کیا کچھ ہو رہا ہے۔ مجھے اس حالت میں میری کوٹھڑی میں لے گئے اور جب پوری کوٹھڑی کا دروازہ کھٹکھٹایا، اور التجا کی مجھے کوئی ایسی چیز دی جائے جس سے میں رستے ہوئے خون کو روک سکوں۔ میں نے فرسٹ ایڈ کے لئے ڈاکٹر کی خدمات مانگیں مگر مجھے جواب میں فحش اور غلیظ گالیوں اور لعنت کے فقروں سے نوازا گیا۔ وللہ الحمد علیٰ کلِ حال۔ (بحوالہ روداد قفس مصنف زینب الغزالی، ص:۸۶ تا ۸۷)

مرحومہ کی یہ سرگزشت "روداد قفس" ایک خونچکاں داستان ہے۔

۵۴) مقالہ:ڈاکٹر ثاقب ریاض،عالم اسلام اور مغربی ذرائع ابلاغ،در تخلیقی ادب، ص:۲۹۰، NUML، شمارہ نمبر:۷،H-9 اسلام آباد

۵۵) ترجمان القرآن،دسمبر ۲۰۰۸ء،ص:۴۷

۵۶) فرائیڈے اسپیشل،۳۰جنوری تا۵فروری ۲۰۰۴ء،ص:۱۶،۱۷

۵۷) روزنامہ جنگ،کالم:نصرت مرزا،۱۵اپریل ۲۰۱۱ء

۵۸) مغربی میڈیا اور اس کے اثرات،ص:۱۷۸

۵۹) ترجمان القرآن،نومبر ۲۰۱۰ء،ص:۷۲

۶۰) ہفت روزہ تکبیر،۲۶دسمبر ۱۹۹۶ء

۶۱) جنگ سنڈے میگزین،۸،مئی ۲۰۰۹ء،ص:۳

۶۲) Robert Fisk, "A Strong Kind of Freedom, “The Independent, 9/7/2002

۶۳) Mohammed Abdullah, Al-Rockin" The West has political motives for targeting Islamic Charities, The Daily Star Jul 27, 2002

۶۴) Gulf Affairs , Magazine No.31,2002, & al-Ray al- Aam(Sudan), 7.6.2002

۶۵) دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کے معصوم شکار،ص:۲۹۰،۲۹۱

۶۶) محمد ایوب خان،کرنل(ر)،ڈاکٹر،قرضوں کی جنگ،انجمن خدّام القرآن لاہور،۲۰۰۹ء،ص:۹

ترجمہ: The Money Masters by: Bill Still & Patrick SJ Cormack

۶۷) Carl Ernst, Following Muhammad: Rethinking Islam in the Contemporary World
(ترجمان القرآن،نومبر ۲۰۱۰ء،ص:۷۲بحوالہ

۶۸) ترجمان القرآن،مارچ ۲۰۰۸ء،ص:۴۶

۶۹) لیڈی میری وارٹلی مانٹیگ (۱۶۸۹-۱۷۶۲ Lady Mary worthily Montage) برطانوی طبقہ اشرافیہ کی نمائندہ خاتون ادیب تھی جنہوں نے مسلم شرق کے بارے میں سیکولر انداز سے تبصرہ کیا ہے(ترجمان القرآن،ص:۷۵،نومبر ۲۰۱۰ء)

۷۰) ایضاً،ص:۷۱

۷۱) ایضاً،ص:۷۲

۷۲) سورۃ آل عمران:۱۸۱

۷۳) گلوبلائزیشن اور اسلام،ص:۲۷۳

۷۴) مغربی میڈیا اور اس کے اثرات،ص:۹۹

۷۵) تخلیقی ادب، شمارہ نمبر:۷، ص:۲۸۸،۲۸۹
۷۶) ترجمان القرآن، جولائی ۲۰۰۴ء، ص:۷۹
۷۷) تخلیقی ادب، شمارہ نمبر:۷، ص:۲۸۹
۷۸) مائیکل بگنن مارڈنٹ، امریکا المستبدۃ، الولایات المتحدہ وسیاسۃ السیطرۃ علی العالم، اردو ترجمہ حامد فرزات، ایحاد الکتاب العرب، دمشق، ۲۰۰۱ء، ص:۱۱۲، ۱۲۲
۷۹) ماہنامہ البرہان، دسمبر ۲۰۱۰ء، ص:۴۱
۸۰) Scholars for 9/11 Truth website
۸۱) ماہنامہ البرہان، ص:۴۶
۸۲) گلوبلائزیشن اور اسلام، ص:۳۸۹
۸۳) تخلیقی ادب، ص:۲۸۸
۸۴) ترجمان القرآن، جون ۲۰۰۳ء، ص:۷۲
۸۵) ترجمان القرآن، جون ۲۰۰۳ء، ص:۷۳
۸۶) سورۃ النور:۱۹
۸۷) ترجمان القرآن، جون ۲۰۰۸ء، ص:۷۱
۸۸) ترمذی، حدیث نمبر:۲۲۱۱
۸۹) روزنامہ نوائے وقت ۱۲/ فروری ۱۹۹۸ء
۹۰) خنساء، مریم، مسلمانوں کا فکری اغوا، دار الکتب السلفیہ، لاہور، ۱۴۲۶ھ، ص:۱۷۱
۹۱) مغربی میڈیا کے اثرات، ص:۲۵۵۔۔ماہنامہ، بیدار ڈائجسٹ، نومبر ۱۹۹۸ء
۹۲) ایضاً، ص:۲۳۸

****

اسلامی معیشت اور امداد باہمی کا تصور

Islamic Economy & Concept of Mutual Cooperation

عافیہ مہدی *

ABSTRACT

Islam is the only religion which is complete code of life. The needs of human beings have been felt and addressed properly. In spite of created by only one creator humans are different in their potentials, behavior and attitude.

Owing to this difference, the incomes of people are drastically different from each other. As a result, a few people are rich and well off whereas some are poor- being up to sustenance level. Therefore, people cooperate with each other to eliminate the class differences of social strata. In this perspective, Islam has given an invulnerable perfect socio-economic system. For mutual cooperation, Islam has also addressed the issue and suggested different steps such as madharabah, partnership and tenancy.

